تاریخ ولادت کے مولود پر اثرات

مولانا محمد اول شاہ سنبھلی



سیل پوائنٹ
شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
ناشران و تاجران کتب
اردو بازار، لاہور

وھو الذی جعل لکم النجوم لتھتدوا بھا
فی ظلمٰت البر والبحر

تاریخ ولادت

کے

مولود پر اثرات

ازقلم

محمد اوّل شاہ سنبھلی

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
ناشران و تاجران کتب
اردو بازار لاہور

محمد ابوبکر صدیق و محمد عثمان شیخ نے
ندیم یونس پرنٹرز لاہور سے چھپوا کر
مکتبہ دانیال لاہور سے شائع کی

پیش لفظ

نحمدہ و نستعینہ ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی آلہ اصحابہ العظیم اما بعد

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

ماخلقت ھذا باطل

ہم نے یہ سب کچھ۔ زمین آسمان چاند سورج ستارے سیارے اٹھارہ ہزار عالم بے کار پیدا نہیں کیے۔ انکی تخلیق میں سربستہ راز پنہاں ہیں ان کے رموز کو اہل علم و دانش ہی سمجھ سکتے ہیں مگر کبھی کبھی وہ بھی اپنی بے علمی و نارسائی کا اعتراف کرتے ہیں کہ ان کے رازوں کو اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ مگر دور حاضر کے اندر نجومی بر لب سڑک درخت یا دیوار کے زیر سایہ میلی کچیلی دری پر ایک جنتری چند کتابیں اور کاغذ یا قلم اپنے سامنے رکھے براجمان نظر آتے ہیں انکے گلوں میں رنگ برنگی تسبیحیں آویزاں ہوتی ہیں اور علم نجوم۔ رمل۔ جفر۔ پامسٹری کے پروفیسر کے بورڈ رکھے ہوتے ہیں۔ سادہ لوح دیہاتیوں کو چند ٹکوں کے عوض قسمت کا حال بتاتے ہیں انکے حال و مستقبل پر روشنی ڈالتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ قسمت کی تحریر پڑھتے ہیں علم نجوم کی مدد سے تقدیر کی الجھی سے الجھی ہوئی گتھیاں چشم زدن میں سلجھا لیتے ہیں بے چارے سادہ لوح عوام ان کی چرب زبانی کا آسانی سے شکار ہو جاتے ہیں۔

جب ان نام نہاد نجومیوں کی پیشن گوئیاں غلط ثابت ہوتی ہیں تو وہ علم نجوم کو لغو بے معنی جھوٹا خیال کرنے لگتے ہیں۔

ان بھولے بھالے عوام کی بد ظنی کے علاوہ تعلیم یافتہ طبقہ بھی نجوم کو لغو سمجھتا ہے اس پر بالکل یقین نہیں کرتا۔ اس سائنس کے دور نے انکو روحانیت سے دور کر کے مادیت کے قعر عمیق کی دلدل میں پھینک دیا ہے اور روحانیت کی عظیم قوت سے منحرف کر دیا ہے۔ ان خود ساختہ نجومی رمالی و جفار کو دیکھ کر اسلاف کی ان کاوشوں کو سبوتاژ اور تباہ و برباد ہوتا دیکھ کر خوف آتا ہے۔ کہ ان بھکاریوں نے ان علوم کو اپنا ذریعہ معاش بنا کر عوام کو دھوکا دے رکھا ہے علم نجوم کا ایک عالم کا واقعہ پیش کر رہا ہوں۔ محمود غزنوی کے مصاحبوں میں ایک عالم البیرونی دوسرے علوم کے ساتھ ساتھ علم نجوم کے بھی ماہر تھے بادشاہ محمود غزنوی

نے کہا اے بیرونی تم اپنا زائچہ بھی بناتے ہو۔ تو البیرونی نے کہا جی جناب اپنا زائچہ بھی بناتا ہوں تو محمود نے کہا تم نے آج کا زائچہ بھی بنایا ہے بیرونی نے کہا جی ہاں بنایا ہے تو محمود نے کہا بیرونی کو قلعہ کے فلاں مینار کے نیچے پھینک دو اسپر عمل کیا گیا مگر بیرونی نے اس مینار کے نیچے چار آدمی جال لے کر کھڑے کر دے تھے انکو ہدایت کر دی تھی کہ آج بادشاہ مجھ کو قلعہ کے فلاں مینار سے نیچے گرائے گا اور تم لوگ مجھ کو جال میں لے لینا تاکہ میں محفوظ رہوں تو بیرونی گرنے کے بعد واپس بادشاہ کے پاس آیا اور کہا میں نے اپنے بچنے کا انتظام پہلے ہی کیا ہوا تھا۔ بادشاہ نے کہا اچھا یہ بتاؤ آج ہم دربار سے اٹھ کر کونسے دروازے سے باہر جائیں گے بیرونی نے کہا میں لکھ کر آپ مسند کے نیچے رکھ دونگا مگر آپ نے اسکو دروازے سے نکلنے کے بعد پڑھنا ہوگا بادشاہ نے کہا درست ہے ایسا ہی ہوگا بیرونی نے زائچہ بنا کر پرچے پر لکھا آج بادشاہ نیا دروازہ بنا کر باہر جائیگا۔ یہ پرچہ مسند کے نیچے رکھ دیا۔ بادشاہ نے کہا تم نے لکھ دیا تو بیرونی نے کہا جی جناب لکھ دیا۔ اب آپ جس دروازے سے باہر جانا چاہیں تشریف لے جائیں تو محمود نے کہا اس دیوار کو توڑ کر نیا دروازہ بناؤ میں اس سے باہر جاؤنگا جب محمود باہر نکل گیا تو پرچہ کو کھول کر پڑھا اس پر لکھا تھا آج بادشاہ نیا دروازہ بنا کر اسمیں سے باہر جائے گا۔ یہ علم نجوم کا کمال ہے اس علم کو اگر کوئی کماحقہ جانتا ہوگا تو اس کے جوابات درست ہوتے ہیں ایک فی صد غلطی کا امکان رہتا ہے وہ بھی اس عالم کے سمجھنے کی غلطی ہوگی۔ مگر دور حاضر میں علم نجوم کی حالت قابل رحم ہے اس کی یہ قدر انتہائی عبرت ناک ہے اور اس بے قدری کی ذمہ داری ان جاہل بازاری نجومیوں کی وجہ سے ہے انکی خود غرضی وجہالت نے عوام و خواص کو ان علوم سے بد ظن کر دیا ہے۔

اس خلاق عالم نے ستاروں وسیاروں کی رفتار کو قسمت انسانی سے وابستہ کر دیا ہے اس تعلق اور وابستگی کا نام ہی تقدیر ہے۔ اور انسان اپنی تقدیر کا مطیع ہے۔ مگر یہ غلط فہمی نہیں کرنی چاہیے کہ یہ قدرت سیاروں میں ہے۔ قادر مطلق صرف اور صرف اللہ تعالی ہے۔ یہ اجرام فلکی اسکی قدرت کے تابع فرمان ہیں انکی نقل وحرکت عروج وزوال کسوف خسوف تحت قدرت خداوندی ہے انسان کا ستاروں اور سیاروں سے صرف اتنا واسطہ ہے کہ اس کی سطح پر انکی قدرت اثر انداز ہوتی ہے جیسے چاند سے فصل میں دودھ پڑتا ہے سورج اسکو خشک کرتا ہے اور دیگر فوائد حاصل ہوتے ہیں

انسان مخلوقات میں سب سے اشرف ہے اسکو عقل سلیم عنایت کی گئی ہے علم کے زیور سے آراستہ کیا گیا ہے۔ اس کے لئے ایسے ذرائع پیدا کئے گئے ہیں کہ وہ اپنے ماضی ۔حال اور مستقبل کا علم حاصل کر سکے۔ ماضی اور حال کے واقعات سے سبق حاصل کرے اور مستقبل کی معلومات اور واقعات کا کچھ نہ کچھ علم حاصل کر سکے کہ کیا ہونے والا ہے۔ اللہ تعالی نے ستاروں کی گردش کا انسان کی تقدیر کے ساتھ کچھ تعلق رکھا ہے کہ انسان اسکو سمجھ کر اپنے مقدر کا کچھ اندازہ لگا سکے۔ انسان کی پیدائش کے وقت سیارے اثر انداز ہوتے ہیں اور اس کی تمام زندگی کو متاثر کرتے ہیں۔ اسی قانون قدرت کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ کتابچہ تاریخ ولادت کے مولود پر اثرات معرض وجود میں آیا ہے تاکہ عوام و خواص اس سے مستفیض ہو سکیں۔

مرتب

محمد نوفل شاہ سنبھلی



پہلا باب

شمس برج جدی میں ۲۳ دسمبر سے ۲۰ جنوری تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف :-

ج۔ خ۔ ذ۔ ز۔ ض۔ ظ۔ ک ہیں۔

برج جدی۔ سیارہ زحل۔ مبارک دن ہفتہ۔ گہرا سبز رنگ مبارک ہے۔ مبارک نگینہ نیلم۔ مبارک عدد ۸ ہے۔ ماہ جنوری میں پیدا ہونے والے کا برج جدی ہوتا ہے اور سیارہ زحل ہوتا ہے۔

برج جدی سے تعلق رکھنے والوں کے قد درمیانی جسم میں خشکی اور دبلے ہوتے ہیں مگر ہڈی چوڑی چہرہ بیضوی 'لمبا رخسار کی ہڈیاں ابھری۔ ناک اور ٹھوڑی لمبی گردن لمبی پتلی۔ سینہ تنگ اور کمزور اور گھٹنے مڑے ہوتے ہیں۔

برج جدی کے دور میں پیدا ہونے والے تنومند ہوتے ہیں مگر غضب کے ذہین قوت برداشت کے مالک اور زندگی کے تمام شعبوں میں باعمل اور کامیاب سیاست دان دور اندیش اور خلوت پسند بھی ہوتے ہیں۔ حصول مقاصد میں سرگرم اور ہمہ وقت سرگرداں رہتے ہیں انتہائی محتاط اور اچھے برے کی تمیز فوراً کر لیتے ہیں دشمن کو اکساتے نہیں خاموش طبع اور صلح جو اور بے حد سنجیدہ ہوتے ہیں۔ اپنی شکست پر غیر معمولی حرکات کا مظاہرہ کرتے ہیں یہ ان کی کمزوری ہے۔

ماہ جنوری جدی میں پیدا ہونے والوں کو زیر کرنے مات دینے کے لئے بیوقوف بن کر ان کے ساتھ ایسا برتاؤ کرو جیسے تم کو ان سے نفرت ہے۔ اور ان کی طبیعت کی سنجیدگی کو بالکل اہمیت نہ دو بلکہ یہ ظاہر کرو کہ تم ان کے خوفناک ارادوں سے خائف نہیں ہو تو وہ تمہارے قدموں میں خود بخود گر جائیں گے۔

ان میں بہترین انتظامی خصوصیات ہوتی ہیں اپنی ان صفات کی وجہ سے یہ پولیس میں کامیاب افسر اور [illegible] کے انتظامی اداروں میں کامیاب منتظم ہو سکتے ہیں۔ اپنے فرائض منصبی سے بطریق احسن سبکدوش ہو سکتے ہیں۔

اگر کسی جدی والے کے زائچہ میں زحل شرف میں ہو تو وہ روحانی معالج ہو گا اکثر اولیاء کرام کے زائچوں میں اکثر برج جدی اور زحل شرف میں ہوتا ہے۔ اگر کسی کے زائچہ میں برج جدی اور زحل ہبوط میں ہو گا تو وہ غلام ہو گا یا مزدور یا گورکن ذخیرہ جیسے پیشے سے وابستہ ہو گا۔ ماہ جنوری میں پیدا ہونے والے جادوگری میں بھی کامل ہو سکتے ہیں اسی ماہ کے پیدا شدہ اکثر چمڑا سازی اور جوتے کا کاروبار کریں تو انتہائی نفع حاصل کر سکتے ہیں ان کے لئے کباڑ خانہ بھی منافع بخش ہے اور سنگ تراشی بھی سود مند ہے۔ جیل کی ملازمت بھی ترقی کا باعث ہو سکتی ہے زراعت بھی ترقی کا موجب ہے بڑے زمیندار یا ماہر زراعت سائنسدان بن سکتے ہیں۔

برج جدی سے تعلق رکھنے والوں کے لئے بہترین رہنے کی جگہ پہاڑی مقامات ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوگ ہسپتال یا قبرستان یا خانقاہ کے نزدیک رہیں تو ان کے لئے برکت کا باعث ہے۔

ان کے لئے گہرا سبز رنگ مبارک ہے۔ اگر یہ اپنے لباس کے کسی حصہ کا رنگ اودا خاکی سیاہ یا سرمئی کر لیں تو انتہائی بہتر و مفید ہے۔ ان کے لئے سیاہ رومال رکھنا لازم و ضروری ہے اس کی پوشیدہ قوت سے یہ لوگ بلاؤں سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔

ان حضرات کی پسندیدہ خوراک ماش کی دال' کھچڑی نمکین و شریں۔ گوشت' مرغی کے انڈے' یہی اشیاء ان کے لئے فائدہ مند صحت بخش ہیں۔

ان کے لئے بہترین خوشبو۔ عطر خس۔ عطر گلاب اور تل کا تیل۔ میٹھا تیل۔ ناریل کا تیل ہے۔

ان کے لئے مبارک ساعات۔ عصر۔ مغرب۔ تہجد کے اوقات ہیں موسم ان کے لئے خریف ہے۔ پوس کا مہینہ سعید ہے۔

ان کے لئے ہفتہ کا دن اور بدھ کی رات مبارک ہے۔

ان کے پسندیدہ میوے۔ پستہ۔ فندق۔ چلغوزہ۔ فارق ہیں۔

ان کے لئے صحت مند سبزیاں۔ آلو۔ کچالو۔ مولی۔ شلجم۔ اروی۔ میتھی ہیں۔

برج جدی ماہ جنوری میں پیدا ہونے والوں کی جسمانی حالات۔ ان کا جسم اچھا بھلا صحت مند ہوتا ہے۔ [illegible] سے بہت جلد متاثر ہو جاتا ہے اس ماہ میں پیدا ہونے والی عورتیں تو بہت جلد مریض ہو جاتی ہیں۔

اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کے خاص امراض۔ ملیخولیا۔ جنون۔ کالوس۔ جوع البقر۔ جوع الکلبی۔ تپ ربع۔ دردزانو۔ اوجاع مفاصل۔ تپ سوداوی۔ دردِ اعضاء درمیدن جاندر۔ خشکی اندام۔ درد شکم۔ امراض معدہ۔ جذام۔ بہق۔ ورم خفق ہیں۔

ان حضرات کے لئے مفید ادویات۔ جوز و قلفل۔ بادر جبل۔ کشتہ فولاد۔ سم الفار۔ غورہ۔ خرنوب۔ ہلیلہ۔ رسوت۔ بوار نج۔ سپستاں۔ حب الرمان۔ شربت انار۔ سفوف حب الرمان۔ افیون۔ شوکران۔ ریباس۔ تاج خروس۔ شاہترہ۔ حب الاس۔ شربت حب الاس۔ عرق شاہترہ وغیرہ ہیں۔ مبر سقوطری ہیں۔

مبارک نگینہ۔ نیلم۔ سلیمانی۔ انگوٹھی مبارک دھات آہن لوہا ہے۔ یہ حضرات اگر فولاد کی یا لوہا سٹیل شدہ انگوٹھی میں نیلم سلیمانی پہنیں تو بہت بہتر ہے اگر پلاٹینم کی انگوٹھی میں نیلم پہنیں تو سبحان اللہ یہ تو بہت ہی بہتر ہے۔

اگر کوئی اپنا ذاتی عدد معلوم کرنا چاہے تو تاریخ ماہ اور سال کے عدد نکال کر جمع کر کے جمل صغیر کرلیں تو ذاتی عدد نکل آئے گا۔

مندرجہ ذیل تاریخوں میں پیدا ہونے والوں کی خصوصیات

(۱)

یکم (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) جنوری

جسمانی کیفیت:۔

قد درمیانہ۔ دبلا پتلا۔ جسم کسرتی۔ اگر منشیات سے پرہیز کریں تو صحت بطریق احسن قائم و دائم رہے۔

مزاجی کیفیت:۔

مصنف مزاج۔ مستقل مزاج۔ جدت پسند۔ خوش طبع۔ جنس مخالف کی طرف راغب۔

مالی کیفیت:۔

کفایت شعار۔ ایسا کاروبار کرتا ہے جس سے منافع کثیر حاصل ہو۔

ستارہ :۔

شمس و سکینہ کا اثر اس پر گہرا پڑ رہا ہے۔

رنگ :۔

مبارک رنگ سنہری ہے۔ اور اس کے تمام شیڈ نیلے رنگ کے بھی تمام شیڈ بہتر ہیں۔

نگینہ :۔

مبارک ترین نگینے۔ نیلم۔ ہیرا۔ پکھراج ہیں۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۱۰۔۱۹۔۲۸۔۳۷۔۴۶۔۵۵۔۶۴۔۷۳ ان سالوں میں احتیاط کریں اپنا خصوصی خیال رکھیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۲۹) جنوری

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم دبلا پتلا۔ رفتار عجیب و غریب۔ بال سیاہ۔ رنگ سیاہ۔ گھٹنوں میں تناؤ۔ خود غرض۔

مالی کیفیت :۔

مالدار نہیں ہوتے۔ لوگ ان کو مالدار سمجھتے ہیں۔

صحت :۔

کام کی کثرت سے اعصاب میں تعطل پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔ اپنے آرام کا خیال رکھیں احتیاط لازم ہے۔

[illegible] :۔

نپ چولن۔ قمر کے اثرات حاوی ہیں

برکت والے رنگ :۔

سفید۔ دودھیا رنگ۔ نیلا زردی مائل۔ فاختی رنگ زیادہ مبارک رہیں گے۔

نگینہ :۔

زمرد۔ دُرِ نجف۔ سنگ قمر۔ دید ۂ گربہ نامی نگ زیادہ بہتر موجب برکت ہیں۔

زندگی کے اہم سال :۔

۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔۶۵۔۷۰۔
کے حامل ہیں اپنا خیال رکھیں۔

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) جنوری

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم صحت مند۔ رنگ موتیا۔ پتلے پتلے نقش۔ مغلوب الغضب۔ غصہ ور۔ متلون مزاج تعلقات دیرپا نہیں رکھے گا۔

مالی کیفیت :۔

اپنے منصوبوں کو کامیاب کرنے کے لئے زیادہ اخراجات کرنا۔

صحت :۔

لگاتار کام کی کثرت بے آرامی کی وجہ سے صحت کی خرابی ممکن ہے احتیاط کریں۔

ستارے :۔

ستارہ مشتری ہے۔

برکت والے رنگ :۔

لودار اور گلابی کا اثر درست ہیں۔

نگینہ :۔

الماس اسود۔ دراسود۔ اسکندر طہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۸۔۱۲۔۱۷۔۲۱۔۲۶۔۳۰۔۳۵۔۳۹۔۴۴۔۴۸۔۵۳۔۵۷۔۶۲۔۶۶۔۷۱۔

۸۰ ہیں۔

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) اکتیس (۳۱) جنوری

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ سیاہ۔ خود غرض متلون مزاج۔ بد مزاج۔ ترشرو۔ زود رنج۔

مغرور۔ متکبر۔

مالی کیفیت :۔

آمدنی کمائی کثیر ہوگی مگر ٹھہرے گی نہیں پانی کی طرح خرچ ہوگی۔

صحت :۔

کسی مرض سے صحت خراب نہیں ہوگی البتہ حادثہ کی وجہ سے خراب ہوگی۔

ستارہ :۔

شمس۔ زحل ہیں۔

برکت والے رنگ :۔

بھورا۔ ہلکا نیلا۔ سنہری۔

نگینہ :۔

زرد یاقوت۔ سرخ یاقوت۔ دراسود۔ نیلم۔۔ الماس۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۰۔۱۳۔۱۹۔۲۲۔۲۸۔۳۱۔۳۷۔۴۰۔۴۶۔ [illegible] ۔۶۴۔ [illegible] ۔۷۳ کے ہیں۔

(۵)

پانچ(۵) چودہ(۱۴) تیئس(۲۳) جنوری

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ بدن کمزور۔ متلون مزاج۔ لالچی۔ زود رنج۔ پھرتیلا۔ ذکی الحس۔ معمولی غلطی پر گرفت کرنے والا۔

مالی کیفیت :۔

مالی معاملات کے اندر انتہائی محتاط کفایت شعار۔

صحت :۔

ذہن سے ہر قسم کا دباؤ اور غلط تاثر دور کریں دماغ کو آرام کا موقع فراہم کریں۔

ستارہ :۔

عطارد۔

برکت والے رنگ :۔

تمام اقسام کے ہلکے رنگ فائدہ مند ہیں۔

نگینہ :۔

ہر قسم کا تیز چمک دار رنگت والا پتھر۔ خصوصاً الماس۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔ ۱۴۔ ۲۳۔ ۳۲۔ ۴۱۔ ۵۰۔ ۵۹۔ ۶۸۔ ۷۷۔ ان کے سوا زندگی میں انقلاب لانے والے سال یہ بھی ہو سکتے ہیں۔ ۱۷۔ ۲۶۔ ۳۵۔ ۴۴۔ ۵۳۔

(۶)

چھ(۶) پندرہ(۱۵) چوبیس(۲۴) جنوری

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ زرد چہرہ۔ نقش پتلے پتلے۔ جسم قوی صحت مند۔ الف گو(گپی) عاقبت نا اندیش۔

مالی کیفیت :۔

چھے تاریخ کو پیدا ہونے والا کبھی بھی دولت جمع نہیں کر سکتا۔ ۱۵۔۲۴ کو پیدا ہونے والوں کے پاس دولت آہستہ آہستہ جمع ہو جاتی ہے۔

صحت :۔

زندگی کے اکثر اوقات میں صحت مند رہیں گے۔

ستارہ :۔

زہرہ۔

برکت والے رنگ :۔

نیلے رنگ کے تمام شیڈ بہتر ہیں۔

نگینہ :۔

لاجورد۔ نیلے رنگ کا ہر پتھر۔ فیروزہ بہتر ہیں۔

زندگی کے اہم سال :۔

۶۔۱۵۔۲۴۔۳۳۔۴۲۔۵۱۔۶۰۔۶۹۔ ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) جنوری

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ بدن کمزور۔ رنگ سیاہ۔ انتہائی جذباتی۔ گہرے تخیلات۔

مالی کیفیت :۔

دولت موجب شہرت ہوگی لیکن لسرف شدہ دولت سے خوشی میسر نہیں ہوگی۔

صحت :۔

جسم نحیف ونزار کمزور۔ ملحقہ امراض کی تشخیص ناممکن ہوگی۔

ستارہ :۔

ثمر۔ نپ چون۔

برکت والے رنگ :۔

سبز رنگ۔ خاکستری۔

نگینہ :۔

در ناسفتہ۔ زبرجد۔ زمرد۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲_۷_۱۱_۱۶_۲۰_۲۵_۲۹_۳۳_۳۸_۴۳_۴۷_۵۲_۵۶_۶۱_
۶۵_۷۰_۷۴_۷۹_ ہیں۔

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) جنوری

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم دبلا۔ ہڈیاں بڑی بڑی۔ رنگ کالا۔ چہرہ بھونڈا۔ خود غرض۔ حریص لالچی۔ ترش رو۔ کینہ پرور۔ شکی مزاج۔

مالی کیفیت :۔

بدحالی انکے مفید مشوروں سے دوسرے مستفید ہوں خود فائدہ نہ حاصل کر سکیں نہ ترقی کر سکیں۔

صحت :۔

اکثر صحت مند رہیں گے۔ پیٹ کے امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

ستارہ :۔

زحل نجس اکبر۔

برکت والے رنگ :۔

بیگنی۔ سیاہ۔ جامنی۔

نگینہ :۔

الماس اسود۔ ڈراسود۔ نیلم گہرے رنگ کا۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔۸۔۱۳۔۱۷۔۲۲۔۲۶۔۳۱۔۳۵۔۴۰۔۴۴۔۴۹۔۵۳۔۵۸۔۶۲۔

۷۱۔۸۰۔ ہیں۔

(۹)

نو(۹) اٹھارہ(۱۸) ستائیس(۲۷) جنوری۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم دبلا پتلا اکہرا۔ رنگ سیاہ۔ ذکی الطبع۔ روشن ضمیر۔ عالی دماغ۔ باأثر شخصیت۔ دور اندیش۔ قوت ارادی۔ انتہائی قوی۔ بااخلاق۔ سخی۔ دلیر۔ باریک بیں۔ سریع الفہم۔ اونچی سوسائٹی رکھنے والا۔

مالی کیفیت :۔

۵۳ سال کی عمر کے بعد مال و دولت میں ترقی ہوتی جائیگی۔ ۶۲ سال کی عمر میں رئیس اعظم ہوگا۔

صحت :۔

بڑھاپے تک صحت عمدہ رہے گی البتہ اختلاج قلب کی شکایت ہو سکتی ہے۔

ستارہ :۔

مریخ جلادِ فلک ہے۔

برکت والے رنگ :۔

قرمزی رنگ۔ گلابی رنگ کے تمام شیڈ بہتر ہیں۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ ہر چمکدار سرخ رنگ کا پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔۱۸۔۲۷۔۳۶۔۴۵۔۵۴۔۶۳۔۷۲۔۸۱۔۹۰۔ ہیں۔



دوسرا باب

فروری

شمس (سورج) برج دلو میں ۲۱ جنوری سے ۱۹ فروری تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف شہ۔ س۔ ش۔ گ۔ ہیں۔

برج جدی۔ سیارہ سکینہ۔ برکت والا دن ہفتہ ہے۔

رنگ سبز۔ نگینہ لاجورد سنہری رنگت والا۔ برکت والا عدد (۸) ہے۔

ماہ فروری میں شمس اکثر دن برج دلو میں گردش کرتا ہے۔ فروری میں پیدا ہونے والوں پر برج دلو کے اثرات کا اثر کثرت سے پڑتا ہے۔ برج دلو کا نشان مشک اٹھانے والے سقہ کا ہے۔ جیسے وہ دوسروں کی پیاس بجھاتا ہے اسی طرح اس ماہ میں پیدا ہونے والا دوسروں کے کام آتا ہے۔ فیض احسان اور کرم کا منبع ہوتا ہے۔ کسی کام کے متعلق اگر اسکو معلوم ہو جائے کہ اس سے دوسروں کو فائدہ ہوگا تو وہ اس کام کو بڑے شوق و ذوق سے کرتا ہے۔ مگر اپنے بھلے بہتری اور منفعت کے کام میں سستی کرتا ہے۔ اس حد تک کہ موقع ہی گنوا دیتا ہے اس کام میں کامیاب ہونے کی صلاحیت و قدرت رکھتے ہوئے ناکام اور نامراد ہو جاتا ہے۔ اگر وہ اپنی اس کمزوری پر قابو پا جائے تو دنیا کا مشکل کام بھی کر گزرتا ہے۔ ہر مرتبہ اور مقام کو حاصل کر لیتا ہے برج جدی میں پیدا ہونے والے لوگ فیصد اپنی اس کاہل سستی کی وجہ سے ناکام و بے مراد ہو جاتے ہیں۔ برج جدی کے دور میں پیدا شدہ اشخاص خاموش طبع۔ وفادار فرمانبردار لوگ کے پختہ اور عام رسم و رواج سے باغی ہوتے ہیں۔ نئے راستے تلاش کرتے رہتے ہیں۔ یہ بہترین ریفارمر اور لیڈر بن سکتے ہیں۔ ان میں یکسوئی سے غور و فکر کرنے کی صلاحیت بدرجہ اتم ہوتی ہے۔ حافظہ قوی ذہن رسا ہوتا ہے۔ فنون لطیفہ میں مصوری موسیقی۔ ادب کے دلدادہ اور سائنس کی تعلیم سے انکے جوہر ظاہر ہوتے ہیں۔ فطرتاً دور بین۔ ملاقاتی کے کردار کو پہلی ملاقات میں ہی بھانپ لیتے ہیں سائنس کی شاخ ریسرچ و تحقیق سے طبعی لگاؤ رکھتے ہیں۔ اور کامیاب رہتے ہیں علم کی نئی نئی ایجادیں معرض وجود میں لاتے ہیں۔ اس میں ان کو کمال کا ملکہ حاصل ہوتا ہے۔

جسمانی طاقت کے مقابلہ میں ان کی روحانی دماغی طاقت زیادہ ہوتی ہے۔ ان کے ذہنی دماغی قوی جب پوری طرح نشو نما پا جاتے ہیں تو ایسے لوگ ایثار پیشہ۔ بے لوث۔ خدمت گار۔ محبت کے خوگر۔ پیکر وفا۔ رحیم کریم۔ معاف کرنے والے۔ موجد دوسروں کے دلی حالات کو انکی آنکھوں سے سمجھ لیتے ہیں۔ دیانتدار۔ منصف۔ حلیم۔ دلدادہ فنون لطیفہ۔ مطمئن پر سکون ہوتے ہیں۔ انکی دماغی صلاحیتوں پر اگر نسلی حیوانی کیفیت حاوی آجائے تو اس ماہ و برج جدی میں پیدا ہونے والے بد کردار۔ زود رنج۔ دھوکے باز۔ پریشان خیال۔ مختم مزاج۔ مضطرب۔ بیہودہ گو۔ گپی ہو جاتے ہیں۔ ان کو ان مشکلات سے نکالنے کا بہترین علاج علوم مخفیہ جفر و نجوم وغیرہ سے ہو سکتا ہے۔

اس ماہ میں پیدا شدہ افراد کی طبیعت میں تنہائی کا احساس بہت زیادہ ہوتا ہے تو ان کے اندر ایسی جگہوں و مقامات کی کشش بہت زیادہ ہوتی ہے جس جگہ لوگوں کا ہجوم ہو کثرت ہو جیسے کہ میلہ۔ جلسہ۔ سینما۔ شادی بیاہ۔ جنازہ۔ ہجوم ہو یا لڑائی جھگڑا اور فساد کا خطرہ ہو تو جدی والے کو ان میں بھیج دیں تو اس کی مقناطیسی کشش اور گفتگو وحت اس لڑائی جھگڑے پر قابو پا لے گا۔ یہ لوگ پاگلوں کو بھی قابو کر لیتے ہیں۔ ان میں اللہ تعالیٰ نے تسخیر کی طاقت ودیعت رکھی ہے۔

ان کی زندگی میں عام طور پر اکثر لوگ انکی جملہ خوبیوں سے مستفید نہیں ہوتے۔

فروری میں پیدا ہونے والے کی مخصوص علامت آنکھوں کی خوبصورتی ہے جو نمایاں نظر آئے گی دوسروں کی آنکھ میں وہ بات نہیں ہو گی جو ان کی آنکھ میں کشش ہو گی۔

فروری میں پیدا ہونے والے موٹے تازہ نہیں ہوتے ان کی بیماریاں معدہ کی خرابی۔ خون کی کمی۔ ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا رہنا۔ کسی حادثہ میں دانت ٹوٹ جانا یا پاؤں ٹخنوں کو نقصان پہنچتا ہے۔

سبزیاں پھل فروٹ ان کے لئے فائدہ مند ہیں۔ گوشت مفید نہیں ہوتا۔ پالک گاجر۔ پیاز۔ اجوائن انکی طبیعت سے خاص مناسبت رکھتے ہیں۔

دسمبر، جنوری، فروری، جولائی کے مہینوں میں یہ دلو والے اپنی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں ان کی [illegible] عمر کے یہ سال [illegible] کے حامل ہوتے ہیں۔ ۱۷۔ ۲۶۔ ۳۵۔ ۴۴۔ ۵۳۔ ۶۲۔ ان سالوں میں سے کسی ایک سال میں موت بھی واقع ہو

سکتی ہے۔

ان کے لئے ہفتہ کا دن خوش قسمتی کا ہوتا ہے۔ ہفتہ کے دن اگر انگریزی مہینہ کی ۴۔ ۱۳۔ ۲۲ تاریخ آجائے تو بہت زیادہ مبارک ہوتی ہے۔اتوار پیر کا دن بھی ان کے لئے مبارک ہوتا ہے۔

انگوٹھی کام عام طور سے ۲۱ دسمبر سے ۲۰ فروری تک کرنے چاہئیں۔ ان ایام میں شروع کیا ہوا ہر کام کامیاب رہے گا۔

مندرجہ ذیل تاریخوں میں پیدا ہونے والوں کی خصوصیات

(۱)

یکم (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) فروری

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ جسم مضبوط۔ منصف مزاج۔ گرم جوش۔ متکبر۔ خود پسند۔

مالی کیفیت :۔

شراکت داری میں ہر کام حقیقت پسندی و حساب سے کریں کوئی کام تخمینہ اور اندازے سے نہ کریں تو شرکاء کے درمیان اختلاف پیدا نہیں ہوگا۔ بصورت دیگر خطرناک تنازعہ کا خطرہ ہے۔ زندگی میں مالی بحران نہیں ہوگا۔

صحت :۔

جسمانی کمزوری درمیانی ہے مگر دماغ مکمل صحت مند ہوگا۔

ستارہ :۔

شمس۔ سکینہ۔

برکت والے رنگ :۔

گہرا نیلا۔ سنہری زرد۔

گینہ :۔

نگمراج۔ الماس۔ نیلم۔ نیلے رنگ والا۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۰-۱۳-۱۹-۲۲-۲۸-۳۱-۳۷-۳۰-۳۶-۳۹-۵۵-۶۴-۶۷-۷۲- ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس۔ (۲۰) انتیس (۲۹) فروری ۲۹ صرف لیپ سال کے لئے ہے۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ مائل بہ فرازی۔ جسم مضبوط انتہائی خوبصورت۔ رنگ گورا۔ بال بھورے۔ خوش اخلاق۔ بامروت۔ جدت پسند۔ سیر و تفریح کا شوقین۔

مالی کیفیت :۔

زندگی کے آخری ادوار میں دولت کثیر ورثہ سے حاصل ہوگی۔

صحت :۔

جسمانی مکمل صحت شاذ و نادر ہی بیماری کا امکان ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔

برکت والے رنگ :۔

موتیا رنگ کے تمام شیڈ۔ سفید۔ دودھیا سفید

نگینہ :۔

ڈر اسود

زندگی کے اہم سال :۔

۱۱-۲۰-۲۹-۳۸-۴۷-۵۶-۶۵-۷۴- ہیں۔

(۳)

تین(۳)بارہ(۱۲)اکیس(۲۱)فروری

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم صحت مند۔ رنگ گورا۔ خوش مزاج۔ بامروت۔ حلیم الطبع۔ پر کشش۔ شہرت مند۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ ہر کاروبار میں کثیر فائدہ ہوگا۔

صحت :۔

کام کی کثرت بغیر آرام کے انتہائی خطرناک ہے۔ اس کی وجہ سے فالج۔ تشنج۔ سوزش جگر۔ خون کا دباؤ بلڈ پریشر خون کی خرابی سے امراض بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔

ستارہ :۔

مشتری۔

برکت والے رنگ :۔

نیلے رنگ کے زردی مائل تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

اسکندریٹ(۱)۔ جمونی۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۱۲۔۲۱۔۳۰۔۳۱۔۳۹۔۴۸۔۵۷۔۵۸۔۶۶۔۷۵۔ ہیں۔

(۱) روس میں پارے کی کان سے نکلتا ہے

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) فروری

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا کھلتا ہوا۔ دور اندیش۔ جدت پسند۔ ذکی الطبع۔ روشن ضمیر ذہین فطین۔ خاموش طبع۔

مالی کیفیت :۔

دوست سے استغناء۔ لاپروا

صحت :۔

پریشانیوں سے بے فکر خالی الذہن رہیں زندگی خوشگواری سے گزرے گی۔

ستارہ :۔

سیکنہ حالت عروج ہے۔

برکت والے رنگ :۔

بینگنی۔ اودا۔ اور اسکے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

زرقون۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۴۔۱۰۔۱۳۔۱۹۔۲۲۔۲۸۔۳۱۔۳۷۔۴۰۔۴۶۔۴۹۔۵۵۔۵۸۔۶۴۔۶۷۔۷۳

ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴) تئیس (۲۳) فروری

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ اعضا مناسب۔ رنگ گورا۔ جسم فربہ۔ فراخ دل۔ مذہب۔ علم دوست دلدلوہ علوم مخفی۔

مالی کیفیت :۔

دوسروں کو مالی مشورے بہترین دیتے ہیں خود اس پر عمل نہیں کرتے لہٰذا مالی اعتبار سے کمزور ہوتے ہیں۔

صحت :۔

بہترین اعضاء متناسب جسم فربہ۔ مگر کبھی جگر۔ تلی۔ گردے۔ مثانہ کی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔

ستارہ :۔

عطارد وہیر فلک ہے۔

برکت والے رنگ :۔

ہر رنگ کے ہلکے شیڈ مبارک ہوں گے۔

نگینہ :۔

سفید رنگ کا ہر چمکدار پتھر۔ خصوصاً الماس۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۱۴۔۲۳۔۳۲۔۴۱۔۵۰۔۵۹۔۶۸۔۷۷۔ ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) فروری

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ چہرہ حسین و جمیل۔ رنگ گورا۔ شخصیت ہر دل عزیز انتہائی پیاری۔ باتمیز مذہب۔ فنون لطیفہ کے دلدلوہ موسیقی سے لگاؤ ہوگا۔

مالی کیفیت :۔

زندگی عیش آرام سے بسر ہوگی دن دوگنی رات چوگنی ترقی ہوتی رہے گی۔

صحت :۔

جسم صحت مند۔ بیمار کم ہوں گے۔ مگر کبھی ہوا لگنے کا امکان ہے نمونیہ بھی ہو سکتا ہے۔

ستارہ :۔

زہرہ۔

برکت والے رنگ :۔

نیلے رنگ کا ہر شیڈ۔

نگینہ :۔

نیلم ہلکے رنگ کا پکھراج۔

زندگی کے اہم سال :۔

٦_١۵_٢۴_٣٣_۴٢_۵١_٦٠_٦٩_٧٨_ ہیں۔

(٧)

سات (٧) سولہ (١٦) پچیس (٢۵) فروری۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا جسم دبلا مضبوط۔ چھاتی کشادہ۔ رنگ گورا۔ دور اندیش۔ ذہین و فطین۔
خاموش طبع۔ امن پسند۔ صاحب عرفان۔

مالی کیفیت :۔

قانع مال و دولت سے بے پرواہ۔

صحت :۔

جسم میں دبلے پتلے نازک۔ پیٹ کی شکایت ہوگی۔ علاوہ بھی کچھ تشخیص نہ

کر سکیں گے۔ عجیب و غریب کیفیات سے گزریں گے۔

ستارہ :-

نپ چون۔

برکت والے رنگ :-

اودا۔ فاختی و رنگ۔ ار غوانی مبارک ہیں۔

نگینہ :-

گہرے سبز رنگ کا زمرد۔

زندگی کے اہم سال :-

۲-۷-۱۱-۱۶-۲۰-۲۵-۲۹-۳۴-۳۸-۴۳-۴۷-۵۲-۵۶-۶۱- ہیں۔

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) فرورق

جسمانی کیفیت :-

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ رنگ سیاہ۔ ذہین فطین۔ چالباز۔ متکبر دوسروں پر ہمہ وقت غلبہ پانے کی فکر۔ دور اندیش۔

مالی کیفیت :-

جب چاہے دولت پیدا کر سکتا ہے۔ صرف خواہش درکار ہے۔

صحت :-

بظاہر صحت مند مگر مکمل صحت مند نہیں ہیں اختلاج قلب اور اختلاج دماغ کی بیماری لاحق ہونے کا امکان ہے۔

ستارہ :-

زحل نحس اکبر ہے۔

برکت والے رنگ :-

آسمانی رنگ کا نیلا شیڈ۔

نگینہ :-

دراسود۔ الماس اسود

زندگی کے اہم سال :-

۴_۸_۱۳_۱۷_۲۲_۲۶_۳۱_۳۵_۴۰_۴۴_۴۹_۵۳_۵۸_۶۲_۶۷_
۷۱۔ ہیں۔

(۹)

نو(۹) اٹھارہ(۱۸) ستائیس(۲۷) فروری

جسمانی کیفیت :-

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ سخی آزاد منش۔ جھگڑالو۔ ہیجان پسند۔ جلد صلح اور معاف کرنے والا۔ فیض رساں [illegible]

مالی کیفیت :-

مالی اعتبار سے خوش قسمت مگر اخراجات بے حد۔ سرمایہ دار نہیں ہو سکتے۔

صحت :-

صحت کا خیال رکھیں۔ دل اور پھیپھڑے مرض کو فوراً قبول کر سکتے ہیں۔

ستارہ :-

مریخ۔

برکت والے رنگ :-

گلابی۔ سرخ رنگ کے تمام شیڈ۔ قرمزی۔

نگینہ :-

[illegible]ط۔ زرقون۔

زندگی کے اہم سال :-

۹_۱۸_۲۷_۳۶_۴۵_۵۴_۶۳_[illegible]



تیسرا باب

سورج برج حوت میں ۲۰ فروری سے ۲۰ مارچ تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف۔ ج۔ د

برج حوت۔ سیارہ نپ چون۔ مبارک دن جمعرات۔ مبارک رنگ روپہلی۔ مبارک نگینہ مرجان۔ مبارک عدد ۷ مارچ کے مہینے میں پیدا ہونے والوں کا برج حوت ہے۔ اسکو مین راس بھی کہتے ہیں۔ قدیم علوم نجوم کے مطابق سیارہ مشتری ہے اور جدید کے مطابق نپ چون ہے اتوار۔ منگل۔ جمعرات مبارک و مفید ہیں۔ ان دنوں میں جو کام کریں گے اس کے نتائج حسب منشاء اور مفید ہوں گے۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کے لئے بدھ۔ جمعہ دینوی کاموں کی ابتدا کرنے کے لئے بہتر نہیں ہیں۔ نقصان کا اندیشہ ہے اور ان کے لئے اسوج کتوار کا مہینہ نحس اور ناقص ہوتا ہے۔ سمت انکی داہنی ہے اگر کسی کے داہنی سمت کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر گفتگو کریں گے تو اس کا مثبت اثر ہوگا وہ آپکی بات مانے گا۔

چاند دیکھ کر کسی زرد رنگ کی چیز کو دیکھے تو مہینہ اچھی طرح گزرتا ہے۔ ہونے والے بہت سے نقصانوں سے اللہ تعالیٰ محفوظ کر دیتا ہے۔ مین راس والے مذہبی ہوتے ہیں۔ اکثر اس راس والوں کی اولاد نہیں ہوتی۔ اگر ہوتی ہے تو بچپن ہی میں انتقال کر جاتی ہے۔ انکی اولاد بہت کم زندہ رہتی ہے۔ اگر انکا پہلوٹی کا لڑکا پیدا ہو کر زندہ رہا تو وہ بفضل خدا صاحب اقبال اور دولت مند ہوگا۔ انکی مالی حالت درمیانی ہوتی ہے انکی آمدنی اور اخراجات برابر ہی ہو جاتے ہیں۔ یہ انتہائی کفایت شعار اور محتاط ہوتے ہیں اسی بناء پر لوگ ان کو کنجوس اور بخیل بھی کہتے ہیں۔ مگر یہ بخیل اور کنجوس نہیں ہوتے۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والا شخص کم خوش طبع نہیں ہوتا۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ رنجیدہ و غمگین ہے۔ مین راس والے کی ترقی تیس سال کے بعد ہوتی ہے۔ انکا رنگ گورا قد درمیانہ۔ پست یا دراز قد نہیں ہوتا رنگ گندمی ہوتا ہے مکمل سیاہ نہیں ہوتا۔ ہاتھ پاؤں قوی مضبوط ہوتے ہیں۔ انکی عادت خصلت خوب تر ہوتی ... اولیت ... کرتا ہے ... معاملہ پاکیزہ ہوتا ہے۔

مالی مدد نہیں کرتے مگر زبانی ... احباب کو فائدہ پہنچاتا رہتا ہے۔ یہ اکثر چالیس

سال کی عمر میں کسی خطرناک بیماری یا حادثہ کا شکار ہو جاتا ہے اگر اللہ کے فضل سے بیماری یا حادثہ سے زندہ بچ گیا تو سو (۱۰۰) سال تک اس کی زندگی ہوتی ہے۔ یہ اپنی ترقی اور آمدنی کی نئی نئی صورتیں پیدا کرتا ہے۔ یہی فکر اسکو دامن گیر ہوتی ہے۔ اس کی بغل کے نیچے یا کمر پر یا رخسار پر سیاہ تل ہوتا ہے۔

زندگی باعزت آرام دہ گزارتا ہے۔ اولاد کم مگر اس میں لڑکیاں زیادہ ہوتی ہیں۔ مقامات مقدسہ کی زیارت کرتا ہے اسکے ساتھ اسکی عقیدت وابستہ ہوتی ہے۔ اسے ملازمت راس نہیں ہوتی یہ اپنی پوری زندگی تجارت میں بسر کرتے ہیں۔ کبھی کبھی ان کو کسی جھوٹے الزام چوری وغیرہ میں گرفتار ہو کر قیدوبند کی مصیبت بھی اٹھانی پڑتی ہے۔ اس راس والے وعدہ خلاف بھی ہوتے ہیں۔ وعدہ کر کے پورا نہیں کرتے ان کے پاؤں میں کجی بھی ہوتی ہے۔

اس راس والوں کو اپنے اسلاف کا ورثہ بھی ہاتھ آجاتا ہے۔ یہ لوگ اکثر دو شادیاں کرتے ہیں اگی پہلی بیوی مریض ہو جاتی ہے تو دوسری شادی کر لیتے ہیں۔ ان کو اپنی اس مستعار زندگی میں ایسے واقعات بھی آتے ہیں کہ یہ موت کے منہ سے واپس آجاتے ہیں۔ اگر یہ لوگ ان مخصوص سالوں کے تحت واقعات و حادثات سے محفوظ رہیں تو ان کی عمر نوے سے سو سال کے قریب ہوتی ہے وہ سال یہ ہیں۔ ۵۔۱۹۔ا۔۲۶۔۴۰۔۵۵۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) مارچ

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ رنگ گندمی۔ جسم موٹا تازہ بھاری۔ پابند روایات۔ حسن و خوبصورتی کا مدح خواں۔ خوش خوراک۔ جنس مخالف کا دلدادہ۔ ہم نشینی کا شائق۔

مالی کیفیت :۔

مالدار خوش قسمت۔

[illegible]

انتہائی بہتر صحت۔ معدہ بدہضمی، پیٹ کا درد اور حرارت اور حبس، پھیپھڑے و دیگر اشیاء کا بالا

تفریق استعمال۔

ستارہ :۔

سکینہ۔ مشتری۔

برکت والے رنگ :۔

نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔ سنہری رنگ کے جملہ شیڈ۔ جامنی۔ ارغوانی رنگ بھی مبارک ہوں گے۔

نگینہ :۔

- پکھراج۔ عقیق۔ الماس۔ زرقان۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۳۔۴۔۱۰۔۱۲۔۱۳۔۱۹۔۲۱۔۲۲۔۲۸۔۳۰۔۳۱۔۳۷۔۳۹۔۴۰۔۴۱۔
۴۶۔۴۹۔۵۵۔۵۷۔۵۸۔[illegible]۔۶۳۔۶۶۔۶۷۔ ہیں۔

(۲)

دو(۲) گیارہ(۱۱) بیس(۲۰) انتیس(۲۹) مارچ

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ اعضا کمزور۔ جسم بھرا بھرا۔ چوڑا زرد رنگ گول۔ کاہل سست۔ کھانے کے شوقین۔ خوش خوراک۔

مالی کیفیت :۔

دولت کی آمد غیر مستقل کبھی کثیر کبھی ہاتھ خالی۔

ستارہ :۔

قمر۔ مشتری۔ سب [illegible]۔ [illegible] عمر بھر بیمار رہنے کا امکان۔ اسکی ذہنی کیفیت کو کوئی سمجھ نہیں سکتا۔ معدہ بیمار رہے گا۔

برکت والے رنگ :۔

سبز زردی مائل۔ ارغوانی۔ فاختی ہ۔

نگینہ :۔

مدغاسطتھ۔ اور سنگ زبرجد۔ یشب۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔ ۷۔ ۱۱۔ ۱۶۔ ۲۰۔ ۲۵۔ ۲۹۔ ۳۴۔ ۳۸۔ ۴۳۔ ۴۷۔ ۵۲۔ ۵۶۔ ۶۱۔ ہیں۔

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) مارچ

جسمانی کیفیت :۔

قددرمیانہ۔ رنگ سانولا۔ جسم فربہ۔ چہرہ مطمئن۔ علمی کتب کا شائق۔ عالم تبحر۔ انتہائی۔ ذہین وفطین۔ فلسفی۔

مالی کیفیت :۔

مال اور جمع کرنے کی کامیاب کوشش مگر شہرت و نیک نامی کو خطرہ۔ دامن بچا کر کام کریں۔

صحت :۔

آرام طلب اور تساہل پسندی کو ترک کریں ورنہ ہوا سا گوشت کا پارچہ لو تھڑا بن جائیں گے دولت و آسائش کا لطف ختم ہو جائے گا۔

ستارہ :۔

مشتری ہے۔ نپ چون کے زیر اثر بھی ہوگا۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی۔ ارغوانی۔ نودانی۔

نگینہ :۔

لاجورد مائل جامنی۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳ـ۱۲ـ۲۱ـ۳۰ـ۳۹ـ۴۸ـ۵۷ـ۶۶ـ۷۵ـ ہیں۔

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) اکتیس (۳۱) مارچ

جسمانی کیفیت :۔

قد پستہ چھوٹا۔ بدن کے اعضاء غیر متناسب۔ رنگ گورا۔ کمزور بدن۔ کند ذہن۔ غبی۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ دور اندیش۔ کسی پر جلد اعتبار نہیں کرتے اسی خوبی سے دولت باقی رہے گی۔

صحت :۔

صحت مند۔ خوراک میں اعتدال بد پرہیزی سے گریز اس میں صحت کا راز ہے کسی حکیم یا ڈاکٹر کی ضرورت نہیں پڑتی۔

ستارہ :۔

شمس۔ سکینہ۔ مشتری۔ تینوں کے اثرات کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

نیلے چمکدا کے کل شیڈ۔ کاسنی۔ جامنی۔ لودا۔

نگینہ :۔

نیلم گہرے رنگ والا۔ لاجورد۔ الماس۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱ـ۴ـ۱۰ـ۱۳ـ۱۹ـ۲۲ـ۲۸ـ۳۱ـ۳۷ـ۴۰ـ۴۶ـ۴۹ـ۵۵ـ۵۸ـ۶۴ـ ہیں۔

(۵)

پانچ(۵)چودہ(۱۴)تئیس(۲۳)کا ج

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم پتلا دبلا۔ نقوش پتلے چھوٹے چھوٹے۔ رنگ سانولا۔ کاہل الوجود۔
ترش رو۔

مالی کیفیت :۔

تمام عمر مالداری میں گزرے گی مگر مریں گے غربت میں۔

صحت :۔

ہمیشہ اعصابی تکلیف رہے گی۔ کسی سے مقابلہ کی صورت میں شدت ہو جائے گی۔

ستارہ :۔

عطارد وزیر فلک۔

برکت والے رنگ :۔

کاسنی کے تمام شیڈ۔ لودا۔

نگینہ :۔

تمام چمدار پتھر خصوصاً الماس۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۱۴۔۲۳۔۳۲۔۴۱۔۵۰۔۵۹۔۶۸۔۷۷۔ ہیں۔

(۶)

چھ(۶)پندرہ(۱۵)چوبیس(۲۴)کا ج

جسمانی کیفیت :۔

قد انتہائی طویل یا انتہائی چھوٹا درمیانی قد نہیں ہوگا۔ رنگ گورا۔ بال بھورے۔ منصف مزاج۔ خوش طبع۔ اعلیٰ قسم کا موسیقار یا تسخیر آمیز تصویروں کا مصور یا کامل ادیب ہو گا۔ یہ اس کی طبعی خوبی ہے۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ امیر صاحب ثروت ہوگا۔

صحت :۔

صحت مند۔ بااصول زندگی اگر گزاریں تو جوانی اور بوڑھاپے میں بھی صحت مند رہیں گے۔

ستارہ :۔

مشتری۔ زہرہ یعنی سعدین کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

ودا۔ کاسنی۔ ارغوانی۔ نیلے رنگ کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس۔ پکھراج۔ زرد۔ اسکندرط۔

زندگی کے اہم سال :۔

۶۔ ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲۔ ۵۱۔ ۶۰۔ ۶۹۔ ۷۸۔ ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) مارچ

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ رنگ سانولا۔ آرام طلب۔ کالی الاجود۔ تنہائی پسند۔ خلوت نشین۔ سلیم الطبع۔ متحمل مزاج۔

مالی کیفیت :۔

کوشش اور دماغی کاوش سے دولتمند ہو سکتے ہیں۔

صحت :۔

بظاہر صحت مند فی الحقیقت نارمل نہیں ہو گا۔

ستارہ :۔

مشتری۔ قمر۔ نپ چون کے زیر اثر ہو گا۔

برکت والے رنگ :۔

سبز دودھیا رنگ۔ کاسنی۔ فاختئی۔ ارغوانی۔

نگینہ :۔

درنامفتہ۔ زبرجد۔ سنگ قمر۔ لاجرونہ ہب۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔۷۴۔ ہیں۔

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) مدچ

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ سانولا زردی مائل۔ بال سیاہ چمکیلے۔ ریاکار۔ حلیہ ساز۔ بدفطرت منافق۔ بے اعتبار۔ فریب کار ہم جنس کا دشمن۔

مالی کیفیت :۔

دولت کو بظاہر وقعت نہیں دیگا۔ مگر در حقیقت شدت سے دولت کا طالب ہو گا۔
دانت سے پکڑ کر کرے گا۔

صحت :۔

صحت کا دارومدار دماغی حالت پر ہے اگر دماغی حالت اچھی ہے۔ تو صحت بھی

تندرست ہے اگر دماغی توازن خراب ہے تو صحت بھی خراب رہے گی۔

ستارہ :۔

زحل۔ نپ چون۔

برکت والے رنگ :۔

کاسنی۔ اودا۔ ارغوانی مائل نیلاہٹ۔

نگینہ :۔

اسود۔ ورا اسود۔ الماس۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷ اور ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۴۹۔ ۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲۔ ہیں۔

(۹)

نو (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) مارچ

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم تندرست۔ رنگ گورا۔ ضدی۔ کند ذہن۔ کاہل۔ غیر معتقد۔ جھگڑالو۔ چال باز۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ ہر قسم کی تجارت سود مند رہے گی۔

صحت :۔

چالیس سال تک صحت مند رہے گا اس کے بعد اکثر بیمار رہے گا۔

ستارہ :۔

مریخ جلاد فلک۔

برکت والے رنگ :۔

سرخ۔ گلابی۔ قرمزی۔ کاسنی۔ ارغوانی۔

نگینہ :۔

لاجورد سرخی مائل۔ سرخ رنگ کا ہر پتھر۔ خصوصاً سرخ یاقوت۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔۱۸۔۲۷۔۳۶۔۴۵۔۵۴۔۶۳۔۷۲۔ ہیں۔



چوتھا لب

سورج برج حمل میں ۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف ا۔ع۔ل اپریل۔

برج حمل۔ سیارہ پلوٹو۔ منگل مبارک دن۔ قرمزی مبارک رنگ۔ مبارک پتھر سرخ عقیق۔ عدد ۹ مبارک۔ اپریل میں پیدا ہونے والوں کا برج حمل اور سیارہ قدیم علم فلکیات کی رو سے مریخ اور جدید علم کے اعتبار سے پلوٹو ہے۔

برج حمل کی مدت میں پیدا ہونے والوں کا قد درمیانہ ہوگا۔ اکثر دبلے پتلے ہوتے مگر دوسرے سیاروں اثرات سے موٹے جسم بھی ہو سکتے ہیں۔ لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔ بے اندازہ قوتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ ہڈیاں مضبوط بڑی اور چوڑی ہوتی ہیں۔ مانگ نکالنے کی جگہ سر چپٹا ہوتا ہے۔ ٹھوڑی انتہائی خوبصورت گردن صراحی دار لمبی چہرہ سرخی مائل کندھے بازو پر گوشت ناک [illegible] کی طرح ہوتی ہے۔ برج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والوں کے سر کے بالوں کا رنگ بھورا سرخی مائل ہوتا ہے۔ اگر ناک نوکیلی ہوگی۔ تو بالوں کا رنگ سیاہ ہوگا۔ ابرو گھنے ہوتے ہیں۔ آنکھیں شربتی یا ارزق ہوگی نظر انتہائی تیز ہوگی۔ اپریل میں پیدا ہونے والوں کے مزاج تیز اور قوت ارادی خود اعتمادی عظیم ہوگی تخیل کردار کے اندر ہر ایک سے پیش پیش رہتے ہیں۔ ان میں عملی مادہ کم خیالی مادہ انتہائی زیادہ ہوتا ہے۔

مقابلہ میں حملہ کے متعلق سوچتے رہتے ہیں مگر جنگ چھڑ جائے تو لڑائی بہادری کے ساتھ کرتے ہیں یہ لوگ دشمن پر حملہ غیر متوقع طور پر کرتے ہیں۔ اکثر بے رحمی کا مظاہرہ بھی کر جاتے ہیں۔ اپریل میں پیدا ہونے والوں کو اگر زیر کرنا ہو تو لڑائی کے شروع میں شدت اور شجاعت کا اظہار کرو اور بہتر صلاحیت کا استعمال کرو جب یہ پسپا ہونے لگیں تو ان کا تعاقب انتہائی تیزی سے کرو انکو مدافعت کا موقع ہی نہ دو گے تو یہ لوگ مکمل طور پر زیر ہو جاتے ہیں [illegible] اپریل میں پیدا ہونے والے غضب کے اداکار ہوتے ہیں۔ اس برج حمل میں پیدا ہونے [illegible] معمار ادیب علوم فنون کے ماہر بجلی سے چلنے والی اشیاء کے موجد۔ ماہر نفسیات دیسی جڑی بوٹیوں سے [illegible] کا علاج بھی کر سکتے ہیں۔ سیرو

سیاحت کے رسیا۔ اور سیاحوں کی بہترین رہنمائی بھی کر سکتے ہیں۔ سمہ کی ایجنسی بھی بہترین کر سکتے ہیں۔ اعلیٰ ناول نویس بھی بن سکتے ہیں۔ برج حمل میں پیدا ہونے والوں کی صحت کوہستانی علاقوں میں سکونت اختیار کرنے سے خوشگوار رہتی ہے۔

انکے لئے پولیس لائن چھاؤنی کا قیام بھی صحت کے لئے مفید ہے ان کے لئے مبارک رنگ قرمزی ہے۔ مگر یہ لوگ سرخ جگری کیلیجی رنگ بھی استعمال کر سکتے ہیں بلکہ سرخ رنگ کے تمام شیڈز ان کے لئے بہتر ہیں۔ ان کو اپنے لباس میں زرد وزی کیا ہوا کوئی بھی کپڑا بہتر ہے کوٹ پتلون استعمال کرنے والے سرخ ٹائی کا استعمال کریں۔

حمل میں پیدا ہونے والے گوشت خور تکے کباب بریانی کے بڑے شائق ہوتے ہیں یہ ان کے لئے صحت مند بھی ہے۔ ان کے لئے ہر تیز خوشبو مفید ہے ان کی مقناطیسی کشش کو دوبالا کرتی ہے۔ عطر گلاب وحنا وغیرہ ان کے لئے بہت سود مند ہے۔ برج حمل میں پیدا ہونے والوں کے لئے وقت سعید صبح کو طلوع شمس سے قبل شام کو عصر کے بعد ہے۔ مبارک دن ان کے لئے منگل اور بدھ کی رات ہے۔

ان کے لئے بہترین پھل انار۔ انجیر۔ ہر گل۔ سرخ سیب۔ سرخ انگور۔ مالٹا۔ کنو۔ جاپانی پھل ہیں۔ سبزی چقندر۔ ٹماٹر۔ بادنجاں اور مسور کی دال ہے۔ انکو اکثر یہ مرض لاحق ہوتے ہیں۔ خون کی خرابی۔ پیچش۔ عورتوں کو اسقاط حمل۔ خونی بواسیر۔ دردسر۔ تپ دماغ سرسام۔ مالیخولیا۔ امراض مثانہ وقضیب۔ منفعت بخش ادویات۔ سقمونیا۔ ہلیلہ۔ عناب۔ تخ بادیان۔ کشتہ تانبہ۔ ثعلب۔ شقاقل۔ زوفا۔ تخم پیاز۔ تخم شلجم۔ شربت گندر۔ لعوق حب القطن معجون ہندوری معجون اصود۔ سادہ سکنجبین۔ ان کے لئے ہر قسم کا سرخ پتھر مبارک ہے۔ جیسے یاقوت سرخ۔ سرخ عقیق۔ تامڑا۔ مبارک دھات تانبہ سونا ہے۔

ان کے لئے مبارک عدد ۹ ہے دوسری صورت میں تاریخ ولادت کے اعداد کو جمع کر کے جو مفرد عدد بنے گا جیسے ۵ اکا مفرد عدد ٦ ہے یہ انکا ذاتی عدد انکے مقدر پر اثر انداز ہندسہ ہے۔

(۴)

ایک (۱) ثور (۱۰) مئی (۱۹) تا (۲۰) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ گورا۔ بال ہلکے سنہرے۔ خوش وضع۔ شخصیت ممتاز۔ ارادے بلند۔ معتبر۔ سخی۔ دلیر۔ بامقصد مر مٹنے والا۔

مالی کیفیت :۔

غیر مطمئن حالات۔ جلد بازی قدرت سے زیادہ کوشش ناکامی کے اسباب ہیں اس لئے آمدنی میں یکسانیت نہیں رہے گا۔

صحت :۔

صحت مند۔ قوت مدافعت بے پناہ۔ صحت میں شاندار انفرادیت رکھنے والا۔

ستارہ :۔

شمس۔ مریخ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہری۔ سرخ۔ گلابی۔ قرمزی۔

نگینہ :۔

الماس۔ عقیق سرخ۔ پکھراج۔ یاقوت سرخ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔۱۰۔۱۸۔۱۹۔۲۷۔۲۸۔۳۶۔۳۷۔۴۵۔۴۶۔۵۴۔۵۵۔۶۳۔۶۴ ہیں۔

(۲)

دو(۲) گیارہ(۱۱) بیس(۲۰) انتیس(۲۹) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم [illegible]۔ رنگ گورا۔ مزاج غیر مستقل۔ ذہین فطین۔ ہمہ آرزو۔ بیباک۔ پھرتیلا۔

مالی کیفیت :۔

ادب اور فن کو بطور پیشہ اختیار کر کے حصول دولت ہوگا۔

صحت :۔

صحت مند۔ جسم فربہ موٹا۔ قوت سے بڑھ کر کام کرنے کی وجہ سے صحت خراب ہونے کا امکان ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔ نپ چون۔ مریخ کے اثرات کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

بھورا۔ دودھیا۔ سفید۔ قرمزی۔ سرخ۔ گلابی۔

نگینہ :۔

سنگ یشب۔ زمرد۔ سرخ یاقوت۔ دہنِ فرنگ ہے۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۹۔۱۱۔۱۶۔۱۸۔۲۰۔۲۵۔۲۷۔۲۹۔۳۴۔۳۶۔۳،۸۔۴۳۔۴۵۔۴۷۔ ۵۲۔۵۴۔۶۱۔۶۳۔۷۰۔۷۲۔۸۱ ہیں۔

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ گندمی مائل بسفیدی۔ مہذب۔ دور اندیش۔ ہمدرد۔ جان نثار۔ ثابت قدم۔ دوستی نبھانے والا۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ خوشگوار زندگی بسر کرے گی۔

صحت :۔

جسم فربہ۔ اعضاء قوی مناسب۔ پر فضاء جگہ پر رہنے سے صحت مد قرار رہے گی۔
کسی چوپائے سے حادثہ کا خطرہ ہے۔ محتاط رہیں۔

ستارہ :۔

زہرہ۔ مریخ۔ مشتری۔ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

اودا۔ کاسنی۔ نیلا۔ اسکے تمام شیڈ۔ سرخ۔ گلابی۔ قرمزی

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ عقیق سرخ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۶۔۹۔۱۲۔۱۵۔۱۸۔۲۱۔۲۴۔۲۷۔۳۰۔۳۳۔۳۶۔۴۲۔۴۵۔۴۸۔
۵۴۔۵۷۔۶۰۔۶۶۔ ہیں

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ بدن دوہرا۔ رنگ سانولا۔ مزاج متلون۔ رعبدار۔ غیر مستقل مزاج
گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔ متکبر۔ اپنے برابر کسی کو نہ سمجھے۔

مالی کیفیت :۔

دولتمند۔ شرکت میں کاروبار نقصان دہ۔ بغیر شرکت سود مند۔

صحت :۔

غیر صحت مند [illegible] جانب سے۔ [illegible] کام کرے گا۔ کبھی معمولی
کام بھی نہیں کرے گا۔ اعصابی تکلیف ہمیشہ رہے گی۔

ستارہ :۔

شمس۔ مریخ۔ سکینہ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سنہری۔ زرد۔ سرمئی۔ کے تمام شیڈ۔ نارنجی۔ قرمزی۔ سرخ۔ گلابی کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس اسود۔ لاجورد۔ ذہب۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴-۸-۱۳-۱۷-۲۲-۲۶-۳۱-۳۵-۴۰-۴۴-۴۹-۵۳-۵۸-۶۲ ہیں۔

(۵)

پانچ(۵) چودہ(۱۴) تئیس(۲۳) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ سانولا۔ روشن ضمیر۔ ذہین فطین۔ خواہشات عظیم۔ باریک بین۔ گلفتہ رس۔ چالاک۔

مالی کیفیت :۔

بہتر۔ ذہانت سے دولت حاصل ہوگی۔ تمام معاملات میں مالی فائدہ حاصل ہوگا۔

صحت :۔

دماغی استعمال کی کثرت سے اعصابی شکایات ہمیشہ رہیں گی۔

ستارہ :۔

عطارد۔

برکت والے رنگ :۔

گلابی رنگ کے ہلکے شیڈ۔سرخ۔قرمزی

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ الماس۔ سفید پتھر چمکدار۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۹۔۱۴۔۱۸۔۲۳۔۲۷۔۳۲۔۳۶۔۴۱۔۴۵۔۵۰۔۵۴۔۵۹۔۶۳۔ ہیں۔

(۶)

چھے (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم نازک۔ رنگ سرخ و سفید۔ پھرتیلا۔ متلون مزاج۔ ناعاقبت اندیش۔ جلد جنس مخالف سے متاثر۔

مالی کیفیت :۔

جوانی میں مالداری ہو گی۔ فضول خرچی کی وجہ سے بڑھاپا مفلس و ناداری سے گزرے گا۔

صحت :۔

صحت مند۔ مرض سے جلد صحت یاب ہوتی ہے مگر درد سر۔ گلے کی خرابی۔ ناک کان کی تکلیف ہمیشہ رہے گی۔

ستارہ :۔

مریخ۔ زہرہ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

نیلا۔ سرخ۔ قرمزی۔ گلابی سے ملتا جلتا

نگینہ :۔

پکھراج۔ الماس۔ زمرد۔

زندگی کے اہم سال :۔

۶۔۹۔۱۵۔۱۸۔۲۴۔۲۷۔۳۳۔۳۶۔۴۲۔۴۵۔۵۱۔۵۴۔۶۰۔۶۳۔

ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ سانولا کھلتا ہوا۔ حسین و ملیح و جمیل۔ مستقل مزاج۔ بارعب و دبدبہ۔ اپنے زور بازو پر بھروسہ کرنے والا۔ عارف بالذات۔

مالی کیفیت :۔

غیر مستقل۔ کبھی ماشہ کبھی رتی۔

صحت :۔

مریض نزلہ۔ زکام۔ کھانسی دائمی۔

ستارہ :۔

قمر۔ مریخ۔ نپ چون کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سبز۔ دودھیا۔ فاختئی۔ سرخ۔ قرمزی۔ گلابی کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس اسود۔ اسکندرطہ۔ در اسود۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔۶۵ ہیں

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قدور میانہ۔ رنگ سانولا۔ غیرت مند۔ خود پر اعتماد کرنے والا۔ تیز طبع۔ ماحول پر غالب۔ خلاف مرضی کام پر سخت غضب ناک ہونے والا۔

مالی کیفیت :۔

دولتمند۔ اپنی طبیعت کی ضد کی وجہ سے حسب دلخواہ مالی فوائد حاصل کریں گے۔

صحت :۔

صحت مند۔ غلط طبی مشورے اور غلط ادویات کے استعمال سے پرہیز کریں۔ بد پرہیزی صحت کی خرابی کا باعث بنے گی۔

ستارہ :۔

شمس۔ مریخ۔ زہرہ کے زیر اثر ہیں۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ نارنجی کے تمام شیڈ۔ قرمزی۔ لاجوردی۔

نگینہ :۔

پکھراج۔ یاقوت۔ الماس۔ لاجورد۔ یاقوت اسود۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷۔ ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۴۹۔ ۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲ ہیں

(۹)

نو (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) اپریل

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم مضبوط گٹھیلا۔ رنگ سیاہ۔ پھرتیلا۔ عقاب چشم۔ دلیر۔ باکمال۔ مستقل مزاج۔ جلد غالب آنے والا۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ منفعت کاروبار منافع عش۔ مالی حصوں کے وسائل دستیاب ہوتے رہیں گے۔

صحت :۔

صحت مند۔ شخصیت بارعب۔ قوت جسمانی بے پناہ۔ بیماری سے جلد صحت یاب ہو جائے گا۔

ستارہ :۔

شمس مریخ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سرخ۔ قرمزی۔ گلابی کے تمام شیڈ۔ زرد۔ سنہری۔

نگینہ :۔

سرخ عقیق۔ سرخ یاقوت۔ الماس گلابی۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔ ۱۸۔ ۲۷۔ ۳۶۔ ۴۵۔ ۵۴۔ ۶۳۔ ۷۲۔ ۸۱۔ ہیں۔



پانچواں باب

سورج برج ثور میں ۲۱ اپریل سے ۲۱ مئی تک گردش کرتا رہتا ہے۔

برج ثور۔ سیارہ زہرا۔ مبارک دن جمعہ۔ مبارک رنگ گہرا نیلا۔ مبارک نگینہ پکھراج۔ عدد (۸) مبارک ہے۔

مئی میں پیدا ہونے والوں کا برج ثور سیارہ زہرہ ہوتا ہے۔ زہرہ سعد اصغر ہے۔ جمعہ اس کا دن ہے مزاج خاکی طبیعت سرد ہے۔ اس کے زیر اثر پیدا ہونے والا خوبصورت ہوگا۔ اس کی گفتگو لطیف شیریں ہوگی۔ قد درمیانہ مائل بطوالت۔ جسم قوی پیشانی صاف چمکدار راگ رنگ جنس مخالف کی طرف راغب ہوگا۔ عمدہ لباس و خوراک کا شوقین۔ خصوصاً عیش اشیاء کا رسیا ہوگا۔ آنکھ۔ رخسار۔ کمر۔ پاؤں پر سیاہ تل ہوگا۔ دہنی طرف یاد ہنے پاؤں پر ہونا ضروری ہے۔ اس میں طمع لالچ بکثرت ہوگا۔ عزت۔ دولت۔ ثروت سے مستفید اولاد سے آرام پائے گا۔ پابند دین ومذہب اور بزرگوں کا فرمانبردار ہوگا۔

نرم مزاج عظیم قوت برداشت کا حامل ہوگا۔ ان اوصاف کا حامل ہر دلعزیز اور عزیزو دوستوں سے میل جول کا شائق ہوتا ہے۔ ہر عام و خاص اس کی قدر و منزلت کرتے ہیں۔ اس کو کسی سے زخم لگتا ہے اور تازندگی نشان باقی رہتا ہے۔ مال و دولت جمع کرنے کا شائق اور کامیابی سے دولت حاصل کرتا ہے۔ برج ثور میں پیدا ہونے والا عالم یا ہنر خصوصاً ریاضی حساب میں باکمال ہوتا ہے۔ وہ کم خوراک بلانوش خواہشیں کثیر رکھتا ہے۔ جسم و دل کا مضبوط نذر و عدہ کا پختہ اپنی ضد پر قائم رہتا ہے۔ چاہے نقصان ہی ہو جائے مقدمات میں اکثر ابھار بتا ہے۔ صحت مند زیادہ رہتا ہے۔ اگر بیمار پڑ جائے تو صحت مند مشکل سے ہوتا ہے۔ کام خوب سوچ سمجھ غور و فکر سے کرتا ہے۔ کسی کی رائے کو پسند نہیں کرتا نہ کسی کے کہنے پر بغیر غور فکر سوچ سمجھ کے عمل کرتا ہے اپنی رائے کو دوسروں کی آراء پر فوقیت دیتا ہے۔

برج ثور میں پیدا ہونے والے کے لئے بدھ۔ جمعہ۔ ہفتہ مبارک دن ہیں۔ جمعرات۔ پیر کا دن نقصان دہ ہوتے ہیں۔ کسی افسر یا کسی آدمی سے جمعہ کو بات کرنے سے مقابل شخص اس پر مہربان اور خوش ہوگا۔ کسی بات کو منوانا ہو تو اس کے لئے پکھراج سفید یا

سبز رنگ کا نگینہ موافق ہے۔ جو اس کو مالا مال کر دیتا ہے۔ اولاد ان کی کم ہوتی ہے۔ اگر پہلے لڑکا ہو زندہ رہے تو لڑکا خوش نصیب صاحب اقبال ہو گا والدین کے لئے بھی سعد و مفید رہے گا۔ اس کے متعلقین شادی، بیاہ غیروں میں دور دور ہوتے ہیں۔ اس کی پہلی بیوی مر جاتی ہے۔ یا اس سے جدائی منافرت طلاق کے ساتھ ہوتی ہے۔ اس کے بھائی زیادہ بہنیں کم ہوتی ہیں۔ اکثر بلغمی امراض میں مبتلا رہتا ہے۔ جیسے کھانسی۔ نزلہ۔ زکام وغیرہ۔ کبھی پیٹ اور آنکھوں کی تکلیف اور نظام ہضم میں خرابی رہتی ہے جس کی وجہ سے اور امراض بھی جنم لیتے ہیں۔ اس برج میں پیدا ہونے والے کو میراث میں جائیداد یا دفینہ ملتا ہے یا معمہ، ریس۔ انعامی بانڈ سے انعام ملتا ہے۔

وہ اونچی جگہ یا سواری سے گر کر زخمی ہو جاتا ہے۔ ۵۔ ۲۹۔ ۷۔ ۳۔ ۴ سال کی عمر میں بڑے بڑے خطرات سے واسطہ پڑتا ہے اگر ان خطرات سے خلاصی پالی تو اسی سال تک زندہ رہتا ہے۔ یہ مالدار ہوتا ہے مگر انتہائی کفایت شعار بخل کی حد تک۔ اس کا بچپن بے آرامی پریشانی میں گزرتا ہے۔ مگر بڑھاپا خوشحالی آرام راحت میں بسر ہوتا ہے۔ اس کو والدین سے آرام و سکون ملتا ہے۔ مگر بیوی کی طرف سے تکلیف و پریشانی رہتی ہے۔

برج ثور میں پیدا ہونے والے کو نیا چاند دیکھ کر سفید یا سبز رنگ کی کسی چیز کو دیکھنا چاہیے۔ تاکہ پورا ماہ اس کو خوشی و خرمی حاصل رہے۔

ان کو نوکری بھی مستقل نہیں ملتی تجارت فائدہ مند رہتی ہے۔ اس میں ہی دولت کما سکتے ہیں۔ یہ لوگ زندگی میں کسی تہمت کا بار بھی برداشت کرتے ہیں۔

ان کے ناموس و عزت کو نقصان پہنچتا ہے ان کے لئے جنوری ستمبر کا ماہ مبارک ہوتا ہے ہر ماہ کی ۶۔ ۱۵۔ ۲۴ تاریخیں انتہائی اہم اور مبارک ہوتی ہیں۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) مئی

جسمانی کیفیت:۔ قد درمیانہ۔ اعضاء مضبوط گٹھیلا۔ رنگ سانولا۔ نقش عریض و طویل۔ ناک ستواں۔ خود اعتماد۔ دلیر۔ فراخ دل۔ صاحب الرائے۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ مالی اعتبار سے خوش قسمت۔ فضول خرچ اپنی بساط سے بڑھ کر خرچ کرنا۔ اخراجات کے تخمینہ اور اندازوں میں بڑے بڑے خطرات مول لینے سے گریز نہیں کرتے مگر اکثر ان پر خطرہ معاملات میں بھی کامیابی کامرانی حاصل ہو جاتی ہے۔

صحت :۔

صحت مند۔ مگر کم خوابی لگاتار محنت سے صحت خراب ہو جاتی ہے۔ بالخصوص پھیپھڑے سینے کو سردی سے بچائیں علاج دھوپ تازہ ہوا ہے۔

ستارہ :۔

شمس۔ قمر۔ زہرہ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سنہرا۔ سبز۔ بھورا۔ سفید دودھیا۔ نیلا۔

نگینہ :۔

پکھراج۔ ہیرا۔ زمرد۔ فیروزہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۲۔۶۔۱۰۔۱۱۔۱۵۔۱۹۔۲۰۔۲۴۔۲۸۔۲۹۔۳۳۔۳۷۔۳۸۔۴۲۔۴۶۔
۴۷۔۵۱۔۵۵۔۵۶۔۶۰۔ ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۲۹) مئی

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ بدن دوہرا۔ رنگ سانولا۔ سخی خلیق۔ عادل۔ شریف باوقار۔ بردل عزیز۔

مالی کیفیت :۔

کبھی دولت مند کبھی غریب۔ جوا اور سٹہ وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔

صحت :۔

کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کی شکایت اکثر رہے گی۔ انفلوئنزا جیسے موذی مرض سے اپنی حفاظت کریں اس سے زندگی کو خطرہ بھی ہو سکتا ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔ زہرا۔ نپ چون۔ کے زیر اثر ہیں۔

برکت والے رنگ :۔

سفید دودھیا۔ نیلا۔ سبز۔ فاختئی۔

نگینہ :۔

زمرد۔ دید ہ گربہ۔ زبرجد۔ در نجف۔ فیروزہ۔ نیلے رنگ کا ہر معدنی پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۶۔۷۔۱۱۔۱۵۔۱۶۔۲۰۔۲۴۔۲۵۔۲۹۔۳۳۔۳۴۔۳۸۔۴۲۔۴۳۔۴۷۔۴۔
۵۱۔۵۲۔ ہیں۔

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) مئی

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ بدن دہرا۔ رنگ سانولا۔ منکسر المزاج۔ سخی۔ کریم الطبع۔ عادل۔ مستقل مزاج۔ وفادار۔ با اعتماد۔

مالی کیفیت :۔

دولت حاصل کرنے کے بڑے موقع حاصل ہوں گے مگر بڑی سکیموں سے گریز کریں نقصان کا احتمال ہو سکتا ہے۔

صحت :۔

عمر کے ساتھ ساتھ صحت بہتر سے بہتر ہوتی رہے گی۔

ستارہ :۔

زہرہ۔ مشتری کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی۔ کاسنی۔ نیلا اور اسکے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

لاجورد۔ گاؤمیدک۔ فیروزہ۔ زبرجد مذہب۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۶۔۱۲۔۱۵۔۱۲۔۲۴۔۳۰۔۳۳۔۳۹۔۴۲۔۴۸۔۵۱۔ ہیں۔

(۴)

چار (۴) تیرا (۱۳) بائیس (۲۲) اکتیس (۳۱) مئی

جسمانی کیفیت :۔

قد پستہ۔ جسم فربہ۔ رنگ سانولا۔ انتہائی قوت حیوانی۔ ضدی۔ بہرے۔ متکبر۔ شخصیت میں نمایاں خوبی۔

مالی کیفیت :۔

ہوئی روزی پر گزارہ زیادہ رہے گا۔ مستقل آمدنی کم رہے گی۔ مالی حالت عجیب سی رہے گی۔

صحت :۔

صحت بہتر رہے۔ مگر کبھی کبھی اچانک ایسے امراض کا غلبہ ہوتا ہے جنکی تشخیص مشکل ہوتی ہے۔ اعصابی دردا اور پیٹ کی تکلیف بھی ہے۔

ستارہ :۔

شمس۔ سکینہ۔ زہرہ کے زیر اثر ہیں۔

برکت والے رنگ :۔

نارنجی۔ سنہری۔ سرمئی۔ زرد۔ ہلکے نیلے شیڈ۔

نگینہ :۔

ہیرا۔ پکھراج۔ نیلم۔ اوسی پتھر لاپس نزولی۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۶۔ ۱۳۔ ۱۵۔ ۲۲۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۰۔ ۴۲۔ ۵۱۔ ۵۸۔ ۶۰۔ ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴) تیئس (۲۳) مئی

جسمانی کیفیت :۔

قد پستہ جسم فربہ۔ رنگ سانولا۔ کامل الوجود۔ تماشہ بین۔ جنس مخالف سے جلد متاثر ہونے والا۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ اپنے اور متعلقین کے لئے معمہ کاروبار کرنے کا ڈھنگ بالکل نرالا۔ جائیداد بنانا بہتر۔ مالی مشکلات کبھی بھی نہ ہوگی۔

صحت :۔

اعصابی مریض۔ جسم پر آلات جراحی۔ سرجری کا استعمال بھی ہوگا۔ سر۔ چہرہ۔ جبڑے۔ دانت۔ کھوپڑی کی ہڈیاں حادثہ کا شکار ہو سکتی ہیں۔ اعضائے تناسل کے امراض بھی لاحق ہو سکتے ہیں۔ محتاط رہیں۔

ستارہ :۔

قمر۔ زہرہ۔ عطارد کے زیر اثر ہیں۔

برکت والے رنگ :۔

سبز۔ دودھیا۔ تمام چمکیلے رنگ۔ تمام نیلے شیڈ۔

نگینہ :۔

زمرد۔ فیروزہ۔ ہیرا۔ زدجد۔ چمکدار نیلگوں تمام معدنی پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۶۔۱۴۔۱۵۔۲۳۔۲۴۔۳۲۔۳۳۔۴۱۔۴۲۔۵۰۔۵۱۔۵۹۔۶۰۔ مئی۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴)

جسمانی کیفیت :۔

قددرمیانہ۔ جسم مضبوط۔ خوبصورت۔ رنگ گورا۔ پاکیزہ عادات۔ دلدادۂ عیش و عشرت۔ شائق رقص و سرود۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ دولت کی دیوی عاشق۔ مال و دولت حاصل کرنے کے بہترین مواقع دستیاب ہوں گے۔ ہوٹل۔ ریسٹورنٹ۔ ڈیری کا کام منافع بخش ہوگا۔

صحت :۔

جوانی میں انتہائی صحت مند۔ تعیشات کی وجہ سے صحت برباد ہو جائے گی۔

ستارہ :۔

قمر۔ زہرہ۔ مشتری کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

[illegible] سرخ۔ سبز۔

نگینہ :۔

زدجد۔ زمرد۔ دیدۂ گربہ۔ سنگ یشب۔ [illegible]

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۶۔۱۵۔۲۰۔۲۴۔۲۹۔۳۳۔۳۸۔۴۲۔۵۱۔۵۶۔۶۰۔۶۵۔۶۹ ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵)

جسمانی کیفیت :۔

قد پستہ۔ جسم گٹھیلا۔ نقوش عریض بھدے۔ رنگ سانولا زردی مائل۔ منہ پھٹ۔ نافرمان۔ خبطی۔ بے قابو ہو جانے والا۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ حصول دولت قابلیت سے حاصل ہوگی۔ آغاز زندگی میں حصول دولت کے چند مواقع ضائع ہوں گے پھر اپنی صلاحیت کے بل بوتے پر دولت خوب حاصل کریں گے۔

صحت :۔

آنتیں کمزور خوراک میں اعتدال رکھیں۔ جسم فربہ مسلسل کام کرنے سے جلد تھک جاتا ہے۔

ستارے :۔

قمر۔ زہرہ۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سبز۔ سفید۔ دودھیا۔ فاختئی۔ نیلے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

فیروزہ۔ زمرد۔ در نجف۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۶۔۷۔۱۱۔۱۵۔۱۶۔۲۰۔[illegible]۔۳۸۔[illegible]۔۴۳۔۴۷۔

۵۱-۵۶-۶۱- ہیں۔

(۸)

آٹھ(۸) سترہ(۱۷) چھبیس(۲۶) مئی

جسمانی کیفیت :۔

جسم نہایت بھدا۔ رنگ سیاہ منتقم مزاج۔ فریبی۔ ناقابل اعتبار۔ احسان فراموش۔ چست چالاک۔

مالی کیفیت :۔

غریب کفایت شعار۔

صحت :۔

صحت اچھی۔ جسم بھدا۔ جسم میں گلٹیاں ہو سکتی ہیں۔ سرطان بھی لاحق ہو سکتا ہے۔

ستارہ :۔

شمس۔ زحل۔ زہرہ کے زیراثر۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ جامنی۔ سبز۔ سنہرا۔ نیلا۔

نگینہ :۔

الماس اسود۔ زبرجد۔ پکھراج۔ فیروزہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴-۸-۱۷-۲۶-۲۸-۳۶-۴۰-۴۴-۵۳-۶۲-۷۱- ہیں۔

(۹)

نو(۹) اٹھارہ(۱۸) ستائیس(۲۷) مئی

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ مائل بطوالت۔ جسم مضبوط۔ چہرہ گول چوڑا۔ رنگ سرخی مائل۔ انتظامی قابلیت کا حامل۔ لنزن لطیفہ کا دلدادہ۔ غیر معتبر۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ کاروبار منافع بخش۔ صنعت وحرفت سے حصول دولت۔ تنازع جھگڑے سے گریز کریں۔ مقدمات میں دولت ضائع ہونے کا اندیشہ ہے۔

صحت :۔

زندگی کے ساتھ ساتھ صحت مند ہوتے جائیں گے۔ مگر اپریشن کا خطرہ ہے جو صحت کو نقصان دہ ہوگا۔

ستارہ :۔

مریخ۔ زہرہ۔ قمر کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

گلابی۔ سرخ۔ سبز۔ نیلا۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ فیروزہ۔ زمرد۔ ہیرا۔ زبرجد۔

زندگی کے اہم سال :۔

۶۔ ۹۔ ۱۵۔ ۱۸۔ ۲۴۔ ۲۷۔ ۳۳۔ ۳۶۔ ۴۲۔ ۴۵۔ ۵۱۔ ۵۴۔ ۶۰۔ ۶۳۔ ہیں۔

چھٹا باب

سورج برج جوزا میں ۲۲ مئی سے ۲۱ جون تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف۔ ق۔ ک۔

برج جوزا۔ سیارہ عطارد۔ مبارک دن جمعہ۔ رنگ زرد۔ نگینہ فیروزہ۔ عدد (8) مبارک ہے۔

جون کے مہینہ میں پیدا ہونے والوں کا برج جوزا یعنی (راس مثمن) سیارہ عطارد ہوتا ہے۔ مزاج گرم تر۔ رنگ سفید مائل بزردی۔ طبیعت مخلوط شور۔ برج جوزا (مثمن راس) سے مغرب کی طرف سمت سے وابستہ ہے۔ لہٰذا برج جوزا والے اپنی بات منوانے کے لئے بات سننے والے کے داہنی طرف کھڑے ہو کر بات کریں تو ان کی بات ضرور مانی جائے گی سامع معمولی بات میں بھی وزن محسوس کر کے تسلیم کرے گا۔

* برج جوزا۔ برج میزان۔ برج قوس۔ برج دلو۔ کا دوست اور برج ثور۔ برج حوت کا مخالف ہے۔ برج جوزا والوں کے واسطے مبارک دن بدھ۔ جمعہ۔ اتوار ہے۔ ان دنوں میں جو کام کریں گے حسب منشاء مفید ہو گا۔ ہفتہ۔ پیر کا دن بنیادی کاموں کے لئے ناقص ہو گا۔ جمعرات منگل برابر ہیں۔ جوزا والے نیا چاند دیکھ کر سبز رنگ کی کوئی چیز کپڑا گھاس سبزہ دیکھیں گے تو ان کا پورا مہینہ بخیر خوبی گزرے گا۔ زرد رنگ کا نگینہ ان کو انتہائی مفید اور راس ہے اس راس کا آدمی اپنے سامع کے دہنی طرف سے جو بات بھی کرے گا تو سننے والا غور خوض سے سنے گا اور اسکو پورا بھی کرے گا۔

اس راس والوں کا قد درمیانی جسم قوی رنگ خوبصورت دیدہ زیب ہوتا ہے یہ لوگ خوش طبع ہنس مکھ شیریں پر لطف گفتگو کرتے ہیں امور دنیا میں انتہائی عقلمند ہوشیار بگڑے ہوئے کاموں کو خداداد صلاحیتوں کی مدد سے سنوار لیتے ہیں۔ دستکاری سے خاصا انس رکھتے ہیں۔ کسی ہنر میں کمال حاصل کر لیتے ہیں۔ کم گو یاوہ گوئی سے کوسوں دور ہوتے ہیں۔ تجارت میں فائدہ اٹھاتے ہیں تجربوں سے اچھا مقام حاصل کر لیتے ہیں۔ دینی مذہبی کاموں میں درمیانی دلچسپی لیتے ہیں۔ اکثر یہ دو شادیاں کرتے ہیں۔ انکی اولاد میں لڑکے زیادہ اور لڑکی کم

ہوتی ہے۔

بہتر خوراک اور لباس کے شائق ہوتے ہیں۔ خوش پوشی خوش خوراکی کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

جوڑ والے کے بازو یا گردن پر نشان ہوتا ہے۔ اس کے ہونٹ باریک ہوتے ہیں اس کے دشمن اس سے بلاوجہ حسد کرتے ہیں۔ اپنے وعدے اور قول و قرار کا پختہ ثابت قدم رہنے والا۔ مذہب سے اس کا تعلق کم ہی ہوتا ہے۔ مگر جتنا بھی ہوتا ہے اس میں سچائی اور نیکی نیت مکمل ہوتی ہے۔ مضبوط اور مستحکم اعتقاد رکھتا ہے۔ اس کا خاندان بھی وسیع اور عریض ہو گا۔ اس کے دشمن بھی کثیر ہوتے ہیں۔ مگر اس کا نقصان نہیں کر سکتے۔

حلقہ احباب اور خاندان انتہائی وسیع ہوتا ہے یہ اکثر معدے کی بیماری میں مبتلا ہوتا ہے۔ اس کی نظر بہت جلد کمزور ہو جاتی ہے۔ بد اعتدالیوں کی وجہ سے قوت مردی وقت سے پہلے کمزور یا ختم ہو جاتی ہے۔ بہت جلد بوڑھا ہو جاتا ہے۔ اس کو دولت دفینہ یا معمہ لاٹری وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے۔ سفر کا شوقین ہوتا ہے بلکہ زیادہ زندگی سفر میں گزارتا ہے۔ مقدمات اور جھگڑوں میں الجھا رہتا ہے والدین کی طرف سے اسکو آرام نصیب نہیں ہوتا۔ عورتوں کی جانب سے پریشانیاں پہنچتی ہیں۔ ورثہ کیو اسید لو کا ترکہ ملتا ہے۔ اس کے لئے سواری کرنا نقصان دہ ہوتا ہے۔ زندگی میں اس کو مختلف حادثوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ تین سال کی عمر سے ۴۸ سال تک زندگی کو بیماری سے موت کا خطرہ درپیش ہوتا ہے۔ اس کے بعد زندگی صحت کے ساتھ لمبی ہوگی۔ ۸۰ یا ۱۰۰ سال تک صحت مند زندگی گزارے گا۔ ۵۰ سال کے بعد اس کا ستارہ عروج پکڑتا چلا جاتا ہے۔ اس کی زندگی پر سکون صحت مند صاف ستھری گزرتی ہے صرف قوت مردی کمزور رہے گی وہ بحال نہیں ہوگی۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) جون

جسمانی کیفیات:-

قد درمیانہ۔ جسم متناسب۔ رنگ سانولا۔ کتابوں، علم و حکمت کا دلدادہ۔ لطیف جنس کا خادم۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ دولت ذہنی صلاحیت سے حاصل ہوگی۔ شیئرز۔ سٹاک کے کاروبار میں زیادہ سے زیادہ نفع کما سکتے ہیں۔ صنعت و حرفت بھی مفید ہے۔

صحت :۔

صحت مند۔ اعصاب مضبوط۔ جسم اکہرا۔ کبھی کبھی کام کی کثرت سے کمزوری ہوگی جیسے معذری لیل ہوتی ہے۔ اسکا علاج آرام و نیند ہے۔

ستارہ :۔

شمس۔ عطارد۔ سکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد سنہری۔ نارنجی۔ سلیٹی کے تمام شیڈ ہلکے چمکدار تمام رنگ۔

نگینہ :۔

پکھراج۔ ہیرا۔ ہر چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱-۳-۵-۱۰-۱۳-۱۴-۱۹-۲۲-۲۳-۲۸-۳۱-۳۲-۳۷-۴۰-۴۱-۴۶-
۵۰-۵۵-۵۸-۵۹-۶۴-۶۸-۷۳- ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۲۹) جون

جسمانی کیفیت :۔

لمبا قد۔ اعضاء متناسب۔ رنگ سیاہ۔ ذکی الحس۔ حساس۔ چالاک۔ زیرک۔ صفات غیر معمولی کا حامل

مالی کیفیت :۔

درمیانی۔ دور اندیشی کا فقدان۔ دولت حاصل کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے۔

کاروبار تجارت کو نہیں سمجھتے۔ دماغی قابلیت کے اعتبار سے مالی حالت بہتر نہیں ہے۔

صحت :۔

فربہ موٹا تازہ۔ معدہ کمزور قوت ہاضمہ ناقص۔ کھانے پینے میں احتیاط لازم ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔ عطارد۔ نیپچون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سفید دودھیا۔ فاختئی۔ سبز۔ چمکدار ہر رنگ مفید ہے۔

نگینہ :۔

سنگ قمر۔ زبرجد۔ دیدہ گربہ۔ در نجف۔ ہیرا۔ پکھراج۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳-۴-۵-۱۱-۱۳-۱۴-۲۰-۲۲-۲۳-۲۹-۳۱-۳۲-۳۸-۴۰-۴۱-۵۶،
۵۸-۵۹-۶۵-۶۷-۶۸-۷۴

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) جون

جسمانی کیفیت :۔

لمبا قد۔ جسم مضبوط۔ رنگ گندمی گورا۔ شکل من موہنی۔ مختلف زبانیں سیکھنے کا شوقین۔ علم و حکمت کا شائق۔ سخی با اخلاق۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند مال کا حریص۔ دولت جمع کرنے اور بلند مرتبہ و مقام حاصل کرنے کی عظیم صلاحیت۔ تمام چیزیں حاصل کرنے کے باوجود تشنگی باقی رہتی ہے۔

صحت :۔

کام کی کثرت کی وجہ سے اعصابی امراض کا خطرہ ہے۔ جلدی جلدی بیماری سے

تماثر اتنی ہی جلدی صحت مند ہوتا ہے۔ درد سر۔ درد اعصاب۔ بے خوابی جیسے امراض کا خطرہ موجود رہتا ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔

برکت والے رنگ :۔

کاسنی۔ جامنی۔ چمکدار تمام رنگ۔

نگینہ :۔

الماس۔ اسکندرمط۔ گاؤمیدک۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔ ۵۔ ۱۲۔ ۱۴۔ ۲۱۔ ۲۳۔ ۳۰۔ ۳۲۔ ۳۹۔ ۴۱۔ ۴۸۔ ۵۰۔ ۵۷۔ ۵۹۔ ۶۶۔ ۶۸۔

ہیں۔

(۳)

چار(۴) تیرہ(۱۳) بائیس(۲۲) جون

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم دوہرا۔ رنگ گورا۔ طبیعت موزوں۔ زیرک۔ ذکی الفہم۔ ذہین وفطین۔ روشن ضمیر۔

مالی کیفیت :۔

یکساں درمیانی۔ مالی منفعت حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ مگر دولت جمع نہیں ہوگی۔

صحت :۔

معدہ خراب۔ جسم پر موٹاپا غالب آجائے گا۔ ہمیشہ تکلیف و بیماری رہے گی حکیم ڈاکٹر جلد جلد تبدیل کرتا رہے گا۔

ستارہ :۔

عطارد۔ سکینہ کے زیراثر۔

برکت والے رنگ :۔

سرمئی۔ ہر چمکدار رنگ۔

نگینہ :۔

الماس۔ ہر چمکدار سفید پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔۵۔۱۳۔۱۴۔۲۲۔۲۳۔۳۱۔۳۲۔۴۰۔۴۱۔۴۹۔۵۰۔۵۸۔۵۹۔۶۷

۶۸۔ ہیں۔

(۵)

پانچ(۵) چودہ(۱۴) تئیس(۲۳) جون

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا بدن دوہرا۔ ذہین وفطین چست چالاک۔ انتہائی زیرک، مہذب۔ ادب علم وحکمت وفنون میں یکتائے زمانہ۔ انتہائی خلیق۔

مالی کیفیت :۔

کبھی امیر کبھی غریب۔ ذہن اور دماغ رسا ہے وہ سنہری مواقع میسر ہونے کے باجود مالی نشیب وفراز سے گزرے گا۔ کبھی امارت کبھی افلاس مالی بہتری کے لئے سعی درکار ہے۔

صحت :۔

بہترین ہے مگر لاپرواہی سے خراب ہو جائے گی۔

ستارہ :۔

عطارد۔

برکت والے رنگ :۔

ہر قسم کے ہلکے چمکدار رنگ۔

نگینہ :۔

پکھراج۔الماس۔سفید چمکدار رنگ

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۱۴۔۲۳۔۳۲۔۴۱۔۵۰۔۵۹۔۶۸۔۷۷۔ ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) جون

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ ۔ جسم مضبوط۔ چھریرا دبلا پتلا۔ رنگ گورا۔ شریف الطبع۔ ہمدرد۔ مہربان۔ منصف مزاج۔ موسیقی کا شوقین۔

مالی کیفیت :۔

وراثت سے دولت مند ہونگے۔ یا کاروبار میں اندازہ کی مدد سے کثیر دولت ملے گی۔

صحت :۔

جسم مضبوط ہے۔ تھکاوٹ سے مریض بھی ہو سکتے ہیں۔ نمونیہ تپ محرقہ دمہ جیسے امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔

ستارہ :۔

عطارد۔ زہرہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

ہلکے تمام رنگ۔ خواتین کے لئے تمام چمکدار رنگ۔ نیلے ہر قسم کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

زمرد۔ الماس۔ فیروزہ۔ نیلم۔ لاجورد۔ در نجف۔ بلور۔ ہر چمک دار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۶۔۱۴۔۱۵۔۲۳۔۲۴۔۳۲۔۳۳۔۴۱۔۴۲۔۵۰۔۵۱۔۵۹۔۶۰۔ ہیں

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) جون

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا۔ ذکی الحس۔ ذہین و فطین انتہائی چست و چالاک

مالی کیفیت :۔

دولت ورثہ میں ملے گی۔ مکروفریب سے تباہ ہونے کا خطرہ ہے۔ مالی حالت عجیب و غریب انداز سے بدلتی رہے گی۔

صحت :۔

ذہنی پریشانی کے باعث صحت تباہ ہو گی۔ نظام ہضم تفکرات اور ناخوشگوار ماحول کی وجہ سے خراب رہے گا۔

ستارہ :۔

قمر۔ عطارد۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سبز۔ سفید۔ دودھیا۔ فاختئی رنگ کے تمام شیڈ۔ ہر چمکدار رنگ

نگینہ :۔

سنگ قمر۔ زد جد۔ الماس۔ در نجف۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۷۔۱۱۔۱۷۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۲۔۳۴۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔۶۵۔۷۰۔ ہیں۔

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) جون

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم دبلا پتلا۔ رنگ سیاہ۔ صورت تغیر پذیر۔ سازشی۔ ذہین و فطین۔ انتہائی گہرا۔ من گھنہ۔

مالی کیفیت :۔

مالی حالت بہتر۔ مالی معاملات میں انتہائی محتاط۔ آہستہ آہستہ مال و دولت جمع کرتا ہے۔

صحت :۔

خرابئ صحت کی وجہ اعصابی تکالیف ہیں۔ کثرت کار اور ذہنی کشمکش سے گریز کریں

ستارہ :۔

عطارد زحل کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

نیلا گہرا چمکدار۔ سیاہ۔

نگینہ :۔

الماس کالا۔ پکھراج سیاہ۔ ڈراسود۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷۔ ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۵۸۔ ۶۲۔ ہیں۔

(۹)

نو (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) جون

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم ورزشی مضبوط۔ رنگ سانولا سرخی مائل۔ شگون مزاج۔ ذکی الفہم۔ ذہین وفطین۔ انتہائی چست چالاک۔

مالی کیفیت :۔

ذہانت پر اعتماد کرکے بغیر غور و فکر کے اکثر اوقات مالی معاملات خراب ہو جاتے ہیں۔

صحت :۔

صحت مند۔ حوادثات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ کندھے۔ بازو۔ ہاتھ زخمی ہونے کا خطرہ ہے۔ احتیاط لازم ہے۔

ستارے :۔

مشتری۔ مریخ۔ عطارد۔ نے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

قرمزی۔ سرخ۔ گلابی۔ تمام ہلکے چمکدار رنگ۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ تامڑا۔ سرخ شوخ چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔ ۹۔ ۱۴۔ ۱۸۔ ۲۳۔ ۲۷۔ ۳۲۔ ۳۶۔ ۴۱۔ ۴۵۔ ۵۰۔ ۵۴۔ ۵۹۔ ۶۳۔ ۶۸۔ ۷۲۔ ہیں۔



ساتواں باب

سورج برج سرطان میں بائیس (۲۲) جون سے تیئس (۲۳) جولائی تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف۔ ح۔ ہ۔

برج سرطان۔ سیارہ قمر۔ مبارک دن پیر۔ مبارک رنگ زعفرانی۔ مبارک نگینہ موتی یا سنگ سفید۔ مبارک عدد (۲) دو ہے۔

جولائی کے ماہ میں پیدا ہونے والوں کا برج سرطان یعنی راس کرک ہے۔ سیارہ نیر اصغر قمر ہے۔ انکا مزاج سرد تر۔ رنگ گورا۔ طبیعت شیریں ہوتی ہے۔ اپنے ضروری کام ان لوگوں کو اتوار پیر منگل جمعرات کو کرنے بہتر ہوتے ہیں۔ یہ ایام انکے لئے ہفتے کے اندر سعید ہوتے ہیں۔ مہینوں میں گیارہ سعید صرف ایک ماہ ماگھ کا نحس ہوتا ہے۔ راس کرک والا آدمی اگر کسی کے مقابل سامنے ہو کر بات کرے گا تو اس میں وزن ہوگا۔ سننے والے پر اثر ہوگا اس پر انتہائی مہربان ہوگا۔ دوستی کا حق ادا کرے گا چاہے اس کا افسر ہی کیوں نہ ہو۔ اس راس والے کو نیا چاند دیکھ کر سفید رنگ کی کوئی چیز دیکھنی چاہیے تو اسکو پورے ماہ میں خوش حالی اسودگی میسر رہے گی۔

کرک راس کا آدمی مذہبی معاملات میں انتہائی سست اور مذہب کے احکامات کی پرواہ نہیں کرتا اس کی اولاد کثیر ہوتی ہے۔ ان میں لڑکے زیادہ لڑکی کم ہوتی ہے۔ نجوم کے بعض عالموں نے لڑکیوں کی کثرت لکھی ہے۔ مگر پہلی بات زیادہ درست ہے۔ انکی مالی حالت بہتر نہیں ہوتی۔ زندگی اوسط درمیانی طریقہ سے بسر کرتے ہیں۔ انتہائی حساس معمولی سے واقعہ کا اثر قبول کر لیتے ہیں۔ گفتگو نرم شیریں ہوتی ہے۔

یہ لوگ عقلمند صاحب الرائے باشعور ہوتے ہیں۔ لوگ ان کی عزت بے حد کرتے ہیں اور ان سے جلدی مانوس ہو جاتے ہیں۔ لیکن انکو احسان کا بدلہ احسان سے نہیں ملتا دوست احباب قرابت دار واقف کار ان کے احسان کا بدلہ برائی سے دیتے ہیں ان کو اپنے وطن کے شمال جانب والے ملکوں میں [illegible] دولت خوب ملتی ہے۔ [illegible] آنکھ چہرہ گول خوبصورت ہوتا ہے۔ قد درمیانہ ہوتا ہے بعض کے نزدیک [illegible] ہوتا ہے۔ اس راس

کے آدمی کی پیدائش ہفتہ یا پیر کو ہوتی ہے۔ وقت پیدائش دو بجے دوپہر یا رات کے دس بجے کے قریب ہوتی ہے۔

کرک راس کے آدمی کے بازو پر تل یا کوئی نشان ہوتا ہے اگر انکی پیدائش کے وقت قمر حالت سعد ہوگا تو انکے خیالات انتہائی پاکیزہ صاحب علم وادب شاعر اور ہنر کے مالک ہوں گے۔ قدرتی مناظر سے بہت محظوظ ہوتے ہیں۔ ماحول اور نیچر کے مشاہدے میں کھانا پینا تک یاد نہیں آتا۔ یہ لوگ مشاہدات کے لئے دور دراز ممالک کا سفر بھی کرتے ہیں۔ یہ خوب عیش و عشرت میں زندگی گزارتے ہیں۔ اپنی آسودگی اور آرام کے لئے خرچ کرنے میں بالکل دریغ نہیں کرتے یہ کبھی بھی مفلس و قلاش نہیں ہوتے۔ درمیانی درجہ میں خوب عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ شریف ملنسار۔ نیک دل۔ نیک خو ہوتا ہے۔ قدرتی طور پر عیش و عشرت کے سامان اس کے لئے ہر جگہ مہیا ہو جاتے ہیں۔ یہ ہر کسی کو ایک ہی محبت میں اپنا ہم خیال بنا لیتا ہے۔ اس کے دل کو اپنی لچھے دار گفتگو سے متاثر کر لیتا ہے۔ امرد اور عورتوں میں خصوصی دلچسپی لیتا ہے۔ اسکی اسی کمزوری سے نوخیز لڑکے اسکی دولت کو خوب صاف کرتے ہیں۔ یہ اپنی محبت کے غلو کی وجہ سے ان کے مکر و فریب میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ اپنے نقصان کی فکر نہیں کرتا دل کھول کر دولت لٹاتا ہے۔ اس کے مزاج میں تنگی بھی ہوتی ہے چھوٹی چھوٹی بات پر ناراض ہو جاتا ہے مگر اسکی یہ ناراضگی عارضی ہوتی ہے۔ اسکی یہ سیمابی کیفیت سوڈا واٹر کے جوش کی طرح یک لخت ختم ہو جاتی ہے۔ یہ لوگ زندگی کے پینتیس سال انتہائی آرام و آسائش عیش و عشرت میں گزارتے ہیں۔

۳۵ سے ۴۵ سال تک دس سال ان کے لئے بھاری ہوتے ہیں بعض تو برداشت ہی نہیں کر پاتے مر جاتے ہیں۔ لیکن جو بچ جاتے ہیں انکے حالات پہلے جیسے ہو جاتے ہیں اس طرح عیش آرام سے رہتے ہیں اور اسی (۸۰) سال تک زندہ رہتے ہیں مگر موت کے صحیح وقت کا علم صرف اللہ رب العزت کو ہے یہ اندازہ ہے۔

کرک راس والا اونچی نیچی جگہ پر اترتے چڑھتے زخمی بھی ہو جاتا ہے۔ یہ شادی دو کبھی زیادہ بھی کرتا ہے۔ اسکو کرک۔ عقرب۔ سنبلہ۔ حوت۔ راس والی عورتوں سے منفعت حاصل ہوتی ہے۔ اور [illegible] اسد۔ قوس۔ جدی۔ [illegible] راس والی عورتوں سے نقصان ہی ہوتا ہے۔ تجارت میں ان دونوں راس والوں سے نقصان یا نفع ہونے کا امکان ہے۔ باقی راس

والوں سے مساوی رہتا ہے۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ رنگ کالا۔ جسم نحیف۔ چھریرا۔ دلدادۂ عیش و عشرت۔ موسیقی کا رسیا۔ مساوات برادری کا حامی اور سخی ہوگا۔

مالی کیفیت :۔

مالی حالت بھی یکساں نہیں رہے گی۔ کبھی رتی کبھی ماشہ۔ مزاج کے حالات کے مطابق مالی کیفیت میں بھی تبدیلی ہوتی رہے گی۔

صحت :۔

قوت برداشت کی کثرت ہے۔ مگر جسم نحیف وناتواں دبلا پتلا۔ ہاضمہ ہمیشہ خراب رہتا ہے۔

ستارہ :۔

شمس۔ قمر۔ نیکینہ۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد سنہری۔ سلیٹی نیلاہٹ آمیز۔ نارنجی۔ سبز۔ سفید دودھیا رنگ۔ فاختئی۔

نگینہ :۔

پکھراج۔ الماس۔ سنگ قمر۔ سونے کی انگشتری میں استعمال کریں عورت کو سونا جائز ہے مرد کو ناجائز ہے وہ چاندی کی انگشتری لیں۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱-۲-۴-۷-۱۰-۱۱-۱۳-۱۶-۱۸-۲۰-۲۲-۲۵-۲۸-۲۹-۳۱-۳۴-
۳۷-۳۸-۴۰-۴۳-۴۶-۴۷-۴۹-۵۲-۵۵-۵۶-۵۸-۶۱-۶۴ویں-

(۲)

دو(۲) گیارہ(۱۱) بیس(۲۰) انتیس(۲۹) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ مائل بطوالت۔ جسم مضبوط۔ رنگ سفید سرخی مائل۔ بارعب چہرہ۔ شان و شوکت کا خواہاں۔ بے وقوف متکبر۔

مالی کیفیت :۔

مالی حالت غیر مستقل۔ تلون مزاجی کی وجہ سے یکساں نہیں رہے گی۔

صحت :۔

جسم صحت مند مضبوط۔ جسم کے بعض حصوں پر عجیب و غریب قسم کی گلٹیاں انتہائی بد نما پیدا ہو جاتی ہیں۔

ستارہ :۔

شمس۔ قمر۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سفید دودھیا۔ سنہری۔ زرد۔ بادامی۔ سبز۔ فاختئی۔

نگینہ :۔

پکھراج۔ الماس۔ زبرجد۔ سنگ قمر۔ در نا سفتہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔ ۷۔ ۱۱۔ ۱۶۔ ۲۰۔ ۲۵۔ ۲۹۔ ۳۴۔ ۳۸۔ ۴۳۔ ۴۷۔ ۵۲۔ ۵۶۔ ۶۱۔ ہیں

(۳)

تین(۳) بارہ(۱۲) اکیس(۲۱) تیس(۳۰) جولائی

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا۔ خیال بلند۔ بڑے دعوے کرنے والا۔ ہمدرد۔ رقیق القلب۔ اپنے جیسا کسی کو نہ جانے۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ دولت کو بہترین طریقہ سے حاصل کرنے کی صلاحیت

صحت :۔

جسم مضبوط صحت خوش گوار۔ بیماری بہت کم۔

ستارہ :۔

مشتری۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی۔ اور زعفرانی۔ فاختئی

نگینہ :۔

یاقوت زعفرانی۔ عقیق زرد۔ اسکندط

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔ ۷۔ ۱۲۔ ۱۶۔ ۲۱۔ ۲۵۔ ۳۰۔ ۳۴۔ ۳۹۔ ۴۳۔ ۴۸۔ ۵۲۔ ہیں۔

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) اکتیس (۳۱) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ بدن دوہرا۔ رنگ سانولا۔ مزاج میں شک۔ بد لحاظ۔ دوستی دشمنی میں جلدباز۔ یادداشت بہت کمزور۔

مالی کیفیت :۔

مالی حالت بہتر۔ کاروبار تجارتیں۔ کثرت کا اختلاف کا امکان ہے۔ دونوں کو

نقصان کا اندیشہ ہے۔

صحت :۔

صحت مند۔ اگر کبھی بیمار ہو گئے تو حکیم ڈاکٹر مرض کو تشخیص نہیں کر سکیں گے۔
خوراک سادہ بروقت کھائیں۔ انشاء اللہ صحت مند رہیں گے۔

ستارہ :۔

قمر سکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

الماس۔ پکھراج۔ سنگ قمر۔ در نامعتد۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔۸۔۱۳۔۱۷۔۲۲۔۲۶۔۳۱۔۳۵۔۴۰۔۴۴۔۴۹۔۵۳۔۵۸۔۶۲۔ ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴) تیئیس (۲۳) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ نقش تیکھے۔ جسم اکہرا۔ تندرست ڈپلومیٹ۔ زبان دان۔ مقرر بہترین۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ مگر اپنے مقرر کئے ہوئے پروگرام پر سختی سے عمل پیرا رہیں گے تو دولت قدم چومیں گی۔

صحت :۔

صحت مند۔ جسم میں امراض کو دفع کرنے یعنی قوت مدافعت کی بہتات ہے بہت جلد تندرستی مل جاتی ہے۔ آرام بہت ضروری ہے۔ اعصابی شکایات پیدا ہو سکتی ہیں۔

ستارہ :۔

قمر۔ عطارد۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سبز زردی مائل۔ سفید دودھیا۔ فاختئی۔ سرمئی۔ ان کے سوا ہر چمکدار رنگ۔

نگینہ :۔

زمرد۔ الماس۔ دربمنعہ۔ چمکدار سفید رنگ کے تمام پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔ ۱۴۔ ۲۳۔ ۳۲۔ ۴۱۔ ۵۰۔ ۵۹۔ ۶۸۔ ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم مضبوط۔ رنگ زیتونی۔ متلون مزاج۔ خوش مزاج۔ طبع حلیم۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ شرکت اور شادی حصول مال کے لئے نہایت ضروری ہے۔

صحت :۔

صحت مند جوانی میں جسم مضبوط ہو گا۔ کام کی کثرت اور صحت کی طرف سے بے فکری نقصان کا سبب ہو گا۔ اعصابی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔

ستارہ :۔

قمر۔ زہرہ۔ نپ چون۔ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سبز۔ دودھیا۔ فاختئی۔ نیلا ہر قسم کا سفید۔

نگینہ :۔

لاجورد۔ فیروزہ۔ زمرد۔

زندگی کے اہم سال :۔

۶۔۱۵۔۲۴۔۳۳۔۴۲۔۵۱۔۶۰۔۶۹۔ ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ گورا۔ جسم مضبوط۔ اعضا متناسب۔ خوش مزاج۔ خاموش طبع۔ جلد رغبت کریگا اور جلد ہی نفرت کرے گا۔

مالی کیفیت :۔

مالی حالت میں اتار چڑھاؤ ہوتا رہے گا۔ مگر کبھی مفلوک الحال نہیں ہونگے۔

صحت :۔

صحت کا دارومدار دل پر ہے اگر دل خوش ہے تو صحت ہے اگر دل رنجیدہ ہے تو بیمار ہو جائے گا۔

ستارہ :۔

قمر۔ نپ چون کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سبز۔ سفید دودھیا۔ فاختئی۔

نگینہ :۔

زبرجد۔ سنگ سلیمانی۔ سنگ قمر۔ دیدہ گربہ۔ درناسفید۔ سیپ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔ ہیں۔

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم بھدا۔ رنگ زردی مائل۔ رخسار پچکے ہوئے۔ کند ذہن۔ سست۔ مکار۔ خود غرض۔ فریبی۔ شرابی۔ بد اخلاق۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ نشہ اور جواء شرمت کا سبب بنیں گے۔

صحت :۔

غیر صحت مند۔ جسم میں صفرا کی کمی سے نظام ہضم خراب رہے گا۔ اگر ہاضمہ درست رہے گا تو گنٹھیا کا مریض نہیں ہوگا۔

ستارہ :۔

قمر۔ زحل۔ زہرا کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سبز سیاہی مائل گہرا۔ سفید دودھیا۔

نگینہ :۔

الماس۔ سیاہ۔ دراسود۔ لاجورد۔ دھبے دار۔ نامعتبر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴_۸_۱۳_۱۷_۲۲_۲۶_۳۱_۳۵_۴۰_۴۴_۴۹_۵۳_۵۸_۶۲_

ہیں۔

(۹)

نو (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) جولائی۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ مائل پستی۔ جسم بھدا۔ رنگ زرد۔ ذہن کند۔ بد نیت۔ فسادی۔ منشیات کا عادی۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ مگر اپریل۔ جولائی۔ اکتوبر۔ دسمبر میں کسی سے جھگڑا نہ کریں۔ مالی نقصان اٹھانا پڑے گا۔

صحت :۔

تندرست۔ بیماری سے جلد صحت مند ہوگا۔ کسی حادثہ میں ٹانگ یا پاؤں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ احتیاط کریں۔

ستارہ :۔

قمر۔ سرخ۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سرخ۔ گلابی۔ قرمزی۔ سبز۔ دودھیا۔ فاختی کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ تامڑا۔ زمرد۔ درناسفنہ۔ سنگ قمر۔ سرخ چمکدار رنگ کے تمام پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۹۔۱۰۔۱۸۔۱۹۔۲۷۔۲۸۔۳۶۔۳۷۔۴۵۔۴۶۔۵۴۔۵۵۔۶۳۔
۶۴۔ ہیں۔



آٹھواں باب

سورج برج اسد میں ۲۴ جولائی سے ۲۳ اگست تک گردش کرتا ہے۔

حروف: ث۔ م۔

برج اسد۔ ستارہ شمس۔ مبارک دن اتوار۔ مبارک رنگ نارنجی۔ مبارک نگینہ سرخ یاقوت۔ مبارک عدد (۱)

اگست کے ماہ میں پیدا ہونے والوں کا برج اسد۔ ستارہ شمس۔ مزاج گرم و خشک ہوگا۔ شریں طبع۔ سمت مشرق کی مبارک ہوگی۔ اگر کسی کے مقابل سامنے کھڑے ہو کر بات کریں تو وہ مہربان ہوگا۔ بات کو وزنی سمجھ کر ضرور تسلیم کریگا۔ نیا چاند دیکھنے کے بعد سرخ رنگ کی کسی چیز کو دیکھنے سے پورا ماہ خیر و خوبی امن و امان سے گزرے گا۔

سونے کی انگوٹھی میں سرخ یاقوت انتہائی مفید رہے گا۔

اس برج کے دوران پیدا ہونے والوں کی بہنیں بہت کم بھائی زیادہ ہوتے ہیں۔ انکی دو بیاں دو یا زیادہ ہونگی۔ ان کے اولاد بھی کم ہوتی ہے۔ اگر پہلی اولاد میں لڑکا ہو تو بہت مالدار ہونگے اور لڑکا صاحب اقبال ہوگا اور باپ کے لئے مبارک ہوگا۔ ماہ اگست میں پیدا ہونے والے چالیس تک متوسط زندگی گزارتے ہیں چالیس کے بعد ترقی کرتے چلے جاتے ہیں۔ وہ اپنے خاندان کے معزز و محترم افراد میں شمار ہوتے ہیں۔ اکثر انکو نظر بد لگ جاتی ہے۔ اور بچپن میں بیمار رہتے ہیں۔ اور آگ سے جل بھی جاتے ہیں انکا قد درمیانہ مائل بطوالت رنگ گندمی زردی مائل۔ مزاج تیز و تند ہوتا ہے۔ ہر کام جلدی میں کرتے ہیں عجلت پسند ہوتے ہیں۔ جلدی میں کام خراب کر لیتے ہیں۔ برج اسد سے تعلق رکھنے والوں کی فطرت میں عجلت کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے۔ اپنے ہر کام کو وقت سے پہلے تیار کر لیتے ہیں۔ انکی خوراک مرغن خوش ذائقہ ہوتی ہے۔ ان سے کبھی ناجائز فعل بھی سرزد ہو جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کی محبت پسند کرتے ہیں۔ باہمت حوصلہ مند دولت کمانے میں کامل اور خرچ کرنے میں دلیر ہوتے ہیں [illegible] کرتے ہیں ویسے [illegible] ہیں۔ غصہ انکو وقتی طور پر بہت آتا ہے مگر قائم نہیں رہتا۔ اپنے گھر والوں [illegible] سے ٹوٹ کر پیار کرتے

ہیں انکی گردن۔ کمر۔ پیٹ۔ پر کسی جگہ تل بھی ہوتا ہے۔ کبھی انتہائی قلاش مفلس بھی ہیں اس حد تک ہو جاتا ہے کہ پیٹ بھرنے کو بھی ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا ایسے حالات چالیس سال کی عمر سے پہلے ہوتے ہیں چالیس سال کے بعد حیرت انگیز ترقی کرتے ہیں۔ پھر تاحیات مفلسی ان کے قریب بھی نہیں آتی۔ سفر ان کو راس ہے بلکہ انکو ترقی سفر سے ہوتی ہے۔ وطن میں کس مپرسی کی حالت میں رہتے ہیں وطن سے نکل کر عزت دولت حاصل ہوتی ہے غیر ملکیوں سے انکو فائدہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ یہ کبھی کسی اونچی جگہ یا سواری سے گر کر زخمی بھی ہو جاتے ہیں۔ یہ زخم جسم کے بالائی حصہ پر لگتا ہے۔ وعدہ پختہ بات کا سچا جھوٹ مکروفریب سے متنفر ہوتا ہے۔ خاندانی جھگڑے سے پریشانی رہتی ہے۔ اس کا مزاج گرام ہوتا ہے اکثر دو دو یاں کرتا ہے۔ اس کو جوزا۔ میزان۔ قوس۔ حمل کے برج والی عورتیں بہتر ہوتی ہیں۔ ان سے فائدہ ملتا ہے۔ اور برج عقرب۔ دلو۔ ثور والی عورتیں نقصان دہ ہوتی ہیں۔ برج اسد اگست میں پیدا ہونے والے جگر۔ تلی۔ گٹھیا۔ بواسیر جیسے امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ انکو معدہ کی تکلیف بھی رہتی ہے اور فاسد خون بھی تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔ مزاج میں حدت رہتی ہے فاسد خون جسم میں جمع ہو جاتا ہے۔

یہ اپنی عمر کے دوسرے۔ پانچویں۔ دسویں۔ ستائیسویں۔ تیسویں سال کے اندر بیماری یا غریبی یا گناہوں کے اندر گرفتار ہو جاتا ہے۔

تیس سال کے بعد انکی زندگی میں انقلاب آنے لگتا ہے۔ اور چالیس سال کے بعد کامران وکامیاب زندگی گزارتا ہے۔ ناگہانی موت اور دنیاوی آفات سے اگر بچ جائے تو اسی سال تک زندہ رہتا ہے۔ واللہ علم۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) اگست۔

جسمانی کیفیات:۔

قد درمیانہ۔ اعضا مناسب۔ بال سیاہ رنگ۔ گورا۔ چہرہ گول۔ بارعب۔ غیرت۔ ضدی۔ سخی۔ عادل۔ بااعتماد۔ بااخلاق۔

مالی کیفیت :۔

پہلے ۳ سال غریب سخت محنت سے روزی ملے گی اس کے بعد سنہری دور ہوگا۔ بغیر کسی مالی تکلیف کے مالداری میں زندگی بسر ہوگی۔

صحت :۔

بچپن میں کچھ بیماری۔ جوانی اور بڑھاپا تندرستی میں گزرے گا۔ کوئی خاص تکلیف بیماری نہیں ہوگی۔

ستارہ :۔

شمس سکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہری۔ نارنجی۔ سلیٹی۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ تامڑا۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔ ۴۔ ۱۰۔ ۱۳۔ ۱۹۔ ۲۲۔ ۲۸۔ ۳۱۔ ۳۷۔ ۴۰۔ ۴۶۔ ۴۹۔ ۵۵۔ ۵۸۔ ۶۴۔ ۶۷۔ ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۹) اگست۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ طویل۔ جسم گٹھیلا۔ رنگ سرخ۔ سفید۔ چہرہ بارعب۔ خیال بلند۔ دلدادہ شان و شوکت انتہائی متکبر مغرور۔

مالی کیفیت :۔

مالدار، دولت سے بے پرواہ

صحت :۔

صحت بہترین مگر احتیاط شرط ہے۔ خصوصاً گلا اور پھیپھڑے و جسم کے نازک اعضا کا خیال رکھیں۔

ستارہ :۔

قمر۔ شمس۔ نپ چون سیکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سبز سفید دودھیا۔ زرد۔ سنہری۔ فاختئی۔ نارنجی۔ سلیٹی۔

نگینہ :۔

زمرد۔ پکھراج زرد۔ سنگ قمر۔ درنا سفتہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲_۷_۱۶_۲۰_۲۵_۲۹_۳۴_۳۸_۴۳_۴۷_۵۲_۵۶_۶۱_ ہیں۔

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) کا گست

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا طویل۔ جسم مضبوط۔ متکبر مغرور۔ شیخی باز چست چالاک۔ غیر صاحب الرائے۔

مالی کیفیت :۔

دولتمند۔ دولت حاصل کرنے کا طریقہ علم و حکمت اور فنون ہیں اس کو کبھی مالی بحران کا سامنہ نہیں ہوگا۔

صحت :۔

صحت مند۔ [illegible]

ستارہ :۔

شمس۔ مشتری۔ سکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی۔ لودا۔ کاسنی۔ سنہری۔ زرد۔ زعفرانی۔ نارنجی۔ ہلکے نیلے رنگ کے تمام شیڈ

نگینہ :۔

یاقوت۔ الماس۔ لاجورد۔ پکھراج۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۳۔۱۰۔۱۲۔۱۹۔۲۱۔۲۸۔۳۰۔۳۷۔۳۹۔۴۶۔۴۸۔۵۵۔۵۷۔۶۴
۶۶۔ ہیں۔

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) اکتیس (۳۱) کا کردار

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ اعضا طویل۔ رنگ گورا۔ انتہائی سخی۔ خود پر بھروسہ کرنے والا۔ بااعتماد۔

مالی کیفیت :۔

دولت سے مستغنی بے پروا۔ مگر کبھی کبھی نمائش کے لئے ضرور پڑے گی۔

صحت :۔

صحت مند مگر تلخ احساسات کی وجہ سے جسم کے اندر زہریلا مادہ پیدا ہو کر بیمار کر سکتا ہے۔ اپنے احساسات پر نظر رکھیں۔

ستارہ :۔

شمس۔ سکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد نیلا۔ نارنجی۔ کاہی۔ سنہری۔

نگینہ :۔

الماس۔ پکھراج۔ یاقوت۔ اسکندریہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷۔ ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۴۹۔ ۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲۔

ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴) تیئس (۲۳) اگست۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم دبلا پتلا۔ رنگ سرخی و سفیدی مائل سنہرے۔ مزاج منصف۔ زود رنج۔ بڑبولا۔ طبیعت شاہانہ۔ گرمجوش۔ وفادار دوست۔ دلیر۔ بے انصافی کے خلاف سینہ سپر ہو جانے والا۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند ہوگا۔ مگر مالی تکالیف کا باعث غلط دوست ہیں جن کی وجہ سے پیچیدگیوں میں پڑ کر وقت ضائع ہو جاتا ہے۔ اور دولت حاصل نہیں ہوتی۔

صحت :۔

صحت مند۔ اعصاب مضبوط۔ صائب الرائے۔ باریک بین۔ منصوبہ بندی کے ماہر۔ باریک سے باریک نکتہ بھی او جھل نہیں ہوتا۔

[illegible] :۔

شمس۔ عطارد۔ کیتو۔ [illegible]

برکت والے رنگ :۔

نیلے رنگ کا ہر شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس۔ دریاسمندر۔ ہر چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔ ۱۴۔ ۲۳۔ ۳۲۔ ۴۱۔ ۵۰۔ ۵۹۔ ۶۸۔ ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) اگست۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا طویل۔ رنگ گورا۔ بدن دوہرا۔ چست چالاک۔ آگے بڑھنے کی شدید خواہش گرم جوش۔ شیخی خور۔ ڈینگیں مارنے والا۔

مالی کیفیت :۔

حصول زر کے لئے تجارت۔ سینما۔ موسیقی۔ ادب کے ذریعہ مالدار ہو سکتے ہیں۔

صحت :۔

تندرست۔ جانوروں سے جسمانی گزند پہنچ سکتا ہے۔ محتاط رہیں۔

ستارہ :۔

شمس۔ زہرہ۔ سکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہری۔ جامنی۔ نیلے رنگ کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

لاجورد مذہب۔ الماس۔ فیروزہ۔ نیلم۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۶۔۱۰۔۱۵۔۱۹۔۲۴۔۲۸۔۳۳۔۳۷۔۴۲۔۴۶۔۵۱۔۵۵۔۶۰۔ ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) اگست

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ سر بڑا۔ رنگ سرخ و سفید۔ فراخدل۔ خیال اونچا۔ خود اعتماد۔ منصف مزاج۔ آزاد منش۔

مالی کیفیت :۔

درمیانی۔ ہر ضرورت بروقت پوری ہو گی قدرت مدد کرے گی۔ اگر کثیر مال کے لئے کبھی کوشش کریں گے تو نقصان کا اندیشہ ہے۔

صحت :۔

صحت کا دارومدار خیالات کے تابع ہے جیسے خیالات ہونگے اسی طرح صحت بھی ہو گی۔

ستارہ :۔

شمس۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ نارنجی۔ فاختئی۔ سبز رنگ کے ہلکے شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس۔ زدجد۔ سنگ قمر۔ دُرناسفید۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۱۱۔۲۰۔۲۹۔[illegible]۔۵۶۔۶۵۔۷۴ ہیں۔

(۸)

آٹھ(۸) سترہ(۱۷) چھبیس(۲۶) اگست

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم کی ہڈی چوڑی۔ غصہ بہت زیادہ۔ ڈینگ مارنے والا۔ بظاہر انتہائی شریف اور دلیر حقیقت اسکے خلاف۔ بد اخلاق۔

مالی کیفیت :۔

مالی معاملات میں محتاط رہیں۔ ملازم دھوکہ دینگے۔ کسی پر اعتبار نہ کریں مالی لین دین و دیگر معاملات خود انجام دیں۔

صحت :۔

صحت مند مگر بیماری سے جلدی چھٹکارا نہیں ہوگا۔ صحت کا خیال رکھیں تاکہ بیمار نہ ہوں۔

ستارہ :۔

شمس۔ زحل کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سیاہ۔ ارغوانی گہرا۔ گہرے نیلے رنگ کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس سیاہ۔ دراسود۔ سیاہ یاقوت۔ ہر گہرے رنگ کا پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔۸۔۱۳۔۱۷۔۲۲۔۲۶۔۳۱۔۳۵۔۴۰۔۴۴۔۴۹۔۵۳۔۵۸۔۶۲۔ ہیں۔

(۹)

نو(۹) اٹھارہ(۱۸) ستائیس(۲۷) اگست۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم مضبوط و فربہ۔ مزاج پختہ۔ مستقل مزاج۔ جلد باز۔ سیاست دان۔ شریف طبع۔ سخی۔ غریب پرور۔

مالی کیفیت :۔

عمر کے ابتدائی ۳۶ سال مالی بحران کا شکار بقایہ زندگی آسودہ حالی اور مالی فراوانی میں گزرے گی۔

صحت :۔

اعصاب کمزور مرض سے جلد متاثر ہو جاتے ہیں۔ بخار بھی اکثر آنے کا امکان ہے۔

ستارہ :۔

شمس۔ مریخ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ نارنجی۔ گلابی۔ قرمزی رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینہ :۔

تامڑا۔ الماس۔ سرخ یاقوت۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔ ۱۸۔ ۲۷۔ ۳۶۔ ۴۵۔ ۵۴۔ ۶۳۔ ۷۲۔ ہیں۔



نواں باب

سورج برج سنبلہ میں ۲۴ اگست سے ۲۳ ستمبر تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف : پ۔ ح۔

برج سنبلہ۔ سیارہ عطارد۔ مبارک والا دن بدھ۔ رنگ گہرا زرد۔ نگینہ زمرد۔ عدد (۵) ہیں۔

ستمبر میں پیدا ہونے والوں کا برج سنبلہ سیارہ عطارد ہے۔ سنبلہ کو کینا راس سنسکرت میں کہتے ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کا رنگ گندمی ہوتا ہے۔ ان کے لئے مبارک دن بدھ۔ جمعہ۔ اتوار ہیں۔ ان دنوں میں ہر کام کے اندر فائدہ ہوگا۔ ہفتہ پیر کے دن نقصان ہوگا۔ انکو چاند دیکھ کر سبز رنگ کی چیز دیکھنی چاہیے۔ انکا پورا ماہ خوشی اور آرام سے گزرے گا۔ آفات سماوی سے محفوظ رہے گا۔ انکے لئے منگل۔ جمعرات مساوی ہوتے ہیں نہ نفع نہ نقصان چیت کا ماہ ان کو نقصان دہ ہے۔ اس کی سمت بائیں ہاتھ پر ہے۔ یہ جسکے بائیں جانب کھڑے ہو کر بات کریں گے تو وہ مہربان اور بات کو تسلیم کرے گا اس راس میں پیدا ہونے والے کٹر مذہبی ہوتے ہیں۔ مذہب کے خلاف کوئی کام نہیں کرتے انکی اولاد فرمانبردار ہوتی ہے۔ انکی مالی حالت درمیانی ہوتی ہے بہت زیادہ مالدار نہیں ہوتے زندگی خوش و خرم باعزت بسر کرتے ہیں۔ پیشہ تجارت اختیار کرتے ہیں ملازمت انکو راس نہیں آتی صرف تجارت ہی ترقی کا سبب ہوتی ہے۔ ان کے دوست احباب بہت کم مخالف بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ انکو نیکی کا بدلہ برائی سے ملتا ہے۔ ان کے احسان اور نیکی کی کوئی قدر نہیں کرتا۔ انکو پچاس سال کی عمر میں جان لیوا بیماری ہو سکتی ہے۔ اگر یہ اس بیماری سے جانبر ہو گئے تو انکی عمر بہت لمبی ہوتی ہے۔ انکو ماں باپ کی شفقت بہت زیادہ ملتی ہے۔ اور فائدہ بھی خوب حاصل ہوتا ہے۔ مگر عزیز رشتہ داروں سے نقصان ہی ملتا ہے۔ کنیا راس والے کو برکھ۔ برچھک۔ مکر راس میں پیدا ہونے والوں سے فائدہ ہوتا ہے۔ حمل۔ دھن۔ دلو میں پیدا ہونے والوں سے نقصان ہوتا ہے۔ جوزا۔ کرک۔ میزان راس والے سے ہر دو فائدہ نقصان مساوی ہوتے ہیں۔ انکو اپنی جائے پیدائش سے جنوب کی طرف سفر کرنے سے فوائد حاصل ہوتے ہیں اس راس

میں پیدا ہونے والا جاہل نہیں ہوگا۔ صاحب علم ہوگا۔ یہی علوم کا عالم ہوگا۔ یہ حالت غربت وناداری بھی خوش و خرم رہے گا۔ انقلابات زمانہ سے متاثر نہیں ہوتا۔ اپنے حال میں مست اور مگن رہتا ہے یہ خود بھی خوش رہتا ہے اور احباب کو بھی خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ صفائی ستھرائی کا دلدادہ پاکیزگی کو بے حد پسند کرتا ہے یہ کسی نہ کسی ہنر کا ماہر استاد کامل ہوگا۔ اس کو عورتوں سے از حد انس و محبت ہوتی ہے اسکی عمر کا آخری حصہ انتہائی عیش و آرام میں بسر ہوتا ہے اسکی زندگی کا ابتدائی حصہ اکثر تکلیف میں گزرتا ہے۔ اگر اس کی ابتدائی زندگی میں کہیں سے دولت مل جائے تو یہ اسکو عیاشی اور ناجائز طریقے سے تباہ و برباد کریگا۔ اسکو کوئی مہلک بیماری بھی لگ سکتی ہے۔ نہ یہ ملازمت کرتے ہیں نہ انکو ملازمت سے فائدہ ہوتا ہے۔ انکو صرف تجارت ہی سود مند ہے اسکو اپنی اولاد سے آرام اور عورت سے دکھ پہونچتا ہے۔ انکے اولاد کافی پیدا ہوتی ہے مگر زندہ کم رہتی ہے۔ ایک دو لڑکے اور ایک لڑکی بچے ہیں۔

یہ اچھی عادات واطوار کی وجہ سے سوسائٹی میں باعزت رہتا ہے مگر اس کو اپنے نیکی کرنے کا صلہ بدلہ بہتر نہیں ملتا مگر پھر بھی یہ اپنی نیکی کرنے کی عادت ترک نہیں کرتا ہے جو کام کرتا ہے اسکو پورا کرتا ہے اسمیں ناکام نہیں ہوتا۔ یہ غیر بات پر ڈٹ جائے ڈٹا ہی رہتا ہے اسکو چھوڑتا نہیں ہے چاہے اس میں اسکو نقصان ہی ہو جائے انکو وراثت میں جائیداد بھی مل جاتی ہے۔ یہ دولت بے دریغ خرچ کرتا ہے۔ اگر کہیں سے اسکے ہاتھ آجائے تو خوب خرچ کرتا ہے۔ ابتدائی زندگی میں ترقی نہیں کرپاتا۔ مگر ستر وسیلہ ظفر ہوتا ہے۔ اسکو کسی جانور سے جسمانی نقصان ہو سکتا ہے۔ اس راس والے اکثر دو شادیاں کرتے ہیں تنگی جوانی تنگی سے گزرتی ہے مگر چالیس سال کے بعد خوش حال دولتمند ہو جاتے ہیں۔ انکو پیٹ کی بیماری ہو جاتی ہے۔ پیشاب۔ مثانہ کی تکلیف بھی ہو جاتی ہے۔ ۲۔۵۔۱۱۔۱۳۔۱۸ سال کی عمر تک ان کو خطرات پیش آسکتے ہیں۔ اگر یہ جانبر ہو گئے بچ گئے تو ۷۰۔۸۰ سال کی عمر پاتے ہیں اور کامیاب زندگی گزار کر رخصت ہوتے ہیں۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) نمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا۔ انتہائی چالاک۔ دوسروں کو فائدہ دینے والا۔ فراخ دل۔ آزاد خیال۔

مالی کیفیت :۔

دوسروں کی مدد سے مالی حالات بہتر بنانے کا موقع ملے گا۔ صنعت یا کاروبار مفید ہیں۔

صحت :۔

صحت مند۔ صحت کو قائم رکھنے کے لئے ورزش سیر و سیاحت اور کھلی فضا میں چہل قدمی ضروری ہے۔

ستارہ :۔

شمس۔ عطارد۔ کیتو کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سنہری۔ زرد۔ ہلکا آسمانی۔ نارنجی۔

نگینہ :۔

یاقوت۔ الماس۔ پکھراج۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۱۰۔۱۹۔۲۸۔۳۷۔۴۶۔۵۵۔۶۴۔۷۳۔ ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۲۹) تمبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم نازک۔ رنگ سانولا۔ طویل قد و قامت۔ خود غرض۔ انتہائی دانا و زیرک۔ کنجوس۔ مطلب بر آری ہر صورت میں کام کرنے والے۔

صحت :۔

صحت مند۔ خوراک میں اعتدال ضروری ہے۔ بے اعتدالی بے احتیاطی مرض کا موجب ہوگی۔ اگر مرض لگ گیا تو صحت کی امید نہیں ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔ عطارد کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سلیٹی۔ سبز۔ نیلے تمام شیڈ

نگینہ :۔

سنگ قمر۔ زمرد۔ در نجف۔ سبز زمرد بہت ہی بہتر ہے۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۱۱۔۲۰۔۲۹۔۳۸۔۴۷۔۵۶۔۶۵۔۷۴۔ ہیں۔

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) تمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ سرخی مائل۔ سانولا۔ ذہن متکبرانہ۔ بڑ بولا۔ ہوس پرست۔ انتہائی بدلحاظ۔ عمل۔ کسی کے جذبہ اور احساس کی قدر نہ کریگا۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ مالی اعتبار سے مضبوط۔ یہ دولت مند رہے گا۔ مگر دولت کی فکر اسکو ہمیشہ دامن گیر رہے گی۔

صحت :۔

معدہ۔ جگر۔ [illegible] کا خاص خیال [illegible] رکھیں۔ لاپرواہی [illegible] صحت تباہ ہو سکتی ہے۔

ستارہ :۔

مشتری۔ عطارد کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی۔ کاسنی۔ اور ہلکے رنگ کے تمام شیڈ۔ اودا۔

نگینہ :۔

لاجورد۔ الماس۔ اسکندرط۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔ ۱۲۔ ۲۱۔ ۳۰۔ ۳۹۔ ۴۸۔ ۵۷۔ ۶۶۔ ہیں۔

(۴)

چار (۴) تیرا (۱۳) بائیس (۲۲) حسبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ انتہائی سنجیدہ۔ فہیم وزیرک۔ علم ولوب کا دلدادہ۔ سخاوت کی بجائے کنجوس۔ ماحول پر نحوست طاری کر دینے والا۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ دولت وراثت کے جھگڑوں میں تباہ ہو گی۔ دولت کا ٹی آئے گی مگر ملازمین دوست احباب رشتہ دار نقصان کا موجب ہوں گے۔

صحت :۔

صحت مند۔ جس رفتار سے بیماری کا ورود ہو گا اسی رفتار سے صحت بھی ہو گی نتیجتاً صحت مند ہی رہیں گے۔

ستارہ :۔

نحس۔ عطارد۔ کے زیر اثر

برکت والے رنگ :۔

سنہرا۔ زرد۔ بھورا۔ آسمانی نیلگوں۔

نگینہ :۔

یاقوت۔ پکھراج۔ الماس۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔۸۔۱۳۔۱۷۔۲۲۔۳۱۔۳۵۔۴۰۔۴۴۔۴۹۔۵۳۔۵۸۔۶۲۔ ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴) تئیس (۲۳) ستمبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ بال کالے۔ رنگ سانولا۔ بے حد خواہش مند۔ انتہائی قابل۔ ذہین و فطین۔ انتہائی چالاک ذہین۔ [illegible] بہت سی زبانوں کا عالم۔ خوش بیاں مقرر۔ کفایت شعار۔ میکانکی ایجادات کا ماہر۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ ہر کاروبار میں دولت ملے گی خوب فائدہ ہوگا۔ دماغ بہترین کاروباری صلاحیتوں کا حامل ہے۔

صحت :۔

صحت مند۔ اعصاب کا خاص خیال رکھیں۔ بیماری سے محفوظ رہیں گے۔ عمر دراز ہوگی۔

ستارہ :۔

عطارد کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

ہر رنگ کا ہلکا شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس۔ چمکدار رنگ کا ہر پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۱۴۔۲۳۔۳۲۔۴۱۔۵۰۔۶۸۔۷۷۔ ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) ستمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ سانولا۔ بال گہرے بھورے۔ چہرہ بیضوی۔ انتہائی فرزانہ۔ ذہین فطین۔ مہذب۔ فنون لطیفہ و موسیقی کا انتہائی شائق۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ کاروبار درست۔ احباب کے تعاون سے کامیاب دولت وراثت سے بھی ملے گی۔

صحت :۔

صحت مند۔ کبھی گلے اور سینہ کے امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ احتیاط کریں۔

ستارہ :۔

عطارد۔ زہرہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سفید۔ دودھیا۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس۔ لاجورد۔ سیفائر۔ فیروزہ۔ در نجف۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۶۔۱۴۔۱۵۔۲۳۔۲۴۔۳۲۔۳۳۔۴۱۔۴۲۔۵۰۔۵۱۔۵۹۔۶۰۔

ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) ستمبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد اکثر لمبا۔ مضبوط جسم۔ رنگ سیاہ۔ کبھی گندمی۔ چالاک۔ دلدادۂ علم حکمت۔ لوب دلنون لطیفہ کا عاشق۔ کینہ پرور۔

مالی کیفیت :۔

دولت کے لئے بے اندازہ حریص۔ دوسروں کو ان کے مشورہ سے فائدہ ہوگا۔ مگر اپنے معاملات میں احتیاطی تدابیر اختیار کرتے کرتے حصول دولت کے سنہری مواقع ضائع کر دے گا۔ وقت گزر جائے گا پھر کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

صحت :۔

صحت ذہن کے زیر اثر ہے۔ خصوصی توجہ کریں۔ مشروبات کے استعمال میں محتاط رہیں اسکا اثر نظام ہضم کو خراب کر سکتا ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔ عطارد۔ نپ چون کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سبز زردی مائل۔ سفید دودھیا۔ فاختئی۔

نگینہ :۔

سبز زبرجد۔ سنگ قمر۔ در نجف۔ جملہ چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲-۷-۱۱-۱۶-۲۰-۲۵-۲۹-۳۴-۳۸-۴۳-۴۷-۵۲-۵۶-۶۱-ہیں

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) ستمبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم فربہ گول مٹول۔ رنگ سیاہ۔ منحوس۔ گرہ خصلت۔ تند مزاج ۔ ذہین وفطین۔ دلدادۂ علم و حکمت۔ ظاہری نام و نمود کا شائق۔ انتہائی چست چالاک۔ بد لحاظ۔ برائیوں کا مجموعہ۔

مالی کیفیت :۔

حد سے زیادہ محتاط رہنے کی وجہ سے نقصان اٹھائیں گے حصول دولت کے سنہری موقع کھودیں گے۔

صحت :۔

جسم صحت مند ہے گو ذہنی کیفیت بھی بہتر ہے مگر جسم میں زہر پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔ ہرنیا۔ دلو۔ خارش بھی ہو سکتی ہے۔

ستارہ :۔

زحل۔ عطارد کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

تمام گہرے رنگ مفید ہیں۔

نگینہ :۔

الماس سیاہ۔ یاقوت سیاہ۔ دراسود۔ گہرے رنگ کا ہر پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔۸۔۱۲۔۱۳۔۲۲۔۲۶۔۳۱۔۳۵۔۴۰۔۴۴۔۴۹۔۵۳۔۵۸۔۶۲۔ ہیں۔

(۹)

نو (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) ستمبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ رنگ سیاہ۔ جسم مضبوط۔ مزاج تند و تیز۔ جذبات میں بہت جلد آجاتا ہے۔ فریبی۔ کینہ پرور۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ ہر کاروبار میں کامیاب رہیں گے۔ ہمیشہ دولت کثیر ہاتھ میں رہے گی۔

صحت :۔

صحت مند۔ کسی حادثہ کا خطرہ زیادہ ہے۔ کوئی خطرناک پریشانی بھی ہو سکتا ہے۔

ستارہ :۔

مریخ۔ عطارد کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

گلابی۔ سرخ۔ قرمزی۔

نگینہ :۔

تامڑا۔ سرخ یاقوت۔ ہر سرخ قیمتی پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔ ۱۸۔ ۲۷۔ ۳۶۔ ۴۵۔ ۵۴۔ ۶۳۔ ۷۲۔ ۸۱۔ ہیں۔

دسواں باب

سورج برج میزان میں ۲۴ ستمبر سے ۲۳ اکتوبر تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف: ت۔ر۔ط۔ ہیں۔

برج میزان۔ سیارہ زہرہ۔ برکت والا دن جمعہ۔ رنگ نیلا زردی مائل۔ نگینہ ہیرا۔ عدد (۶) ہے۔

ماہ اکتوبر میں پیدا ہونے والوں کے بازو یا گردن پر کوئی نشان پیدائشی قدرتی ہوگا یا کسی چوٹ یا زخم کا نشان ہوگا۔ انکا رنگ زردی مائل گندمی ہوگا۔ قد درمیانہ۔ عادات واطوار سے زنانہ پن مترشح ہوگا۔ عورتوں سے زیادہ محبت کرتا ہوگا اس کی رغبت بھی عورتوں کی طرف ہی ہوتی ہے۔ اس کے عزیز واقارب اس سے نالاں رہتے ہیں۔ یہ انکی پرواہ خبر گیری کرتا ہے۔ اس کو ملازمت کبھی راس نہیں آتی نہ خود ملازمت کرنی چاہتا ہے اگر جبراً کرادی جائے تو یہ اس میں کوئی ترقی نہیں کرتا۔ اسکو تجارت عموماً سود مند ہے زیادہ بہتر اسکے لئے کاشتکاری کا پیشہ ہے۔ اس میں ترقی خوب کرتا ہے۔

اس کے لئے مبارک دن بدھ۔ جمعہ۔ ہفتہ ہیں اور جمعرات۔ پیر۔ انتہائی ناقص و نحس ہوتے ہیں۔ اور بیساکھ کا مہینہ بھی اس کے لئے نحس ہوتا ہے۔ اسکو اکثر اس ماہ میں نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ اس کی سمت بائیں الٹے ہاتھ کی طرف ہے۔ یہ جس کسی کے الٹے ہاتھ کی طرف کھڑے ہو کر بات کرے گا وہ اس کی بات کو غور سے سن کر عمل کرے گا۔ اس کو نیا چاند دیکھ کر سبز یا سفید رنگ کی چیز دیکھنے سے پورا ماہ خوش آرام اور راحت قلبی کے ساتھ گزارے گا ماہ اکتوبر یعنی طلار اس میں پیدا ہونے والے کٹر مذہبی دین پر سختی سے کاربند ہوتے ہیں۔ اور قوانین پر ہمیشہ عمل پیرا رہتے ہیں۔ اولاد ان کے بہت زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ مگر زندہ کم رہتی ہے مر جاتی ہے۔ اگر ان کا پیدا ہونے والا پہلا لڑکا بچ گیا تو وہ صاحب اقبال ہوگا ماں باپ کے لئے انتہائی سعید و نیک بخت ہوگا۔ یہ مالی اعتبار سے اکثر درمیانی حالت کے ہوتے ہیں نہ بہت زیادہ امیر نہ بہت زیادہ غریب مفلس حال ہونگے۔ انتہائی کفایت شعار ہوتے ہیں کہ انکو بخیل و کنجوس قیاس کیا جاتا ہے۔ مگر کنجوس ہوتے [illegible] اگر دولت آجائے تو دل کھول کر

خرچ کر دیتے ہیں۔

حلاد اس والے کا مؤکل فہم الطائیل ہوتا ہے اگر یہ موکل کی زکوۃ ادا کر کے اسکو تابع کرلے تو وہ اس کے ہر کام کو خیر و خوبی سر انجام دیتا ہے۔ موکل کو تابع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ بعد نماز عشاء یا فجر سے قبل تین ہزار ایکسو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ مرتبہ کے بعد یہ پڑھے اَجِبْ یَا فَہْمَ الطَّائِیْلُ پڑھے۔ یہ جلالی نہیں ہے اس میں کسی پرہیز اور پابندی کی ضرورت نہیں ہے۔ نہ جگہ نہ وقت کی اسکو چالیس دن پڑھنے سے زکوۃ ادا ہو جائیگی۔ اس کے بعد ہمیشہ روزانہ کسی وقت چالیس مرتبہ پڑھنا کافی ہوتا ہے۔ موکل اسکی خیر خواہی ہی کرے گا اور نقصان سے خبر دار کرے گا۔ یہ لوگ شادیاں کثرت سے کرتے ہیں اسکے سوا غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات بھی قائم کر لیتے ہیں انکا میلان عورتوں کی طرف بہت زیادہ ہوتا ہے۔ ہر جائز و ناجائز کر گزرتے ہیں۔ راگ رنگ موسیقی کے دلدادہ ہوتے ہیں امراء و روساء سے دوستی کرنا ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہوتی ہے۔ اسمیں اپنی عزت سمجھتے ہیں اور یہ لوگ زندگی انتہائی عیش و عشرت عیاشی سے گزارتے ہیں ہر کام انتہائی ہوشیاری سے کرتے ہیں۔

انکو علم مجلسی خوب آتا ہے اس کے یہ ماہر ہوتے ہیں یہ اپنے خاندان کی عزت و ناموس کی خوب پاسداری کرتے ہیں۔ یہ لوگ ہر کام میں کچھ نہ کچھ۔ دسترس رکھتے ہیں یعنی ہر فن مولا قسم کے ہوتے ہیں۔ اپنے بزرگوں کے نام کو خوب بلند کرنے میں ایڑھی چوٹی کا زور لگا دیتے ہیں اپنے عزیز و اقربا کی دستگیری انکی پرورش اور انکے کاموں کے انجام دہی میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔

انکا مزاج بلغمی ہوتا ہے۔ نزلہ زکام اور کھانسی انکو دائمی رہتا ہے۔ اواخر عمر میں قوت مردی سے محروم ہو جاتے ہیں اور ان کے گردے۔ دماغ کمزور ہو کر کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ جو پریشانی کا موجب ہوتے ہیں۔ اور پریشان خوابی کا مرض بھی انکو لاحق ہو جاتا ہے۔ یہ جیسے اپنے عزیز و اقربا کی پرورش عزت و توقیر سے کرتے ہیں مگر اسکے جواب میں ان کے عزیز و اقربا انکا احترام نہیں کرتے [illegible] مطلب برآری کے لئے اس کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔ پس پشت اس سے حسد کرتے [illegible] انکا احترام کرتے ہیں [illegible] عزت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اکتوبر میں پیدا ہونے والے اکثر کسی جانور سواری یا بلندی [illegible] ہو جاتے ہیں۔ اور

کافی عرصہ تک اس چوٹ سے تکلیف میں رہتے ہیں جلد جانبر نہیں ہوتے یہ اپنے ارادے اور خیالات کا بہت پختہ ہوتا ہے۔ اسکے بھائی بہن زیادہ نہیں ہونگے مگر اسکو ان سے کوئی فائدہ آرام نہیں ملے گا۔ تلا راس اکتوبر میں پیدا ہونے والا اپنے ماں باپ بہن بھائی عزیز اقارب سب کے لئے سعید و مبارک ہوتا ہے سب کو اس سے فائدہ ملتا ہے مگر وہ اسکے حق میں بہتر نہیں ہوتے۔

اسکو ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۱۲۔ ۱۹۔ ۲۷۔ ۳۳۔ سال کی عمر میں کوئی واقعہ یا مرض لاحق ہو سکتا ہے جس سے اسکی موت واقع ہو جانے کا خدشہ ہوتا ہے اگر یہ مرض یا واقعہ سے بچ گیا تو اسکی عمر ۸۰ سال کے قریب یا کچھ زیادہ ہو سکتی ہے۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) اکتوبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ بدن چھریرا۔ خوداعتماد۔ میانہ روی۔ متکبر۔ دلیر۔ سخی ہوتا ہے۔ صاحب الرائے نہیں ہوتا۔

مالی کیفیت :۔

اپنی سمجھ داری اور قابلیت کی وجہ سے دولت حاصل کرتا ہے۔ اور ہمیشہ دولت میں کھیلتا ہے۔

صحت :۔

کام میں مشغول رہنے سے صحت قائم رہے گی بے کاری خرابی صحت کا باعث ہو گی

ستارہ :۔

شمس۔ زہرہ۔ سکینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ نارنگی۔ سلیٹی۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ

نگینہ :۔

یاقوت۔ الماس۔ پکھراج۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱_۲_۸_۱۰_۱۵_۱۷_۱۹_۲۴_۲۶_۲۸_۳۳_۳۵_۳۷_۳_۴۲_۴۴_
۴۶_۵۱_۵۳_۵۵_۶۰_۶۲_۷۱_ ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۲۹) کشتہ۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا طویل۔ جسم درمیانہ فربہ۔ اعضا متناسب۔ رنگ گورا۔ مزاج ملنون۔
عادت انتہائی پیاری۔ عیش پرست۔ خوش مزاجی۔ زندگی رنگین گزرے گی۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ کاروبار سے دولت خوب جمع ہوگی امپورٹ ایکسپورٹ حصول دولت کے
لئے انتہائی مفید رہے گا۔

صحت :۔

بچپن میں کمزور دبلے پتلے۔ جوانی صحت مند۔ بڑھاپے میں کمزور کمر میں ریڑھ کی
ہڈی کے اندر خرابی ہوسکتی ہے۔ احتیاط کریں۔

ستارہ :۔

قمر۔ زہرہ۔ نپ چون کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

فاختئی۔ سفید۔ دودھیا۔ سبز۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینے :۔

یاقوت۔ زمرد سبز۔ فیروزہ۔ [illegible]

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۵۔۷۰۔

ہیں۔

(۳)

تین(۳)بارہ(۱۲)اکیس(۲۱) تیس(۳۰)اکتوبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم کسرتی بھرپور۔ رنگ سرخ و سفید۔ خوش مزاج۔ فراخدل۔ آزاد خیال۔ دل پسند شخصیت کا مالک۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ تجارت۔ وکالت۔ صنعت و حرفت۔ حصول دولت کا سبب ہیں۔
بالدار دوستوں کے تعاون اور جنس مخالف و شادی امیر کبیر بننے کے اسباب ہیں۔

صحت :۔

زندگی کے ساتھ ساتھ صحت ترقی کرتی چلی جائے گی۔ اکیس سال کی عمر میں بہترین صحت ہوگی۔ بہت کم مریض ہوں گے۔

ستارہ :۔

مشتری۔ زہرہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

اودا۔ کاسنی۔ زعفرانی۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینہ :۔

فیروزہ۔ لاجورد۔ زعفرانی اور ہر چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۶۔۱۲۔۱۵۔۲۱۔۲۴۔۳۰۔۳۳۔۳۹۔۴۲۔۴۸۔۵۱۔۵۷۔۶۰۔۶۲۔۶۶۔ ہیں

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) اکتیس (۳۱) کا حکم

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا۔ قوت ارادی قوی۔ ادب و فنون کا دلدادہ۔

حساس۔ باریک بین۔

مالی کیفیت :۔

وراثت سے حصول دولت ہوگا۔

صحت :۔

کمزور گلے۔ ناک چہرہ۔ اعضائے رئیسہ میں غیر معمولی تکلیف کا امکان ان میں کسی کا اپریشن بھی ہو سکتا ہے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔

ستارہ :۔

شمس۔ زہرا۔ سیکنہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ جامنی۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینہ :۔

الماس۔ فیروزہ یاقوت۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷۔ ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲۔ ۶۷۔

ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴) تیئس (۲۳) کا حکم

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ رنگ سرخ و سفید۔ باادب مہذب۔ کفایت شعار۔ منصف مزاج۔ روایات قدیم کا پابند۔ سائنٹیفک مطالعہ کا دلدادہ۔

مالی کیفیت :۔

درمیانی۔ دوسرے انکی رائے سے مستفید ہوتے ہیں یہ اپنی رائے پر خود عمل نہیں کرتے نقصان میں رہتے ہیں۔

صحت :۔

جسم مضبوط گٹھیلا قوت مدافعت بہت زیادہ مگر اعصاب کی شکایت اکثر ہو جاتی ہے

ستارہ :۔

زہرہ عطارد کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ

ہر قسم کا چمکدار بھڑکیلا رنگ۔

نگینہ :۔

الماس۔ ہر رنگ کا چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔۱۴۔۲۳۔۳۲۔۴۱۔۵۰۔۵۹۔۶۸۔۷۷۔ ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) اکتوبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ اعصاب مضبوط۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا۔ بال سنہرے۔ آنکھیں نیلی۔ انتہائی خوبصورت۔ اعلیٰ اوصاف کا حامل۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ اپنے مرتبہ پروگراموں پر سختی سے عمل کریں گے تو آپ کو دولت کا حصول بے حد آسان ہو گا۔ کبھی بھی خسارہ نہیں ہو گا۔

صحت :۔

صحت مند۔ قوت مدافعت کی کثرت ہے۔ شاذ و نادر ہی بیمار ہوں گے اگر کبھی بیمار ہوئے تو جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔

ستارہ :۔

شمس۔ زہرہ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ نارنجی۔ نیلے رنگ کے تمام شیڈ۔

نگینہ :۔

یاقوت۔ الماس۔ فیروزہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۶۔ ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲۔ ۵۱۔ ۶۰۔ ۶۹۔ ۷۸۔ ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) کا عدد

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا چھریرا۔ رنگ گورا۔ خوبصورت۔ دور اندیش۔ عادت متوازن۔ نرم دل۔ صاحب وقار۔ حساس۔ لوب دلنزن کا شائق۔ گفتگو با سلیقہ۔

مالی کیفیت :۔

مالی حالت ڈانوا ڈول۔ کبھی امیر کبیر کبھی مفلس قلاش غریب۔ مالداری کے دنوں میں کچھ دولت پس انداز کر سکے ہیں کہ مفلسی کے دنوں میں کام آ سکے۔

محمد شبیر قادری

نگینہ :۔

فیروزہ۔ زمرد۔ سبز۔ سنگ قمر۔ دُرِنجف۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔۶۵۔ ہیں۔

(۹)

نوب (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) وغیرہ

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا طویل۔ اعضا متناسب۔ چہرہ گول۔ رنگ سرخ و سفید۔ خوشامد پسند۔ خود اعتماد۔ خوش مزاج۔ بڑھا چڑھا کہنے والا۔ گھمنڈی۔

مالی کیفیت :۔

کامیاب مالدار۔ دولت حاصل کر لے گی حکومت کے عہدوں کی ذمہ داری سے دولت اور مرتبہ و عزت حاصل ہو گی۔ قلیل مدت میں مالدار ہوں گے۔ اپنی طبیعت کی تیزی کو قابو میں رکھیں تو دولت قدم چومے گی۔

صحت :۔

بچپن میں جسمانی کمزوری ہو گی۔ ۲۸ سال کی عمر کے بعد جسم تندرست و توانا رہے گا۔ مگر جابجا بد ہضمی۔ خون میں حدت سے پھوڑے پھنسی کی شکایت رہے گی۔

ستارہ :۔

مریخ۔ زہرہ کے زیرِ اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سرخ۔ قرمزی۔ گلابی۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ تامڑا۔ مرجان۔ الماس۔ فیروزہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔۱۸۔۲۷۔۳۶۔۴۵۔۵۴۔۶۳۔۷۲۔ ہیں۔



گیارہواں باب

سورج برج عقرب میں ۲۳ اکتوبر سے ۲۲ نومبر تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف : ن۔ی۔

برج عقرب۔ سیارہ مریخ۔ برکت والا دن منگل۔ رنگ گہرا سرخ۔ نگینہ سنگ یشب۔ عدد (۹) مبارک ہے۔

نومبر میں پیدا ہونے والوں کا برج عقرب اور سیارہ مریخ ہے۔ اکتوبر میں پیدا ہونے والے ستر اسال کی عمر تک روشن دماغ مذہبی طور پرست ہوتے ہیں۔ کبھی کبھی انکا دماغ اسکے خلاف سوچنے لگتا ہے۔ مگر جلد ہی راہ راست پر آجاتا ہے۔ اس ماہ کے پیدا ہونے والوں میں ولیوں کی کثرت ہوتی ہے۔ اکثر ولی ہوتے ہیں یہ انتہائی جذباتی ہوتے ہیں انکی یہی خصوصیت انکے کریکٹر کو بناتی ہے۔ ان کے اندر زبردست کشش ہوتی ہے۔ یہ لوگ دلیل کے مقابلہ میں جذبات سے کام لیتے ہیں۔ یہ اپنے سامعین کے احساس کو اپنے قابو میں اس طرح کر لیتے ہیں کہ جب چاہیں جدھر چاہیں انکا رخ موڑ لیتے ہیں۔ ان کی تحریر و تقریر میں بلا کی قوت ہوتی ہے۔ جس چیز کا بیان کرنے لگیں تو اس کی تصویر الفاظ کی معرفت اس طرح کھینچتے ہیں کہ سننے والا اسکا دیدار کر لیتا ہے یہ لوگ مخصوص صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ انکے اندر مقناطیس جیسی کشش ہوتی ہے۔ ہر دل انکی طرف کھنچا چلا جاتا ہے۔ انسان نوازی انکا طرہ امتیاز ہوتا ہے۔

یہ لوگ خطرناک مخدوش حالات میں ٹھنڈے دل و دماغ سے کام لے کر فیصلہ کرتے ہیں۔ اور کامیاب ہوتے ہیں۔ اسی ماہ میں پیدا ہونے والے قابل ترین سرجن ڈاکٹر بھی ہوتے ہیں۔ ان میں ایک یہ خامی بھی ہے کہ جن کی صحبت میں نشست و برخاست ہوتی ہے ان کے ہی رنگ میں رنگ جاتے ہیں اگر بری صحبت میں بیٹھیں تو وقتی طور پر ان جیسے بن جاتے ہیں لیکن تباہی کے کنارے پر پہنچنے سے پہلے ہی سنبھل جاتے ہیں۔ اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ مشکل ترین کام آخر کار دامن صاف بچا کر نکل جاتے ہیں۔

اس ماہ میں پیدا ہونے والے انسانیت کی بہبود و بھلائی کے لئے غور و فکر کرتے رہتے

ہیں۔ اگر انکی تھوڑی سی تعریف کر دی جائے تو وہ انسانی بھلائی کے لئے بہت اہم کارنامے سر انجام دے دیتے ہیں۔ انکی زندگی اکثر دوہری ہوتی ہے ایک مصنوعی دکھاوے کی دوسری حقیقی بھی یہ لوگ شادی شدہ ہونے کی صورت میں دو قسم کی زندگی گزارنے کے خواہش مند ہوتے ہیں ایک زندگی میں تکلفات، ذمہ داری گھر گرہستی کے تمام لوازمات ہوں اور دوسری میں وہ لاابالی طرز کی زندگی بسر کریں چاہے اس میں انکو تنہا ہی رہنا پڑے۔ جنسیات کی جانب بے حد مائل اور جنسی امراض کا شکار حد سے زیادہ جذباتی مگر پابندیاں برداشت نہیں کرتے۔ لاابالی اور بے حد آزاد ہوتے ہیں۔ کاروبار اور سیاسی معاملات میں انتہائی ہوشیار و زیرک ہوتے ہیں۔ دوسروں کے مشوروں کے بغیر انتہائی دانائی کے فیصلے کر جاتے ہیں اور نتیجتاً کامیاب رہتے ہیں۔

انکو آج کا کام کل پر نہیں چھوڑنا چاہیے لیت و لعل سے گریز کرنا چاہیے۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کے لئے یہ صفت انکی دشمن ہے یہ دماغی جنگ اور دلائل کے بادشاہ جنگ لڑنے کے ماہر ہوتے ہیں مگر عملی زندگی میں جنگ اور خون ریزی سے گریز کرتے ہیں۔ تو صلح پسند شہری کی حیثیت مشہور ہوتے ہیں جھگڑوں کا فیصلہ بڑی خوبصورتی سے کرتے ہیں۔ حق دار کو اس کا حق دلا دیتے ہیں۔ یہ اپنی تقریر و تحریر میں مخالف کو زیر کر دیتے ہیں۔ اگر مخالف صلح کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو سب کچھ بھلا کر رحم مجسم بن جاتے ہیں۔ ان کے دوست کثیر ہوتے ہیں۔ دشمن بہت کم ہوتے ہیں انکی ہمہ صفت شخصیت دوست دشمن کو سمندری موج کی طرح اپنے پہلے ریلے میں بہا کر لے جاتی ہے۔ کسی میں قدم جمانے کی جرأت نہیں ہوتی۔

جنسیات کو ان کی زندگی میں بڑا دخل ہوتا ہے۔ عورت مرد کی طرف مرد عورت کی طرف بڑی شدت سے مائل ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کو لوٹ کر چاہتے ہیں مگر ان میں جو لوگ قوت ارادی اور اولوالعزمی کے خواص سے متصف ہوتے ہیں وہ اپنی جنسی خواہشات پر قابو پا لیتے ہیں۔ وہ عروس کا مرانی سے ہمکنار ہو کر وصل کے لطف لیتے ہیں۔

نومبر میں پیدا ہونے والے برج عقرب والوں کو زیادہ سے زیادہ اعلیٰ و ارفع بلندی کی طرف مائل کر لیتے ہیں۔ کیونکہ انکو جاہلی سے بچانا ہے۔ یہ لوگ جاہ طلبی کی خاطر عظیم سے عظیم تر قربانی پیش کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔ ہر آزمائش پر پورا اترتے ہیں۔ تو یہ

لوگ دوسروں سے بہت زیادہ کام کر گزرتے ہیں۔ یہ دوسروں کی رائے کو اہمیت دیتے ہیں۔ اپنی اس کمزوری کی وجہ سے دھمکی دینے والوں کے چنگل میں پھنس جاتے ہیں۔ یہ خود غرضی کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ حصول مقصد کے لئے ہر چیز قربان کر دیتے ہیں۔ اگر وہ اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جائیں تو انکی مدد کوئی فیاض نہیں ہوتا۔ ایک مہربانی کا احسان دس گنا مانتے ہیں۔

اس ماہ میں پیدا ہونے والے مرد کا اپنے گھر میں تحکمانہ رویہ ہوتا ہے۔ مگر عورت اسکی گرویدہ ہوتی ہے۔ اور اس کی اس تحکمانہ رویہ کی بری عادت کو ہمیشہ نظر انداز کرتی ہے اس کی بیوی آخری وقت تک اپنے آدمی کی حمایت پر اڑی رہتی ہے۔

یہ اپنی مقناطیسی قوت کی وجہ سے دوسروں پر حاوی رہتا ہے۔ اور اپنی روحانی قوت کی وجہ سے اپنے اثرات دوسروں میں منتقل کرتا رہتا ہے۔ جب اسکے جذبات ہمدردی کرنے کیلئے عروج پر ہوتے ہیں تو یہ دوسروں کے درد کو اپنا درد سمجھتا ہے یہ لوگ خیرات کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اور ہر خطرے کا مقابلہ بغیر سوچے سمجھے کر گزرتے ہیں۔ ان کو جنسی خواہشات کا قابو میں رکھنا اشد ضروری ہے ورنہ وہ کسی شدید زیادتی کرنے سے گریز نہیں کریں گے۔ ایسے لوگ زندگی کے کسی اہم موڑ پر روحانیت کی جانب مائل ہو جاتے ہیں۔ اور غیر معمولی روحانیت وبصیرت وکشف قلوب حاصل کر لیتے ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے لوگ ممتاز مصور۔ مصنف۔ شاعر یا ولی کامل ہو کر شہرت حاصل کرتے ہیں۔ فطرتاً یہ لوگ فلسفی مطالعہ کے شائق دوسروں کے افکار کا تجزیہ کرنے کے ماہر ہوتے ہیں۔

انکے دوست احباب ان سے محبت وعقیدت رکھتے ہیں۔ اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے اپنی زندگی میں قسمت یا بہتان کے ساتھ مجھم بھی ہو سکتے ہیں۔ انکے معاشی وسائل اکثر دو طرح کے ہوتے ہیں۔ زندگی کے ابتدائی دور میں یہ لوگ اکثر غریب معاشی مشکلات میں تکالیف کے اندر زندگی گزارتے ہیں مگر یہی تکالیف ومشکلات اور مصائب انکی قوت ارادی کو بام عروج کی طرف لے جاتے ہیں۔ انکا نظریہ یہ ہوتا ہے کہ تندی باد مخالف سے نہ گھبر "اے عقاب یہ چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کیلئے۔ کامیابی وشہرت ان کے قدم چومتی ہے انکے دوست احباب اکثر ان تاریخوں میں پیدا ہونے والے ہوتے ہیں تاریخیں یہ ہیں برج حوت سے متعلق ۱۹ فروری سے ۲۰ مارچ۔ ۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل ۲۰ مئی سے ۲۷ مئی دو

بہت اچھے دوست۔ علامت ہوتے ہیں۔ ان تاریخوں میں پیدا ہونے والی عورتوں کے ساتھ ان کی شادی مفید اور کامیاب علامت ہوتی ہے۔ ۲۱ اپریل سے ۲۰ مئی یا ۲۱ ستمبر سے ۲۰ اکتوبر ان کے ساتھ انکی زندگی بھی اچھی طرح گزرتی ہے۔ ابتدائی عمر میں یہ لوگ بہت زیادہ دبلے پتلے ہوتے ہیں مگر عمر کے ساتھ ساتھ رفتہ رفتہ ان کا وزن اور فربہی بڑھتی جاتی ہے اور ادھیڑ عمر تک یہ کافی فربہ موٹے تازے ہو جاتے ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے مرد و عورت اکثر معدی یا گردے کے امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ انکو انتہائی توجہ رکھنی چاہیے۔

(۱)

ایک (۱) دس (۱۰) انیس (۱۹) اٹھائیس (۲۸) نومبر

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم مضبوط۔ موٹے تازے خوب فربہ۔ شتر کینہ۔ نڈر و تیز طرار۔ ذہین فطین۔ اچھی تجویز کرنے کے ماہر۔ صائب الرائے۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ دولت کمانے میں ماہر۔ مگر دولت انکے پاس رہتی نہیں ہے۔ شاہ خرچ۔ انکو دولت کے خرچ کرنے میں احتیاط ضروری ہے۔

صحت :۔

پچیس سال تک کمزور۔ اس کے بعد جسامت سے بھرپور ہو جائیں گے۔ جسم میں قوت مدافعت کی فراوانی ہوگی۔ جسم خوب مضبوط ہو جائے گا۔ صحت مند رہیں گے۔

ستارہ :۔

شمس۔ قمر۔ نیکنہ۔ نپ چون کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ سلیٹی۔ ہرا۔ سفید۔ دودھیا۔ سبز۔ فاختئی۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔۴۔۱۰۔۱۳۔۱۹۔۲۲۔۲۸۔۳۱۔۳۷۔۴۰۔۴۶۔۴۹۔۵۵۔۵۸۔
۶۴۔۶۷۔ ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۲۹) نومبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم بھدا۔ بال کالے گھنے۔ چہرہ زرد۔ بد صفات کا حامل۔ دغاباز منوس۔ مجی بدکار۔ گھمنڈی۔ شرابی۔ فضلیات کا شائق۔

مالی کیفیت :۔

درمیانی۔ دولت دور اندیشی سے ملے گی مگر پریشانی کا موجب ہو گی۔ بیوی کی جانب سے بھی حصول دولت ممکن ہے یا ذاتی جدوجہد سے ملے گی مگر محفوظ نہیں رہے گی۔ جلد برباد ہو جائے گی۔ احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

صحت :۔

جسم بھدا۔ صحت مند۔ نظام اعصاب کمزور۔ مرض کے حملے کو فوراً قبول کرنے والا۔

ستارہ :۔

قمر۔ نپ چون کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سفید۔ دودھیا۔ فاختی۔ سبز۔

نگینہ :۔

سنگ فلم جد۔ سنگ قمر۔ سرخ یاقوت۔ درِ مکنون۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔ ہیں

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) نومبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ رنگ سانولا۔ خود غرض۔ مغرور۔ حصول مقصد کے لئے دوست احباب کو نقصان دہ۔ بد سوغ۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ ہر تجارت و کاروبار میں حصول دولت ہوگی۔

صحت :۔

طاقت سے زیادہ کام صحت کو نقصان دہ ہے۔ آرام کی اشد ضرورت ہے۔

ستارہ :۔

مریخ۔ مشتری۔ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی۔ کاسنی۔ قرمزی۔ زعفرانی۔ سرخ۔ گلابی۔

نگینہ :۔

لاجورد۔ فیروزہ۔ اسکندرط۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔۹۔۱۲۔۱۸۔۲۱۔۲۷۔۳۰۔۳۶۔۳۹۔۴۵۔۴۸۔۵۴۔۵۷۔۶۳۔ ہیں۔

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) نومبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم دوہرا۔ رنگ سرخ و سفید۔ [illegible] گی۔ چست و چالاک۔ مذہب۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ کسی کے وعدہ پر اعتماد نہ کریں گے۔ احتیاط کا دامن سختی سے پکڑیں گے۔ شرکت مفید رہے گی۔ اپنی ایمانداری سے دولت ملے گی۔

صحت :۔

ذہن کی وجہ سے امراض لاحق ہوں گے۔ اگر ذہن صاف رکھیں گے تو صحت مند رہیں گے کبھی بیمار نہیں ہوں گے۔

ستارہ :۔

مریخ۔ سکینہ کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ

گلابی۔ آسمانی۔ قرمزی۔ سرخ۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ پکھراج۔ تامڑا۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔۸۔۱۳۔۱۷۔۲۲۔۲۶۔۳۱۔۳۵۔۴۰۔۴۴۔۴۹۔۵۳۔۵۸۔۶۲۔ ۶۷۔ ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴۰۰) تئیس (۲۳) نومبر

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم بھاری۔ بال کالے گھنگریالے رنگ سرخی مائل۔ مستقل مزاج۔ بااصول۔ ذہین فطین۔ خود غرض۔ [illegible] فطرت۔ بظاہر دیوانہ مگر بکار خویش ہوشیار۔ جنس مخالف کے لئے مقناطیس کی طرح۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ دولت کو خرچ کرنے میں احتیاط برتیں۔ فضول خرچی سے تباہ ہو جائیگی۔

صحت :۔

ابتدائی عمر میں صحت خراب جوانی میں مکمل تندرست اعصاب مضبوط امراض سے قوت مدافعت انتہائی قوی۔

ستارہ :۔

مریخ۔ عطارد کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سفید دودھیا۔ روپہلی۔ سرخ۔ گلابی۔ قرمزی۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ الماس۔ ہیرا۔ ہر قسم کا سرخ چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵۔ ۹۔ ۱۴۔ ۱۸۔ ۲۳۔ ۲۷۔ ۳۲۔ ۳۶۔ ۴۱۔ ۴۵۔ ۵۰۔ ۵۴۔ ۵۹۔ ۶۳۔ ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) نومبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ مائل بطوالت۔ جسم بھرپور۔ قوی الجثہ۔ رنگ سانولا۔ بال گہرے بھورے۔ گرم مزاج۔ جھگڑالو۔ حاسد۔ کم ظرف۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ سونے جیسے دولت حاصل ہوگی۔ جمع کرنے کی صلاحیت بھی ہے۔
ان تاریخوں میں پیدا ہونے والی عورتوں کی شادی بہت اچھی جگہ ہوگی اگرچہ دیر سے ہوگی۔

صحت :۔

صحت مند۔ اگر جسم بہت بھاری ہو گیا تو اختلاج قلب کا عارضہ بھی ہو سکتا ہے۔

ستارہ :۔

مریخ۔ زہرہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سرخ۔ قرمزی۔ گلابی۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ فیروزہ۔ تامڑا۔ نیلم۔ سرخ نیلے رنگ کے تمام پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۶۔۹۔۱۵۔۱۸۔۲۴۔۲۷۔۳۳۔۳۶۔۴۲۔۴۵۔۵۱۔۵۴۔۶۰۔۶۳۔

ہیں۔

(۷)

سات(۷) سولہ(۱۶) پچیس(۲۵) نومبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم فربہ۔ رنگ سیاہ۔ انتہائی ضدی۔ ذہنیت مجرمانہ۔ انتہائی ہنر مند۔

مالی کیفیت :۔

دولت سے بے فکر مگر غیر معمولی طریقوں سے دولت حاصل ہو گی۔

صحت :۔

غیر صحت مند۔ ذہنی دباؤ ہمیشہ لاحق رہے گا۔ اس کی وجہ سے ہمیشہ بیمار صاحب فراش رہیں گے۔

ستارہ :۔

قمر۔ مریخ۔ نپ چون کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سفید۔ دودھیا۔ سبز۔ فاختئی۔ سرخ۔ قرمزی۔ گلابی۔

نگینہ :۔

زمرد سبز یا بھورا۔ سنگ قمر۔ سرخ یاقوت۔ در نامعلوم۔ تامڑا۔ ہر پتھر سرخ چمکیلا۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۵۲۔۵۶۔۷۰۔

ہیں۔

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) نومبر

جسمانی کیفیت :۔

قد چھوٹا۔ جسم فربہ۔ رنگ سیاہ۔ آنکھیں سیاہ۔ کینہ فطرت۔ خوفناک ڈراؤنی شکل۔ دلیر۔ بد خو۔ دور خا منافق۔ جھگڑالو۔ بد لحاظ۔

مالی کیفیت :۔

انتہائی امیر کبیر یا انتہائی غریب مفلس قلاش۔ کبھی درمیانی کیفیت نہیں ہوگی۔

صحت :۔

انتہائی خوشگوار صحت کے مالک یا دائمی مریض درمیانی صحت کبھی قائم نہیں رہے گی۔

ستارہ :۔

زحل۔ مریخ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سیاہ۔ سرخ۔ سیاہی مائل۔ قرمزی۔ سرخ۔ گلابی۔

نگینہ :۔

کالا یاقوت۔ دراسود۔ الماس سیاہ۔ عقیق کلیجی رنگ والا۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷۔ ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۴۹۔ ۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲۔ ہیں۔

(۹)

نو (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) نو مبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم دوہرا۔ عظیم الجثہ۔ رنگ سرخی مائل سانولا۔ عظیم سیاست دان۔ حیثیت اور قابلیت میں منفرد۔ ضدی۔ سرکش۔ بدخو۔ فریبی۔ اس میں کچھ اوصاف حمیدہ بھی ہوں گے۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ حصول دولت کی کوشش بچپن سے ہوگی۔ بڑی عمر کو پہونچ کر امیر کبیر باحیثیت دولت مند ہو جائیں گے۔

صحت :۔

غیر صحت مند۔ بخار اور خرابی خون جیسے امراض میں مبتلا رہیں گے۔ حادثات کا شکار بھی ہو سکتے ہیں محتاط رہیں یہی بہتر ہے۔

ستارہ :۔

مریخ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سرخ۔ قرمزی۔ گلابی رنگ کے ہلکے شیڈ

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ تامڑا۔ سرخ رنگ کا ہر چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔۱۸۔۲۷۔۳۶۔۴۵۔۵۴۔۶۳۔۷۳۔ ہیں۔



بارواں باب

سورج برج قوس میں ۲۳ نومبر سے ۲۲ دسمبر تک گردش کرتا رہتا ہے۔

حروف: ف۔

برج قوس۔ سیارہ مشتری۔ برکت والا دن جمعرات۔ رنگ ارغوانی۔ نگینہ گومیدک۔ عدد (۳) ہے۔

دسمبر کے ماہ میں پیدا ہونے والوں کا برج قوس سیارہ مشتری ہے اس برج کا نشان تیر اندازی کا ہے اس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا۔ علمائے نجوم کا متفقہ فیصلہ ہے اس برج یعنی دسمبر میں پیدا ہونے والوں کا اندازہ کبھی غلط نہیں ہوتا۔ وہ مصائب لرائے اور انکی تدبیر کبھی غلطی نہیں کرتی دوسری نشانی برج کی آدھا جسم گھوڑے کا آدھا انسان کا ہے۔ برج قوس دسمبر میں پیدا ہونے والے بچوں کی تربیت اگر اچھی طرح کی جائے تو وہ کامیاب ترین زندگی گزارتے ہیں اور انکا نصب العین انتہائی بلند و بالا ہوتا ہے۔ انکی دلی اور دماغی قوتیں انتہائی متوازن ہوتی ہیں وہ حقیقی انسان اور اشرف المخلوق خلیفہ ارض کہلانے کے صحیح معنی میں حقدار ہیں۔ خلیفۃ اللہ فی الارض کے لئے یہی لوگ موزوں ترین ہوتے ہیں انبیاء علیھم السلام کی اکثر پیدائش اس برج قوس کے زیر اثر ہوئی ہے۔ مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے اس کے سوا بھی نبی پیدا ہوئے ہیں۔ یہ نڈر عزم صمیم کے مالک ہوتے ہیں جس کام کا ارادہ کرلیں اسکو مکمل کرکے دم لیتے ہیں۔ بعض ان کے دوست انکے انتہائی رائے کی بنا کی خود اعتمادی سے ان کے ساتھ دشمنی کرنے لگتے ہیں وہ انکو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں۔

ان کی ایک بہت بڑی خوبی یہ ہے کہ ایک وقت میں ایک کام کو انتہائی تندہی و دل لگی سے کرتے ہیں اسکا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے تو اس میں سو فیصد کامیاب و کامران ہوتے ہیں انکا ذہن ہمیشہ آئندہ کی کامیابی کے لئے آج کی کوشش و محنت میں مگن رہتا ہے انکی قوت فکر انتہائی تیز ہوتی ہے۔ یہ اپنے مخالف کا مطلب اس کے چند جملے سن کر سمجھ لیتے ہیں اور اسکا مدعا کو اپنے دو فقروں میں بیان کر دیتے ہیں۔ وہ انکی شکل دیکھتا رہ جاتا ہے یہ اسکا حال بھی مخاطب کو بتا دیتے ہیں۔ یہ میدان [illegible] نہیں کرتے بلکہ [illegible] سمجھتے ہیں ان

کے لئے یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ انکو قدرت کی طرف سے موت نہیں آتی بلکہ یہ خود اپنے آپ کو کام کی کثرت سے موت تک پہنچاتے ہیں یہ زندگی کے آخری لمحہ تک کام کرتے رہتے ہیں تھکنے کا نام نہیں لیتے۔

ڈاکٹروں کے نزدیک انکی موت کام کی کثرت کیوجہ سے ہوتی ہے اگر یہ آرام کرتے تو کچھ اور زندہ رہ سکتے تھے۔

اس ماہ میں پیدا ہونے والے انتہائی راست باز دیانت دار ہوتے ہیں اپنے دوستوں کے راز کو راز ہی رکھتے ہیں مشت ازبام نہیں کرتے دوستی کا حق ادا کر دیتے ہیں دھوکہ اور فریب سے بے حد نفرت کرتے ہیں۔ یہ دھوکہ بازوں کے دھوکہ بازی کو اعلانیہ بیان کر دیتے ہیں اپنے نفع و نقصان کی پروا نہیں کرتے یہ لوگ فراخ دل اور خوش مزاج ہوتے ہیں اگر ان سے مدد طلب کی جائے تو یہ مدد کرنے پر فوراً آمادہ ہو جاتے ہیں۔

ان میں ایک خاص بات یہ ہے کہ یہ فرد واحد پر اعتبار نہیں کرتے ادارہ اور جماعت کا فوراً اعتبار کر لیتے ہیں انکی امداد بھی دل کھول کر کرتے ہیں ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ یہ کسی غریب کی غربت سے متاثر ہو کر اپنے چیک لفافہ میں بند کر کے کسی انجمن کی طرف بھیج دیتے ہیں انجمن کا سیکرٹری جب لفافہ کھول کر دیکھتا ہے تو اس میں چیک اور سفارشی خط ہوتا ہے کہ حامل رقعہ ہذا بہت غریب آدمی ہے آپ انجمن کی طرف سے اس غریب آدمی کی مدد فرمائیں شکریہ۔ انکا مقصد اس ڈرامہ سے یہ ہوتا ہے کہ اگر وہ آدمی دھوکہ دے رہا ہے تو اسکی ذمہ داری انجمن پر ہوگی وہ اس سے بری الذمہ ہونگے۔

اللہ تعالیٰ انکی محنت اور کوشش میں برکت ڈالتا ہے وہ ہر کام میں کامیاب ہوتے ہیں اس لئے یہ کام کو بے خوف خطر شروع کر دیتے ہیں اور کامیاب ہوتے ہیں۔

اس ماہ دسمبر اور برج قوس میں پیدا ہونے والا ایک کام چھوڑ کر اس کے متضاد کام بھی کرے گا تو اسمیں بھی کامیاب رہے گا۔ یہ کام کے تابع نہیں ہوتے کام انکے تابع ہوتا ہے۔

برج قوس ماہ دسمبر میں پیدا ہونے والی عورتیں مردوں سے زیادہ کامیاب رہتی ہیں۔ ایک بات کا خاص خیال رکھیں کہ انکی کامیابی کا دارومدار انکی آزادی پر منحصر ہے۔ یہ اپنی مرضی سے جو کام کریں گے کامیاب رہیں گے ناکامی انکے نصیب میں نہیں ہے۔ اگر ان پر پابندی

لگائی جائے تو نتیجہ برعکس ہوگا۔ یہ لوگ آزادی کے بڑے دل دادہ ہوتے ہیں کسی کی حکومت اور پابندی سے بغاوت کرتے ہیں مگر قانون کا بہت احترام کرتے ہیں اس صورت میں بھی اپنی آزادی کو مجروح نہیں ہونے دیتے۔ دسمبر میں پیدا ہونے والوں کی اگر تعلیم و تربیت مثبت نہیں ہوگی۔ تو یہ معاشرہ کا ناسور ہوں گے۔ کسی برائی کے کرنے میں دریغ نہیں کریں گے۔ اچھے کام کرنے والوں پر نکتہ چینی کرنے والوں میں پیش پیش ہوں گے۔ دولت کے معاملہ میں کمینگی کی حد تک کنجوس اور حلیل ہوں گے۔

جس طرح برج حمل میں پیدا ہونے والے بہترین سپاہی بن کر ذاتی طاقت کو خوب استعمال کرتے ہیں اور برج اسد میں پیدا ہونے والے بہترین جرنیل بن کر اپنے فوجی دستہ کو انتہائی سلیقہ سے لڑاتے ہیں۔ برج قوس میں پیدا ہونے والے بھی بہترین جرنیل بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں یہ ملک کے تمام طاقت اور ذرائع کو منظم کر کے بہترین انداز میں استعمال کر سکتے ہیں۔ مگر دسمبر میں پیدا ہونے والے وہ لوگ جنکی تعلیم تربیت صحیح طریقے سے نہیں ہوئی ہے تو یہ لوگ انتہائی خود غرض قوم فروش باعث ننگ داماد ہوتے ہیں اگر یہ کسی طریقہ سے حکومت میں کسی اعلیٰ عہدے کو حاصل کر لیں اور تمغات اور خطابات سے نوازے جائیں تو یہ لوگ اپنے ذاتی مفاد کے لئے ملک و قوم کو فروخت کرنے میں بالکل دریغ نہیں کرتے یہ ننگ قوم و ننگ وطن ہو جاتے ہیں اعلیٰ قسم کے منافق ثابت ہوتے ہیں۔ مگر اپنے آپ کو قوم پرست کہلاتے ہیں۔ ان دونوں گروہوں کو معمولی تعلیم کا آدمی بھی جان جاتا ہے اور تمیز کر لیتا ہے دوسرے گروہ کے آدمی میں مذہبی تعصب بہت زیادہ ہوتا ہے پہلے گروہ کے لوگ اصول پرستی و خودداری کے سبب زندگی کے کسی موڑ پر مشکلات میں پھنس جاتے ہیں اور وہ محدود ہو کر رہ جاتے ہیں اس کے مقابلہ میں دوسرے گروہ والے کسی مشکل میں نہیں پھنستے وہ بنسبت پہلے گروہ کے زیادہ کامیاب رہتے ہیں۔

برج قوس دسمبر میں پیدا ہونے والے اصحاب کے عام خصائص حثیت مجموعی ایسے ہوتے ہیں۔

برج قوس دسمبر میں پیدا ہونے والے اصحاب کے عام خصائص حثیرہ۔ مجموعی ایسے ہوتے ہیں۔

موسیقی کے دلدادہ۔ آواز سریلی۔ بہترین [illegible] اگر موسیقار نہیں ہیں تو

موسیقی بننے کے انتہائی شوقین ہوتے۔ موسیقی سے وابستگی یا آلات موسیقی کے تاجر ہوں گے چونکہ کچھ تعلق انکا ضرور ہو گا۔

یہ لوگ ہر معاملہ میں انتہا پسند ہوتے۔ یہ فیصلہ بھی فوراً کر لیتے ہیں یہ چیزے بھی جلدی جلدی تبدیل کرتے رہتے ہیں بعض دفعہ اس عجلت کے فیصلہ پر پچھتاتے ہیں مگر ندرتی احساس انکو ندامت کے ظاہر کرنے کی مہلت نہیں دیتا۔

برج قوس میں پیدا ہونے والا جلد بازی میں بغیر سوچے سمجھے شادی کر لیتا ہے احتیاط سے کام نہیں لیتا پھر عمر میں پھر پریشان اور پشیمان رہتا ہے۔ حالات اس حد تک خراب ہو جاتے ہیں کہ عدالت کے ذریعہ طلاق لینے کا ارادہ کر لیتے ہیں مگر طلاق نہیں لیتے۔ اپنے نفس کے وقار کی خاطر اور رشتہ داروں میں عزت کی وجہ سے نباہ کرتے رہتے ہیں اور سب پر یہی ظاہر کرتے ہیں کہ ہم دونوں میاں بیوی کے تعلقات بہت اچھے ہیں خوب نباہ ہو رہا ہے۔

برج قوس میں پیدا ہونے والوں کی زندگی کا یہ پہلو انتہائی دردناک ہے دسمبر برج قوس میں پیدا ہونے والی عورت قوی مرد سے بہت زیادہ شریف اور سمجھدار اور اپنے خاوند کو کامیاب زندگی گزارنے کے لئے کسی قسم کی قربانی دینے سے گریز نہیں کرتی بلکہ اسکی پرستش کرتی ہے۔ وہ حد سے زیادہ عصمت مآب پاکباز ہوتی ہے گھر بسانے آباد کرنے کی انتہائی شائق ہوتی ہے خاوند اگر نکما خراب پلے پڑ جائے تب بھی نباہ کر لیتی ہے۔ کسی کو اپنے دل کی حالت سے باخبر نہیں ہونے دیتی تکالیف کو برداشت کرتی رہتی ہے چہرہ سے رنج و غم کا اظہار نہیں ہونے دیتی۔

دسمبر میں پیدا ہونے والے کے خیالات فلسفیانہ ہوتے ہیں۔ مذہب کو بھی فلسفہ پر پرکھتے ہیں مگر دسمبر کی عورت مذہب کی سختی سے پابند ہوتی ہے۔

دسمبر میں پیدا ہونے والے کو ان سالوں میں خطرہ ہوتا ہے۔ ۳۔ ۱۲۔ ۲۱۔ ۳۰۔ ۳۹۔ ۲۶۔ ۵۔ ۷۔ یہ ان کے لئے اہم ہوتے ہیں انکی زندگی کے اہم معاملات اور بڑے بڑے نقصانات موت وغیرہ انہیں سالوں میں واقع ہوتے ہیں۔ اللہ حافظ و ناصر ہے۔

(۱)

آیپ (۱) قوس (۱۰) ... (۹) ... (۲۹) ... دسمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم چھریرا۔ چہرہ بیضوی خوبصورت۔ رنگ سرخ و سفید۔ شریف الطبع۔ اعتبار کے لائق۔ حسین۔ سیر و تفریح کا شوقین۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ ہر کاروبار منافع بخش ہوگا۔ معمہ۔ سٹہ بازی وغیرہ سے پرہیز کریں۔ نقصان دہ ہو سکتا ہے۔

صحت :۔

صحت مند۔ ہر وقت کام نہ کریں آرام کا خاص خیال رکھیں۔ اعصابی امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔

ستارہ :۔

شمس۔ مشتری کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ کاسنی۔ جامنی۔ نیلوفری۔

نگینہ :۔

زرد پکھراج۔ الماس۔ کاڈسیڈک۔

زندگی کے اہم سال :۔

۱۔ ۳۔ ۱۰۔ ۱۲۔ ۱۹۔ ۲۱۔ ۲۸۔ ۳۰۔ ۳۷۔ ۳۹۔ ۴۰۔ ۴۸۔ ۵۲۔ ۵۷۔ ۶۳ ہیں۔

(۲)

دو (۲) گیارہ (۱۱) بیس (۲۰) انتیس (۲۹) دسمبر

جسمانی کیفیت :۔ جسم مضبوط و توانا۔ بال ... رنگ زیتونی۔ نقش طوطی۔ گرم جوش۔ متلون مزاج۔ شوقین مزاج۔ جدت پسند۔

مالی کیفیت :۔

دولت کی طرف سے لاپروا۔ ایک مرتبہ کثیر دولت حاصل ہو گی حفاظت کرنا آپ کا کام ہے۔

صحت :۔

درمیانی خشک آب و ہوا صحت مندی کا سبب ہو سکتی ہے۔

ستارہ :۔

قمر۔ مشتری کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سفید۔ دودھیا۔ سبز۔ فاختئی۔ کاسنی۔ نیلو فری۔ جامنی۔

نگینہ :۔

زمرد۔ لاجورد۔ [illegible] قمر۔ در نجف۔ اسکندرط۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔ ۳۔ ۷۔ ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۶۔ ۲۱۔ ۲۵۔ ۲۹۔ ۳۰۔ ۳۴۔ ۳۸۔ ۴۳۔ ۴۷۔ ۴۸۔ ۵۲۔ ۵۷۔ ۶۱۔ ہیں۔

(۳)

تین (۳) بارہ (۱۲) اکیس (۲۱) تیس (۳۰) کو نمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم چھریرا۔ رنگ سرخ سفید۔ چہرہ رعب دار۔ شریف الطبع۔ باکمال۔ بااعتبار۔

مالی کیفیت :۔

دولت [illegible] ہوتے کمانے کے ماہر ہیں مگر پس انداز جمع رکھنا ضروری ہے کسی وقت حالات خراب ہو سکتے ہیں تاکہ واشت کچھ آئے

صحت :۔

انتہائی صحت مند۔ بڑھاپہ میں فالج ہو سکتا ہے۔ بازو۔ ہاتھ۔ یا دماغ مفلوج ہو سکتا ہے۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی۔ کاسنی۔ سرخ۔ قرمزی۔ گلابی۔ نیلوفری۔ نیلے رنگ کے جملہ شیڈ۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ لاجورد۔ اسکندرطہ۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳۔ ۱۲۔ ۲۱۔ ۳۰۔ ۳۹۔ ۴۸۔ ۵۷۔ ۶۶۔ ہیں۔

(۴)

چار (۴) تیرہ (۱۳) بائیس (۲۲) اکتیس (۳۱) کو پیدا ہونے والے

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا سفید۔ کلی کریم النفس۔ پھرتیلا۔ فرزانہ۔

مالی کیفیت :۔

دولت عجیب و غریب طریقہ سے حاصل ہوتی ہے۔ مگر جمع نہیں ہوتی آنے سے پہلے خرچ کے مواقع موجود ہوتے ہیں۔

صحت :۔

درمیانی۔ پھیپھڑے۔ گلہ۔ ناک انتہائی نازک ہیں۔ مرض سے فوراً متاثر ہو جاتے ہیں احتیاط ضروری ہے۔

[illegible] :۔

مشتری۔ نگینہ کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

زرد۔ سنہرا۔ نیلوفری۔

نگینہ :۔

سیاہ پکھراج۔ الماس۔ لاجورد و مذہب۔

زندگی کے اہم سال :۔

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷ تا ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۴۹۔ ۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲۔ ہیں۔

(۵)

پانچ (۵) چودہ (۱۴) تئیس (۲۳) دسمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبائی پر۔ جسم مضبوط۔ چہرہ بیضوی۔ رنگ سرخ و سفید۔ تیز طبع۔ تعمیری میکانگی قابلیت کا حامل۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ دولت کمانے کے ماہر۔ تھوڑی دولت سے بہت زیادہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

صحت :۔

صحت مند۔ بہت کم شدید امراض میں مبتلا ہوتے ہیں صرف بد پرہیزی اسیار خوری بیماری کا سبب ہوگی۔ خوراک پر نظر رکھیں بے اعتدالی نہ کریں۔

ستارہ :۔

مشتری۔ عطارد کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

کاسنی۔ نیلوفری۔ جامنی رنگ کے ہلکے شیڈ۔

الماس۔ لاجورد۔ ہر شوخ چمکدار پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۵-۱۴-۲۳-۳۲-۴۱-۵۰-۵۹-۶۸-۷۷-ہیں۔

(۶)

چھ (۶) پندرہ (۱۵) چوبیس (۲۴) کو نمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد درمیانہ۔ جسم دوہرا مضبوط۔ چہرہ لمبائی کی طرف مائل۔ رنگ سرخ و سفید۔ نفیس عادات۔ سخی بہادر۔ فراخدل۔ با اخلاق۔ عیش و عشرت پسند۔

مالی کیفیت :۔

مالدار۔ بغیر محنت کے دولت ملے گی۔ وراثت یا شادی سے دولت حاصل ہوگی۔

صحت :۔

محض جوانی میں صحت اچھی ہے کہ بڑھاپے میں قلب، طحال، یرقان جیسے امراض لاحق ہوں گے۔

ستارہ :۔

زہرہ۔ مشتری کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

کاسنی۔ جامنی۔ قرمزی۔ نیلا۔ نیلوفری۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ تامڑا۔ فیروزہ۔ مرجان۔ لاجورد۔

زندگی کے اہم سال :۔

۳-۶-۱۲-۱۵-۲۱-۲۴-۳۰-۳۳-۳۹-۴۲-۴۸-۵۱-۵۷-۶۰-ہیں۔

(۷)

سات (۷) سولہ (۱۶) پچیس (۲۵) کو نمبر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم مضبوط۔ خوبصورت۔ رنگ سرخ و سفید۔ کریم الطبع۔ فراخدل۔ عادل۔ منصف مزاج۔ بہادر۔ دیانت دار۔ سیر و تفریح کا شوقین۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ مگر دولت عام طریقوں سے حاصل نہیں ہو گی۔ اسکے حصول کے طریقے عجیب و غریب ہوں گے۔ بڑھاپے میں زبردست نقصان ہو گا۔

صحت :۔

معدہ اور قوت ہاضمہ کمزور ہے۔ کھانے پینے میں احتیاط رکھیں۔

ستارہ :۔

مشتری۔ نپ چون کے زیر اثر۔

برکت والے رنگ :۔

سفید۔ دودھیا۔ فاختئی۔ سبز۔

نگینہ :۔

لاجورد۔ زبرجد۔ درِ مقصود۔

زندگی کے اہم سال :۔

۲۔۷۔۱۱۔۱۶۔۲۰۔۲۵۔۲۹۔۳۴۔۳۸۔۴۳۔۴۷۔۴۔۵۲۔۵۶۔۶۱۔

ہیں۔

(۸)

آٹھ (۸) سترہ (۱۷) چھبیس (۲۶) دسمبر۔

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبا۔ جسم مضبوط۔ رنگ گورا۔ جلد باز۔ اولوالعزم۔ [illegible] کا شوقین۔ دکھاوے کی سخاوت۔ لوہے کے ہتھیار استعمال کرنے والا۔ ایک اچھی صفت ان میں [illegible] گی جو کم ہی ظاہر ہو گی۔

مالی کیفیت :۔

دولت مند۔ اپنی کمائی قوت بازو سے حاصل کر کے امیر کبیر ہو جائے گا۔

صحت :۔

صحت مند جسم اور اعصاب مضبوط ہیں۔ کسی اندرونی مرض میں گرفتار ہو کر اپریشن کروانا پڑے گا۔ جس میں جان کو خطرہ بھی لاحق ہو سکتا ہے۔

ستارہ :۔

زحل۔ مشتری کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

جامنی سیاہی مائل۔

گینہ :۔

الماس سیاہ۔ مرجان سیاہی مائل۔ دور اسود۔

زندگی کے اہم سال :۔

۸۔۱۷۔۲۶۔۳۵۔۴۴۔۵۳۔۶۲۔ ہیں۔

(۹)

نو (۹) اٹھارہ (۱۸) ستائیس (۲۷) کو سپر

جسمانی کیفیت :۔

قد لمبائی کی طرف مائل۔ جسم مضبوط کسرتی۔ سخی۔ آزاد منش۔ عیش و عشرت کا شائق۔ میل و ملاپ کا رسیا۔ دلاور۔ گرم جوش۔ خود پسند۔

مالی کیفیت :۔

بالعموم۔ خوش قسمت۔ دولت وراثت میں ملے گی۔ شادی سے بھی حاصل ہو گی۔ سٹہ۔ ریس وغیرہ سے بھی مل سکتی ہے۔

صحت :۔

اپنی صحت کو خود تباہ کریں گے۔ لاپرواہی اور پر خطر پسندی سے۔

ستارہ :۔

مریخ۔ مشتری کے زیر اثر ہے۔

برکت والے رنگ :۔

سرخ۔ قرمزی۔ گلابی۔ جامنی۔ نیلوفری۔

نگینہ :۔

سرخ یاقوت۔ تامڑا۔ سرخ مرجان۔ سرخ عقیق۔ ہر قسم کا سرخ پتھر۔

زندگی کے اہم سال :۔

۹۔۱۸۔۲۷۔۳۶۔۴۵۔۵۴۔۶۳۔۷۲۔ ہیں۔

تیرہواں باب

مولود پر بارہ برجوں کے اثرات

افلاک میں لاتعداد اجرام فلکی متحرک ہیں اکا شہر صحرائے اعظم کے ریگ زاروں اور انسان کے سر کے بالوں سے بہت زیادہ ہے۔ افلاک کی حدود آج تک کوئی مقرر نہیں کر سکا۔ اس کا علم صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ارض و سماء کو ہے۔

وسعت افلاک میں کچھ اجرام فلکی آلات رصدیہ کی مدد کے بغیر نظر آجاتے ہیں اور اکثر ایسے ہیں جن کو آلات رصدیہ کی مدد سے دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کے سوا کثیر اجرام فلکیہ ایسے ہیں جن کے متعلق صرف قیاس آرائی ہو سکتی ہے یہ اجرام آلات رصدیہ کی مدد کے بغیر اور آلات رصدیہ کی مدد سے نظر آنے والے اجرام کی شمار سے بہت زیادہ تعداد میں ہیں۔

انسانی دل و دماغ پر چمکتے ستاروں کی روشنی ہمہ وقت اثر انداز ہوتی رہتی ہے۔

مدرسہ الہیات کے بانی سامی النسل کے فرزند جلیل سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے سورج چاند ستاروں کی روشنی اور ان کے ... حجت قائم کی اور خدا کی وحدانیت پر دلیل قائم کر کے مقام خلت پر فائز ہوئے آپ کی قوم ہو آسوری علم نجوم کے بانی تھے کیونکہ ارض نینوا کے اطراف میں ہی عرفات وہ مقام ہے جہاں حضرت آدم اور حوا علیہ السلام کی دنیا پر اترنے کے بعد ملاقات ہوئی نینوا میں آتش نمرود حضرت ابراہیم علیہ السلام پر گلزار ہوئی اور اسی سرزمین میں توحید کے علم بردار انبیاء علیہ السلام کی کثرت سے آمد ہوئی اور اسی سرزمین پر اسلام کے علم بردار ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام و مرسلین کی کشتی شہید اعظم سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے دست حق پرست سے کنارے لگی اسلام کو سربلندی حاصل ہو گئی اسی جگہ ابلیس کے چیلوں نے جیسے ابراہیم علیہ السلام کے لئے آگ روشن کی تھی ویسے ہی اسکے چیلوں یزید۔ ابن زیاد۔ شمر۔ عمر و بن سعد ملعونین کے کفر و الحاد کی آتش اسلام سوز کو روشن کیا اور امام حسین نے اپنے جد اعلیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت کو جاری رکھتے ہوئے میدان کربلا میں ... اپنے احباب و اہل بیت کے خون سے سینچا اور سنت ابراہیمی کو زندہ کر دیا۔ ...

اسی ارض نینوا یا کالدیہ کے منکرین نے علم ... سے پہلے وضع کئے

افلاک کی وسعتوں میں چمکنے والے اجرام کو مختلف اقسام میں تقسیم کیا اور انکے درمیانی قرب و بعد سے آسمان پر پیدا ہونے والی اشکال کو مختلف ناموں سے موسوم کیا مگر یہ نام دور دراز کے ممالک میں پہنچ کر اپنے لفظی حیثیت قائم نہ رکھ سکے مگر انکی معنوی حیثیت آج بھی ہر زبان و ملک میں ایک جیسی موجود ہے جیسا کہ مندرجہ ذیل کے نقشہ سے ظاہر ہے۔ عربی حمل ۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔

سنسکرت۔ میکھ۔ برکھ۔ متھن۔ کرک۔ سنگھ۔ کنیا۔ تلا۔ برچھک۔ دھن۔ مکر۔ کمبھ۔ مین۔

معانی :۔

مینڈھا۔ بیل۔ جڑواں۔ کیکڑا۔ شیر۔ کنواری۔ ترازو۔ بچھو۔ کمان۔ سمندری بکری۔ گھڑا۔ مچھلیاں۔

نظام شمسی ان تمام اشکال کو محیط ہے جن کو عربی میں بروج سنسکرت میں راشین لاطینی میں سائنز کہتے ہیں۔ انکا ... کے معانی یک ہی ہیں۔ یہ اشکال اجرام فلکیہ کے جھرمٹ میں بطور نشانات ہیں جن کو برائے تقسیم حساب اور علم نجوم افلاک میں قائم کیا گیا ہے۔ تو ان حاوی و محیط بروج کے اثرات نظام شمسی کے تمام موجودات پر ہمہ گیر ہوتے ہیں۔ لہذا نسل قوم نظام شمسی کے ایک جز ضعیف کرہ ارض پر آباد ہے اس پر بھی ان بروج کے اثرات اور طلسمی کیفیات ان ساکنان ارض پر بھی طاری ہوتے ہیں انکی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

ا۔ برج حمل :۔

سورج برج حمل میں سنہ عیسوی کے مطابق ۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل تک گردش کرتا ہے تو اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد باکمال اداکار۔ بہترین قسم کے موقع کار۔ معمار۔ ماہرین علوم فنون لطیفہ۔ کامیاب سیاسی۔ فنی مہارت سے فطری اصولوں کے مطابق امراض جسمانی کا علاج کرتے ہیں۔ خود سیاح اور سیاحوں کے گھڑ دین کے فرائض بہت خوش اسلوبی سے سر انجام دیتے ہیں۔ یہ بہترین ... ثابت ہوتے ہیں۔ اور آزاد جرنلزم میں بھی کامیاب رہتے ہیں۔ ناول نویس بھی ہو سکتے ہیں ... میں پیدا ہونے والے قوت

ارادی کے حامل ہوتے ہیں۔

۲۔ برج ثور :۔

شمس برج ثور میں ۲۱ اپریل سے ۲۳ مئی تک گردش کرتا ہے اور قمر۔ عطارد۔ مریخ۔ زہرہ کے متعلق اس برج کے ذیل ذکر ہو چکا ہے۔ باقی مشتری۔ زحل یورے نس۔ نیپ چون کی گذشتہ پینتیس سالہ تقویم مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری : ۳ جون ۱۹۲۸ء تا ۱۱ جون ۱۹۲۹ء۔ ۱۸ مئی ۱۹۴۰ء تا ۲۷ مئی ۱۹۴۱ء

زحل : یک مئی ۱۹۵۲ء تا ۱۰ مئی ۱۹۵۳ء

یورے نس : ۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء تا ۱۵ مئی ۱۹۴۳ء

نیپ چون : اس ۳۵ سالہ دور میں برج میں داخل نہیں ہوا۔

حلیہ :۔

مائل بہ فراخی در میانہ قد۔ جسم بھاری بھر کم مقوی الاعضاء پیشانی کشادہ۔ فراخ دہن۔ باریک ہونٹ۔ پر گوشت رخسار جبڑا مضبوط۔ آنکھ بڑی پرکشش بال سیاہ گھنے۔ ناک لمبی چونچ دار بال اگر سیاہی کے ساتھ گھنگھریالے ہیں تو ناک لمبی اور بڑی ہوگی۔

مزاج :۔

برج ثور میں پیدا ہونے والا مستقل مزاج با عمل ہوگا۔ ہر کام خود اعتمادی سے کرے گا کام کو مکمل کر کے چھوڑے گا۔ انکی قوت ارادی قوی ہوتی ہے۔ یہ ہوشیاری کے ساتھ انتہائی محتاط بھی ہوتے ہیں۔ زندگی کے اہم معاملات میں وقت کثیر اپنی پوزیشن مستحکم کرنے میں گزارتے ہیں۔ اور اپنے مخالفوں کو دبا کر رکھتے ہیں ان میں ایک کمزوری ہے یہ ان لوگوں سے لڑ جاتے ہیں جو انکے جواب پتھر سے دیتے ہیں۔ یہ اپنے دشمن کے متعلق غلط اندازے لگاتے ہیں۔ اسکو حقیر سمجھتے ہیں برج ثور والے کو شکست دینے کے لئے پہلے دوست بن کر انکی تعمیر میں انکی قوت مدافعت کو ختم کرتے رہو تا کہ وہ تم پر جھپٹ نہ سکے اور اسکی سادگی سے کامل فائدہ اٹھاؤ ورنہ خود ہی کھا جاؤ گے۔

صحت :۔

اس برج کے دوران پیدا ہونے والوں کا جسم قوی مضبوط ہوگا مگر گردن حلقوم

نازک ہوتے انہی کے امراض میں گرفتار ہوں گے اکثر گلے کی خرابی کا شکار ہوں گے خناق
کنپیڑا۔ خنازیر جیسے امراض برج ثور سے منسوب ہیں۔ انکو اختلاج قلب۔ذیابیطس۔ درد گردہ
بھی ہو سکتے ہیں۔ سستی اور گندگی ان کو موت کے مرادف ہے کام کاج کرتے رہنے میں ان کی
صحت کار از ہے انکو کام کاج دوائی شکل ہے۔

کاروبار :۔

اس برج والے مستقل مزاج ہوتے ہیں یہ محزانچی۔ مالی گماشتوں۔ محاسبوں۔
محصول اکٹھا کرنے کا کام خوش اسلوبی سے کرتے ہیں۔
اپنی مستقل مزاجی۔ صحت جسمانی کی وجہ سے کارخانوں میں مشین مینی۔ فورمینی۔
کاغذ سازی۔ کھانڈ سازی۔ یا سفید رنگ کے کیمیاوی مفردات کے تیار کرنے والی صنعتوں میں
یہ بڑے کامیاب رہتے ہیں۔

۳۔ برج جوزا :۔

سورج ہر سال اس برج میں ۲۲ مئی سے ۲۲ جون تک گردش کرتا ہے۔ قمر
۔عطارد۔ زہرہ۔ مریخ کے متعلق برج حمل میں تفصیل سے بیان کیا ہوا ہے۔
پچھلے پینتیس سال کی تقویم میں مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون درج
ذیل ہیں۔

مشتری : ۱۲جون ۱۹۲۹ء تا ۲۶جون ۱۹۳۰ء ۲۸ مئی ۱۹۴۱ء تا ۱۱جون ۱۹۴۲ء
۱۱ مئی ۱۹۵۳ء تا ۲۲ مئی ۱۹۵۴ء

زحل : ۱۰ مئی ۱۹۴۲ء تا ۱۲جون ۱۹۴۴ء

یورے نس : ۱۶ مئی ۱۹۴۲ء تا ۱۱ مئی ۱۹۴۹ء

نیپ چون : ۵۳ سالہ دور میں برج جوزا میں داخل نہیں ہوا۔

حلیہ :۔

قد لمبا جسم دبلا پتلا چہرہ لمبا عموماً رنگ گندمی۔ اگر رنگ زیادہ سیاہی مائل ہوگا تو
آنکھیں انتہائی خوبصورت ہوں گی اگر پیدائش برج جوزا کے ۱۷ اولیٰ عشرہ میں ہوگی تو بال بھورے
ہوں گے ورنہ سیاہ ہوں گے۔ ہاتھ بازو لمبے ہوتے ہیں یہ گفتار اور حرکات و سکنات میں انتہائی پھرتیلا ہوگا۔

مزاج :-

اس برج کے دوران پیدا ہونے والے دو رُخی پالیسی رکھتے ہیں انتہائی ذہین چست و چالاک نکتہ دان عقل رسا اور گرمجوش ہوتے ہیں خوش مزاج دل پسند عادات کے حامل ہوتے ہیں فطرت متضاد ہوتی ہے۔ کبھی انکو سرد مہر یا سادہ لوح سمجھنے پر لوگ مجبور ہونے لگتے ہیں۔ اس برج میں پیدا ہونے والے انتہائی چال باز ہوتے ہیں کہ ان کے اقدامات کو سمجھنا مشکل ترین ہوتا ہے ان کے مدمقابل انکی ظاہری حرکات سے دھوکہ کھا جاتے ہیں مگر ہوشیار کے سامنے ان کی چالیں بے کار ہو جاتی ہیں۔ تو انکوا پنے ہوشیار مدمقابل کے سامنے انتہائی سادگی سے بڑھ کر سادہ ہونا پڑتا ہے انکی شکست اکثر جنگ و جدل میں اپنے غلط اندازِ فکر کی وجہ سے ہوتی ہے اپنے دشمن کی طاقت کا صحیح اندازہ نہیں کر سکتے۔ اس برج میں پیدا ہونے والے کو اگر شکست دینی ہے تو اسکو نفسیاتی طور پر شکست دو اور اس کی خفیہ حرکات پر نظر رکھو اسکا اعتماد کسی وقت بھی نہ کرو۔ اسکے خلاف لمبی مدت انتہائی شدید کاروائی کرو انکی چالوں کا اگر آپ نے صحیح سدباب کر دیا تو وہ ہمیشہ کے لئے نیست و نابود ہو جائیں گے۔

صحت :-

اس برج میں پیدا ہونے والوں کے اعصاب کمزور ہوتے ہیں۔ صحت بہت اچھی نہیں ہوتی ذرا سی ذہنی کوفت کام کی کثرت یا صدمہ سے فوراً متاثر ہو جاتے ہیں۔ یک لخت صحت کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ جسم انسانی کے تمام اعصابی امراض کا تعلق اس برج سے منسوب ہے۔

کاروبار :-

دلالی۔ نیلامی۔ رپورٹر۔ جرنلسٹ۔ رجسٹرار۔ کتب فروش۔ کلرک۔ کاتب۔ ان کے سوا تحریر و تقریر کے فن میں بہترین کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

۴۔ برج سرطان :-

سورج برج سرطان میں ۲۳ جون سے ۲۲ جولائی تک گردش کرتا ہے۔ سیارگان صغیر چاند۔ عطارد۔ زہرہ۔ مریخ کو چھوڑ کر مشتری۔ زحل۔ یورینس۔ نیپچون کی ۵ ۳ سالہ تقویم مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری: ۲۷ جون ۱۹۳۰ء تا ۱۶ جولائی ۱۹۳۱ء۔ ۱۲ جون ۱۹۴۲ء تا ۳۰ جون ۱۹۴۳ء۔ ۲۲ مئی ۱۹۵۴ء تا ۱۲ جون ۱۹۵۹ء۔

زحل: ۲۲ جون ۱۹۴۴ء تا ۱۳ اگست ۱۹۴۶ء

یورے نس: ۱۲ مئی ۱۹۴۹ء تا ۸ جون ۱۹۵۶ء

نیپچون: یہ ۳۵ سالہ دور میں برج سرطان میں داخل نہیں ہوا۔

حلیہ :-

قد درمیانہ مائل بہ پستی۔ جسم پر گوشت اور گداز۔ جسم کے اوپر کا حصہ زیریں حصہ سے بڑا۔ چہرہ گول۔ پیشانی کشادہ۔ رنگ زیتونی۔ آنکھیں شربتی۔ بال بھورے۔ ناک اکثر چھوٹی ہوگی۔

مزاج :-

جذباتی۔ تخیل کی دنیا میں رہنے والے۔ انتہائی۔ حساس۔ نظر تا رومان پسند عاشق مزاج۔ متلون مزاج تخیل کو دلدادہ مضطرب۔ یہ انتہائی خطرناک دشمن ثابت ہوتے ہیں۔ عجیب و غریب دماغ کے مالک ہوتے ہیں۔ مطالعہ ان کا تمام مسائل کے اصول فروغ کو حاوی ہوتا ہے۔ یہ لوگ کام آہستہ کرتے ہیں مگر مداومت سے کرتے ہیں یہ بظاہر مطمئن ہوتے مگر جنگ میں مقابلہ کرتے وقت ہر پہلو پر مکمل نظر رکھتے ہیں۔ دشمن کی کمزوری کو نظر انداز نہیں کرتے۔ انکا طریقہ جنگ باصول بات ترتیب میکانگی ہوتا ہے۔ شطرنج کے ماہر ہوتے ہیں انکے شکست کی وجہ خراب موڈ یا شرمیلا پن ہوتا ہے۔ ایسی کیفیت اس وقت ہوتی ہے کہ کھیل کے درمیان کسی غیر متوقع چال کا سامنا ہو جائے۔ سرطان کے دور میں پیدا ہونے والوں کو شکست دینے کا طریقہ یہ ہے کہ ان سے غیر روایتی سلوک کروان میں خود اعتمادی اور فرضی حفاظت کا احساس پیدا کرو۔ انکو اپنی قابلیت پر قصید خوانی کی ترغیب دو پھر ان پر اس انداز سے حملہ کرو جسکی انہیں امید نہ ہو۔ تو یہ فوراً چت ہو جائیں گے۔

صحت :-

[illegible] والوں کو سینہ۔ پھیپھڑوں [illegible] تپدق۔ ضیق النفس۔ جیسے امراض لاحق ہوتے ہیں۔ [illegible] امراض معدہ [illegible] وغیرہ بھی ہو سکتے ہیں۔

کاروبار :۔

ان کے لئے سب سے بہترین کام بحری ملازمت ہے عورتوں کے لئے ہوٹل ۔ریسٹورنٹ کا کام انتہائی بہتر ہے۔ الکوسیال چیزوں کا کام انتہائی منافع بخش رہتا ہے کپڑے کی دھلائی لانڈری کا بزنس بھی مفید ہے سیکنڈ ہینڈ چیزوں کی خرید و فروخت بھی فائدہ مند ہے۔

۵۔ برج اسد :۔

سورج اس برج میں ۲۳ جولائی سے ۲۱ اگست تک گردش کرتا ہے دوسرے اجرام کبیر میں سے مشتری ۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون کی ۷۵ سال کی تقویم مندرجہ ذیل ملاحظہ فرمائیں۔

مشتری : ۱۷ جولائی ۱۹۳۱ء تا ۱۰ اگست ۱۹۳۲۔ یکم جولائی ۱۹۴۳ء تا ۲۷ جولائی ۱۹۴۴ء۔ ۱۳ جون ۱۹۵۵ء تا ۹ جولائی ۱۹۵۶ء

زحل : ۴ اگست ۱۹۴۶ء تا ۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

یورے نس : ان ۷۵ سال کے اندر برج اسد میں داخل نہیں ہوا۔

نیپ چون : ۲۰ جولائی ۱۹۱۵ء تا ۲۳ جولائی ۱۹۲۸ء

حلیہ :۔

لمباقد۔ جسہ عظیم۔ جسم گٹھیلا بچپن میں کمزور دبلا پتلا۔ نازک چہرہ۔ کمر پتلی۔ بال بھورے گھونگھریالے۔ رنگ گندمی مائل بسفیدی۔ چہرہ گول چوڑا۔ آنکھ شربتی۔ نظر تیز۔ ناک اونچی۔ برج اسد والے کی اصل شناخت اونچی اور عبداللہ ناک ہی ہے۔

مزاج :۔

معتبر گرم جوش اعلٰے ذہن بڑی بڑی تمنا کی آماجگاہ ہوتے ہیں اپنے معاملات کی اصلاح پر قادر اور عزت کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ بڑی سے بڑی قوت کا مقابلہ جواں مردی سے کرتے ہیں۔ پیچھے ہٹنے یا فرار کا ارادہ کبھی بھی نہیں کرتے۔ انکا دل بادشاہوں جیسا ہوتا ہے اگرچہ وہ بادشاہ نہ بھی ہوں فراخ دل کے مالک ہوتے ہیں۔ انتہائی وفادار ہوتے ہیں کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتے آنکھیں بند کرکے اعتبار کرنے کے قابل اعتماد ہوتے ہیں۔ اس برج میں پیدا ہونے والے کمال چابکدستی سے قابو کر لیتے ہیں انتہائی خوداعتماد ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی

زندگی کے ادوار میں کامیابی کے حصول کی بجائے دیانتداری فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہیں یہ انتہائی مقابلہ کرنے والے زبردست حریف خود اعتماد اور بے حد فراخدل ہوتے ہیں انکی ناکامی اپنے متعلق خوش فہمی اور مبالغہ میں مضمر ہے۔ انکے دشمن انکو بے دست وپا اور غیر محفوظ و مجبور اتفاقاً ہی کر سکتے ہیں۔ انکو کبھی کمتر یا کمزور نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ انتہائی خطرناک اور ہوشیار ہوتے ہیں اگر انکو اپنے کسی غلط فیصلے سے نقصان اٹھانا پڑ جائے تو یہ اس نقصان کو جلد پورا کر لیتے ہیں۔

صحت :۔

اس برج کا تعلق انسان کے دل اور کمر سے ہے۔ کسی جھگڑے میں ناکامی یا الزام کی صورت میں ان کے لئے سم قاتل ہے۔ اس سے انکے دل کو شدید صدمہ ہوتا ہے جو نا قابل تلافی ہوتا ہے۔ انکو اختلاج قلب۔ پسلیوں کا درد۔ ذات الجنب نمونیہ۔ بخار۔ اختلاج۔ صدمہ وغیرہ جیسے امراض لاحق ہو سکتے ہیں۔

کاروبار :۔

بڑے بڑے اداروں کے منتظم فلم کمپنیوں کے پروڈکشن منیجر۔ باکمال اداکار۔ فنون لطیفہ کے ہر شعبہ میں کمال حاصل کر سکتے ہیں۔

۶۔ برج سنبلہ :۔

سورج اس برج میں ۲۲ اگست سے ۲۱ ستمبر کے درمیان گردش کرتا ہے۔ دوسرے سیارگان مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون کے گذشتہ ۵۳ سال کی تقویم مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری : ۱۱ اگست ۱۹۳۲ء تا ۹ ستمبر ۱۹۳۳ء۔ ۲۸ جولائی ۱۹۴۴ء تا ۲۶ اگست ۱۹۴۵ء

زحل : ۲۱ ستمبر ۱۹۴۸ء تا ۲ نومبر ۱۹۵۰ء

یورے نس : یہ ۱۹۸۵ء تک اس برج میں داخل نہیں ہوا۔

نیپ چون : ۲۳ جولائی ۱۹۲۹ء تا ۲۴ اگست ۱۹۴۳ء

حلیہ :۔

قد درمیانہ۔ جسم چھریرا۔ گندمی رنگ۔ بال سیاہی مائل۔ سیاہ آنکھ۔ چہرہ بیضوی۔ پیشانی مدور گول۔ ناک عجیب الخلقت چوڑی۔ نتھنے چوڑے پھولے ہوئے۔

مزاج :۔

انتہائی معاملہ فہم باریک بیں ہیں۔ کاروباری خاموشی سے کام کرنے والے۔ بظاہر گرم جوش حقیقت میں سرد مہر۔ زندگی کے ہر پہلو میں انانیت پسند انفرادیت نمایاں ہوئے چھوٹ کام میں یکساں طور پر خطرناک کسی میدان میں اترنے سے پہلے اس کے ہر پہلو کا غور مطالعہ کر کے اس پر عمل کرتے ہیں انکی ہر چال بہت گہری ہوتی ہے۔ جس کے پیچھے ذہن اور دماغ سرگرم عمل ہوتا ہے۔ اس برج میں پیدا ہونے والوں کے اندر ایک کمزوری و خامی یہ ہوتی ہے کہ بہت زیادہ شرمیلے ہوتے ہیں یہ بعض موقع پر اپنی ذہانت اور افتاد طبع سے خود ہی ڈرنے لگتے ہیں اور اپنی کامیابی کو ناکامی میں بدل لیتے ہیں ایسا اس وقت ہوتا ہے جب انکے مقابل کوئی ذہین فطین دشمن ہو اور وہ دشمن ان پر وار کر رہا ہے تو وہ بوکھلا جاتے ہیں اور فرار کی راہ تلاش کرتے ہیں مقابلہ سے گریز کرتے ہیں انفرادی صلاحیت کا سر عام مظاہرہ نہیں کر سکتے۔ بلکہ اس موقع سے فرار ہو جاتے ہیں انکو شکست دینے کے لئے ایسا طریقہ اختیار کرو کہ وہ شک و شبہ میں جتلا رہیں کبھی انکو جتنا دو اس حد تک کہ وہ اپنی جیت پر فخر کرنے لگیں تو ان پر حملہ کرو فتح و نصرت و کامیابی آپ کی ہوگی۔ اور وہ بری طرح ناکام ہونگے۔

صحت :۔

اس برج سے جسم کے ان اعضاء کا تعلق ہے نرم معدہ۔ آنتیں۔ جگر۔ تلی۔ انہیں اعضا کے امراض انکو لاحق ہوتے ہیں جیسے استسقاء تلی کا بڑھ جانا۔ (ورم طحال) پیچش۔ جگر کے امراض۔ بد ہضمی۔ آنتوں کی دق یہ امراض برج سنبلہ سے منسوب ہیں ان لوگوں کو کھانے پینے میں بہت احتیاط کرنی چاہیے۔ اسی میں صحت کی ضمانت ہے انکو ذہنی کوفت بہت جلد متاثر کرتی ہے انکو مکھن کے ساتھ مشروبات و شراب وغیرہ جو دل۔ دماغ۔ جگر پر اثر انداز ہوتے ہیں دوا کے زہر کا اثر [illegible] صحت کا ضامن ہے۔

کاروبار :۔

اسکے واسطے بہترین کام غلہ کا ہے یا ادویات (کیمسٹ) آکا یہ بہترین حکیم ڈاکٹر بن سکتے ہیں یا مدیر۔ نقاد۔ مؤلف۔ وغیرہ بھی ہو سکتے ہیں۔

۷۔ برج میزان :۔

سورج اس برج میں ۲۲ ستمبر سے ۲۳ اکتوبر کے درمیان گردش کرتا ہے۔ اور دوسرے اجرام فلکیہ۔ مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون کی گزشتہ تقویم ۵ ۳ سال کی مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری : ۲۵ ستمبر ۱۹۲۱ء تا ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۲ء۔ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۳ء تا ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء۔ ۸ اگست ۱۹۳۵ء تا ۶ ستمبر ۱۹۳۶ء

زحل : ۷ اکتوبر ۱۹۲۱ء تا ۱۹ دسمبر ۱۹۲۳ء۔ ۲۲ نومبر ۱۹۵۰ء تا ۲۳ اکتوبر ۱۹۵۳ء۔

یورے نس ان ۳۵ سال کے اندر اس برج میں داخل نہیں ہوا۔

نیپ چون : ۴ اگست ۱۹۴۳ء تا ۱۴ اگست ۱۹۵۷ء۔

حلیہ :۔

قد لمبا دبلا نازک بدن چہرہ گول۔ رنگ سرخ و سفید۔ بال چمکدار لمبے نرم سیاہ مطلع کے نصف دوم میں نصف اول میں بھورے ہوں گے۔ آنکھ کبود رنگ مگر کبھی آنکھ شربتی رنگ ہو گی۔ مگر آنکھ سے جذبات امنڈتے نظر آتے ہیں۔

مزاج :۔

اس برج میں پیدا ہوتے والے پاکیزہ صفات اسکے ہر فعل سے نفاست کا اظہار ہوتا ہے۔ جذباتی بہت جلد جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں آرام پسند۔ حسن اور نزاکت اور باقاعدہ زندگی سے دل لگاؤ رکھتے ہیں انکا دل متوازن ہوتا ہے۔ ہر چیز کو تنقید کی نظر سے دیکھتے ہیں اور اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں اپنے حکم میں کسی کی رو رعایت نہیں کرتے۔ خوش اخلاق متوازن۔ رفیقہ حیات ہونے کے ساتھ ساتھ حالات کے ساتھ مکمل طور پر ہم آہنگ رہتے ہیں انکا ہر قدم نپا تلا اٹھتا ہے انکی ہر تحریک مکمل طور پر کامیاب ہوتی ہے۔ یہ اپنے

دشمن کے متوقع حملوں کا صحیح اندازہ بروقت کر لیتے ہیں اور اسکا مناسب توڑ کرنے میں خطرناک انداز اختیار کرتے ہیں اور ان پر غالب ہوتے ہیں مگر اس برج میں پیدا ہونے والے اکثر اوقات غیر جانبدار رہتے ہیں تو ان کے مخالف بھی بہت کم ہوتے ہیں یہ رفیق دوست بھی اعلیٰ درجہ کے ثابت ہوتے ہیں معاملہ فہم مفاہمت پسند اور اشتراک کو ترجیح و اولیت دیتے ہیں۔ یہ لوگ مغلوب الغضب نہیں ہوتے سنجیدہ معاملہ فہم ہوتے ہیں مگر کسی کو تسخیر کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے۔

اس برج میں پیدا ہونے والوں پر کامیابی حاصل کرنے کے لئے انکی سکیموں کو جلد از جلد توڑ دو اگر انکو ذرا سی مہلت بھی مل گئی تو ایسی چال چلیں گے کہ مخالفوں کو بھی انکا اہم خیال ہونا پڑے گا۔ اسکی مثال ترکی کے اتاترک مصطفیٰ کمال کے حالات زندگی پڑھ کر ملتے ہیں انکا برج بھی میزان تھا ترکیہ کا برج بھی میزان ہے انکی اسی خوبی نے اتحادیوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا تھا۔

صحت :۔

برج میزان سے انسانی جسم کا زیر ناف حصہ [illegible] تاسل ہے۔ کھانے پینے کی کثرت و افراط سے معدہ پر بوجھ پڑتا ہے۔ اورت اسکا اثر عضو مخصوص۔ گردہ و تبخیر معدہ۔ دائمی قبض۔ درد قولنج۔ ہرنیاں وغیرہ پر کثرت سے ہوتا ہے۔ اسکا بہترین علاج شیخ الرئیس بو علی سینا نے سکون اور خوشگوار ماحول تجویز کیا ہے۔

کاروبار :۔

ان کے لئے سب سے بہتر پیشہ وکالت ہے موسیقی اور فنون لطیفہ میں بھی کامیاب ہو سکتے ہیں۔ یہ بہترین منتظم سیکرٹری بھی بن سکتے ہیں۔ عطر سازی۔ کپڑے کی مل سٹیشنری بھی فائدہ مند ہے۔

۸۔ برج عقرب :۔

سورج اس برج میں ۲۳ اکتوبر سے ۲۲ نومبر کے درمیان گردش کرتا ہے مشتری۔ زحل۔ یورینس [illegible] جون کی گذشتہ [illegible] تقویم مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری : ۷ ۲ اکتوبر ۱۹۲۲ء تا ۲۲ نومبر ۱۹۲۳ء ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۴ء تا ۸

نومبر ۵ ۱۹۳ء ۔ ۷ ستمبر ۱۹۴۳ء تا ۵ نومبر ۷ ۱۹۴ء۔

زحل: ۰ ۲ نومبر ۱۹۲۳ء تا ۶ دسمبر ۱۹۲۶ء ۔ ۲۳ اکتوبر ۱۹۵۳ء تا ۱۲ اکتوبر ۱۹۵۶ء

یورے نس: نیپ چون اس ۵ ۳ سالہ دور میں برج عقرب میں داخل نہیں ہوئے۔

حلیہ :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط موٹا مائل بہ فرازی۔ بال گھنے سخت موٹے کثیر ہوتے ہیں اگر اسکی پیدائش کے وقت سورج برج اسد میں ہو تو بال کم ہوں گے مگر بھورے ملائم۔ گھو نگھر یالے ہوں گے۔ ماتھا ابھرا ہوا ہو گا۔ آنکھ خوبصورت بڑی ہو گی۔ چہرہ گول چوڑا۔ ناک بڑی عقاب کی چونچ کی طرح ہوتی ہے۔

مزاج :۔

لڑاکے کے پکے۔ اپنے ہر عمل کو راز میں رکھتے ہیں۔ انتہائی نقاد اور باخبر۔ معاملہ فہم مردم شناس اور پر کشش ہوتے ہیں۔ اپنا طلسمی اثر دوسروں پر ڈالنے کے ماہر۔

یہ کہنا بجا ہو گا کہ دنیا کی عظیم تر تیں رحمانی ہوں یا شیطانی اکثر اسی برج عقرب سے متعلق ہوتی ہے۔ یہ دار حملہ سختی سے کرتے ہیں یہ دلیر کھلاڑی ہوتے ہیں میدان جنگ میں جم کر مقابلہ کرتے ہیں اور آخر گھڑی تک لڑتے ہیں یہ لوگ تیز فہم نہیں ہوتے ہر کام کے لئے نئی تدابیر اختیار نہیں کر سکتے یہ انکی بہت بڑی کمزوری ہوتی ہے۔ اگر انکو مورچہ بندی کا موقع مل جائے تو انکو اس جگہ سے ہٹانا نا ممکن ہوتا ہے۔ یہ انتہائی لڑاکا غضب ناک سنگین قسم کے ہوتے ہیں اور بے انتہا جابر و ظالم اور دشمن ہوتے ہیں میدان جنگ میں شجاعت اور بہادری کا ثبوت دیتے ہیں بعض حضرات اسی بہادری کی وجہ سے انکو پسند کرتے ہیں۔

انکو زیر کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ان پر سامنے سے حملہ کر کے انکی قلعہ بندی توڑی جائے کہ انکو سر چھپانے کا موقع نہ مل سکے اور انکے جذبہ انتقام کو شدت سے کچل دیا جائے یہی جذبہ انکے اندر روح رواں ہوتا ہے۔ جب تک یہ جذبہ ان میں زندہ رہے گا تو برسر پیکار رہیں گے اسی جذبہ کو کچلنا بہت ضروری ہے۔

اس برج سے انسان کے جسم کے اعضائے تناسل مقعد کو خاص نسبت ہوتی ہے اکثر

صحت اچھی نہیں ہوتی ہے۔ ان میں قوت مدافعت بہت زیادہ ہوتی ہے یہ جوہر انکی فطرت میں بدرجہ اتم ہوتا ہے ان کو یہ امراض ہو سکتے ہیں۔ آتشک۔ سوزاک۔ ہمستریا۔ کوڑھ۔ خون میں خرابی۔ زہرباد۔ سرخ باد وغیرہ۔ انکا بہترین علاج خوراک معتدل۔ میل جول میں میانہ روی اعتدال اور صاف ستھرے لباس کا اکثر استعمال۔

کاروبار :۔

فوج یا پولیس کی ملازمت۔ ڈاکٹر۔ سرجن۔ انجینئر بھی بن سکتے ہیں۔ گوشت کی تجارت منافع بخش رہے گی۔ لوہا۔ پیتل۔ تانبا یا کوئی سی بھی دھات ہو فائدہ مند ہو گی۔ یہ لوگ عقلی علوم کے بھی ماہر۔ روحانی معالج۔ کیمیاگر۔ حیرت انگیز ایجادوں کے ماہر۔ اعلیٰ درجہ کے سراغ رساں بھی ہو سکتے ہیں۔ وہ بہترین سیاستدان بھی ہو سکتے ہیں اپنی مستقل مزاجی کی بدولت اعلیٰ سے اعلیٰ عہدے پر متمکن ہو سکتے ہیں۔

۹۔ برج قوس :۔

سورج اس برج میں ۲۲ نومبر سے ۲۰ دسمبر تک گردش کرتا ہے دوسرے اجرام مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون کی گذشتہ ۵۰ سالہ کی تقویم مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری : ۲۵ نومبر ۱۹۲۳ء تا ۱۷ دسمبر ۱۹۲۴ء۔ ۹ نومبر ۱۹۳۵ء تا ۲ دسمبر ۱۹۳۲ء۔ ۱۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء تا ۱۶ نومبر ۱۹۴۸ء۔

زحل : ۲ دسمبر ۱۹۲۶ء تا ۱۳ مارچ ۱۹۲۹ء۔

یورے نس۔ نیپ چون : ۳۵ سالہ دور کے اندر اس برج میں داخل نہیں ہوئے۔

حلیہ :۔

قد لمبا۔ جسم چھریرا۔ چہرہ خوبصورت بیضوی۔ پرکشش آنکھیں۔ رنگ گندمی کھلتا ہوا۔ بال بھورے گھونگھریالے۔ دو دانت سامنے اوپر کے بڑے۔ آنکھوں کا رنگ ازرقی یا شربتی۔ پیشانی بلند اور کشادہ۔

مزاج :۔

خوش مزاج وفادار۔ شریف الطبع۔ آزاد منش۔ چاق چوبند۔ روشن ضمیر۔

فیاض اور سخی ہوتے ہیں۔ انکی طبیعت کا میلان تکمیل کی طرف ہوتا ہے مگر شکست کے خوف کی وجہ سے زبردست مقابلہ کرتے ہیں باشعور بلند خیال حساس ہوتے ہیں۔ دشمن کے حملے کا فوراً اثر قبول کر لیتے ہیں۔ مگر پیچھے نہیں ہٹتے۔ ہمت اور حوصلے سے مقابلہ کرتے ہیں۔ انکو نیچا دکھانے کی صرف یہ ترکیب ہے کہ ان پر شدید حملہ کرو کہ یہ ختم ہو جائیں اگر ختم نہ کر سکو تو ٹھہر ٹھہر کر متواتر حملہ کرتے رہو یہاں تک کہ تم کو فتح نصیب ہو جائے۔

صحت :۔

برج قوس سے انسان کے ان اعضا کا تعلق ہے۔ دونوں رانیں اور کولہے۔ اس برج کے لوگ صحت مند ہوتے ہیں مگر انکو ذہنی کوفت رہتی ہے کام کی کثرت اعصاب پر اثر انداز ہوتی ہے انکو تشنج۔ عرق النساء۔ فالج۔ جیسے امراض لاحق ہو سکتے ہیں۔ انکی صحت کا راز ورزش۔ تازہ ہوا اور سیر و سیاحت میں ہے۔

کاروبار :۔

ان کے لئے بہترین کام فوج کی ملازمت یا نظم و نسق۔ انجینئری۔ سیاست۔ تصنیف۔ پروفیسری۔ وکالت کے پیشہ میں ہے۔ تجارت یہ لوگ نہیں کر سکتے اگر کریں گے تو فیل ہو جاتے ہیں مگر گھوڑوں کی تجارت اور جلد سازی منافع بخش ہوتی ہے۔

۱۰۔ برج جدی :۔

سورج اس برج میں ۲۱ دسمبر سے ۱۹ جنوری تک گردش کرتا ہے گزشتہ ۳۵ سال کی تقویم۔ مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون کی مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری : ۱۸ دسمبر ۱۹۲۳ء تا ۵ جنوری ۱۹۲۶ء ۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۶ء تا ۲۰ دسمبر ۱۹۳۷ء ۔ ۷ نومبر ۱۹۴۸ء تا ۳۰ نومبر ۱۹۴۹ء۔

زحل : ۱۵ مارچ ۱۹۲۹ء تا ۲۳ فروری ۱۹۳۲ء

یورے نس۔ نیپ چون : یہ دونوں اس ۳۵ سال کے اندر برج جدی میں داخل نہیں ہوئے۔

حلیہ :۔

قد درمیانہ۔ جسم دبلا پتلا۔ ہڈی چوڑی جسم میں خشکی ہو گی۔ چہرہ لمبا۔ رخسار کی

بڑی ابھری ہوئی ٹھوڑی ناک لمبی۔ سینہ تنگ کمزور۔ گھٹنے لیڑھے۔

مزاج :-

اس برج میں پیدا ہونے والے خوبصورت اور باعمل انتہائی قوت برداشت کے مالک ہوتے ہیں۔ غضب کے ذہین بہترین سیاست دان دور اندیش اور خلوت پسند ہوتے ہیں۔ اپنے مقاصد کے حصول میں ہر وقت کوشاں اور محتاط اچھے برے کی جلد تمیز کر لیتے ہیں۔ دشمن کو اکسا کر اپنا مقصد حاصل کر لیتے ہیں۔ اکثر خاموش صلح خواہ انتہائی سنجیدہ ہوتے ہیں ان کی کمزوری یہ ہے جب انکو اپنی شکست کا یقین ہو جائے تو اسے غیر معقول گری ہوئی حرکات سرزد ہوتی ہیں۔ اس برج میں پیدا ہونے والوں کو زیر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ان کے صاف ہے خوف ہو کر ان سے نفرت کا اظہار کر دو اور انکے خطرناک ارادوں کو بالکل خاطر میں نہیں لائیں ان سے بالکل نہ ڈریں تو وہ خود بخود تم سے ڈر کر تمہارے قدموں میں آن گریں گے۔

صحت :-

اس برج کا تعلق گھٹنے سے ہے جسم صحت مند ہوتا مگر امراض کو جلد قبول کر لیتا ہے۔ اکثر خواتین کو ہوتا ہے ان میں گھٹنوں کی خارش اور وجع المفاصل جیسے امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔

کاروبار :-

ہر قسم کی تجارت و ملازمت میں کامیاب رہتے ہیں۔

۱۱۔ برج دلو :-

سورج اس برج میں ۲۰ جنوری سے ۱۸ فروری تک گردش کرتا ہے۔ اور دوسرے سیاروں کی تقویم مندرجہ ذیل ہے۔ مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون۔

مشتری : ۶ جنوری ۱۹۲۶ء تا ۱۷ جنوری ۱۹۲۷ء۔ ۲ دسمبر ۱۹۳۷ء تا ۲۰ دسمبر ۱۹۳۸ء۔ ۲۷ دسمبر ۱۹۴۹ء تا ۳ دسمبر ۱۹۵۰ء۔

زحل : ۲۰ فروری ۱۹۳۲ء تا ۲۳ فروری ۱۹۳۵ء

یورے نس۔ نیپ چون : گذشتہ ۳۰ سال کے دوران اس برج میں داخل نہیں ہوئے۔

حلیہ :۔

قد درمیانہ۔ جسم مضبوط۔ گٹھیلا۔ رنگ گندمی کھلتا ہوا۔ بال سیاہی مائل بھورے۔ چہرہ بیضوی۔ آنکھ ازرق یا شربتی۔ پرکشش۔

مزاج :۔

اس برج میں پیدا ہونے والے مستقل مزاج۔ پختہ کار۔ نفاست پسند اور فنون لطیفہ سے دلی لگاؤ رکھتے ہیں۔ ذہین فطین وفادار کریم الطبع ہوتے ہیں۔ انتہائی قوت ارادی کے مالک ہوتے بڑے منصوبوں کو پایۂ تکمیل پہونچانے کے لئے دن رات کوشش کرتے ہیں قدیم روایات کے باغی جدت پسند۔ اور رجعت پسندی کو انسانی کمزوری اور گناہ عظیم جانتے ہیں انتہائی شریف النفس اس حد تک واقع ہوتے ہیں کہ وہ جنگ و جدل کے مقام سے غائب ہو جاتے ہیں یہ ان کی سب سے بڑی کمزوری ہے۔ اگر خدانخواستہ انکو لڑنا ہی پڑ جائے تو انتہائی جم کر لڑتے ہیں کہ انکو مغلوب کرنا دشوار بلکہ ناممکن ہوتا ہے۔ انکو زیر کرنے کیلئے یہ طریقہ ہے کہ انکو آزاد چھوڑ دو کہ وہ خود اپنی باتیں مکمل کر کر سکیں۔ اور ان پر یہ ظاہر نہ ہونے دو کہ تم انکی ان خود قولیوں کو جانتے ہو ان پر اچانک حملہ کر دو انکو سنبھلنے کا موقعہ بھی نہ دو تم کامیاب ہو گے اگر وہ سنبھل گئے تو زیر کرنا مشکل ہو جائے گا۔

صحت :۔

اس برج میں انسان کے ٹخنوں کا اور ناگوں کا تعلق ہے۔ اور دوران خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے امراض بھی ان کو لاحق ہو جاتے ہیں۔ اسکا بہترین علاج کھلی ہوا فطرت کی تر و تازگی اور پر امن زندگی بسر کرنا ہے۔

کاروبار :۔

ریلوے۔ ڈاک خانہ۔ تار گھر۔ برقی کارخانہ جات۔ موسیقی۔ ماہر فلکیات جدید و قدیم اور جدید ادب کی شاعری کا تعلق بھی اس برج سے ہے۔

۱۲۔ برج حوت

سورج اس برج میں ۱۹ فروری سے ۲۰ مارچ تک گردش کرتا ہے۔ نظام شمسی کے

دوسرے سیارہ مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپ چون کی گذشتہ ۵۰ سال کی تقویم مندرجہ ذیل ہے۔

مشتری : ۸ جنوری ۱۹۲۷ء تا ۵ جون ۱۹۲۷ء ۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۳۸ء تا ۱۲ مئی ۱۹۳۹ء ۔ ۱۳ دسمبر ۱۹۵۰ء تا ۲۰ اپریل ۱۹۵۱ء۔

زحل : ۱۴ فروری ۱۹۳۵ء تا ۲۵ اپریل ۱۹۳۷ء۔

یورے نس : ۲۲ جنوری ۱۹۲۰ء تا ۳ مارچ ۱۹۲۷ء۔

نیپ چون : گذشتہ ۵۰ سال کے اندر اس برج میں داخل نہیں ہوا۔

حلیہ :۔

قد درمیانہ۔ جسم پر گوشت۔ گول متول سڈول اعضاء۔ رنگ زیتونی۔ چہرہ چوڑا۔ بال بھورے۔ آنکھ خواب ناک۔ پاؤں کی ساخت میں ضرور کوئی غیر معمولی امر واقع ہوگا۔

مزاج :۔

نظر نا جذباتی [illegible] نہیں ہوں گے۔ شریف الطبع۔ سخی ہر ایک کی دلجوئی کرنے والے۔ انتہائی حساس دوسرے کے خیالات کا [illegible] جلدی حاصل کر لیتے ہیں۔ اگر انکا کسی سے اختلاف ہو تو پر امن طریقہ سے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں مگر اپنی تیاری سے غافل نہیں رہتے۔ انکو مغلوب کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ انکے سامنے سے پسپا ہو جاؤ اور انکو تعاقب کو موقع دو جب تعاقب میں وہ وقفہ کریں اور واپس جانے لگیں تو پلٹ کر ان پر حملہ کر دو اور حملہ انتہائی شدت سے کر کے انکی قوت کو منتشر کر کے مغلوب کر دو۔

صحت :۔

اس برج میں پیدا ہونے والوں کے پاؤں میں کوئی نہ کوئی نقص ضرور ہوتا ہے۔ وہ کجی ہو یا ورم یا کسی چوٹ کی وجہ سے متاثر ہو پاؤں کی وجہ سے جسم کو جو عوارض لاحق ہو سکتے ہیں ان امراض کا تعلق بھی اس برج سے ہے۔

کاروبار :۔

ان کے لئے بحری [illegible] محکموں کی بھرتی [illegible] بہترین [illegible] ناشران کتب۔ لائبریری۔ نرس۔ بحریہ میں ملازمت [illegible] منفعت بخش ہوتا ہے۔

تقویم سیارگان

مشتری

سن سال	برج	ابتدائے دخول	انتہائے خروج
۱۹۵۰ء	دلو	کیم دسمبر ۱۹۴۹ء	۱۲ اپریل ۱۹۵۰ء
"	حوت	۱۷ اپریل ۱۹۵۰ء	۱۴ ستمبر"
"	دلو	۱۴ ستمبر"	۱۳ دسمبر"
"	حوت	۱۳ دسمبر	۲۰ اپریل ۱۹۵۱ء
۱۹۵۱ء	حمل	۲۱ اپریل ۱۹۵۱ء	۲۶ اپریل ۵۲
۱۹۵۲ء	ثور	۲۷ اپریل ۱۹۵۲ء	۱۰ مئی ۵۳
۱۹۵۳ء	جوزا	۱۱ مئی ۵۳	۲۱ مئی ۵۴
۱۹۵۴ء	سرطان	۲۲ مئی ۵۴	۱۰ جون ۵۵
۱۹۵۵ء	اسد	۱۱ جون ۵۵	۲۰ نومبر ۵۵
"	سنبلہ	۲۱ نومبر ۵۵	۱۰ جنوری ۵۶
۱۹۵۶ء	اسد	۱۱ جنوری ۵۶	۵ جولائی ۵۶
"	سنبلہ	۶ جولائی ۵۶	۵ دسمبر ۵۶
"	میزان	۶ دسمبر ۵۶	۵ فروری ۵۷
۱۹۵۷ء	سنبلہ	۶ فروری ۵۷	۵ اگست ۵۷
"	میزان	۶ اگست ۵۷	۱۴ جنوری ۵۸
۱۹۵۸ء	عقرب	۱۵ جنوری ۵۸	۵ مارچ"
"	میزان	۶ مارچ"	۵ ستمبر"
"	عقرب	۶ ستمبر"	۹ فروری ۵۹
۱۹۵۹ء	قوس	۱۰ فروری ۵۹	۲۰ اپریل ۵۹

سن سال	برج	ابتدائے دخول	انتہائے خروج
۱۹۵۹	عقرب	۲۱ اپریل"	۱۵ اکتوبر ۵۹ء
"	قوس	۱۶ اکتوبر "	۲۹ فروری ۶۰ء
۱۹۶۰ء	جدی	یکم مارچ ۶۰	۷ جون"
"	قوس	۸ جون"	۲۱ اکتوبر
"	جدی	۲۲ اکتوبر"	۱۶ مارچ ۶۱"
۱۹۶۱ء	دلو	۱۷ مارچ ۶۱	۱۱ اگست"
"	جدی	۱۲ اگست"	۳۱ اکتوبر"
"	دلو	یکم نومبر"	۲۵ مارچ ۶۲"
۱۹۶۲ء	حوت	۲۶ مارچ ۶۲	۱۴ اپریل ۶۳
۱۹۶۳ء	حمل	۱۵ اپریل ۶۳	۱۹ اپریل ۶۴
۱۹۶۴ء	ثور	۲۰ اپریل ۶۴	۲۰ اپریل ۶۵"
۱۹۶۵ء	جوزا	۲۱ اپریل ۶۵	۲۰ ستمبر"
"	سرطان	۲۱ ستمبر"	۱۵ نومبر"
"	جوزا	۱۶ نومبر"	۵ مئی ۶۶
۱۹۶۶ء	سرطان	۶ مئی ۶۶	۲۷ ستمبر"
"	اسد	۲۸ ستمبر"	۱۲ جنوری ۶۷
۱۹۶۷ء	سرطان	۱۷ جنوری ۶۷ء	۲۳ مئی"
"	اسد	۲۴ مئی"	۱۹ اکتوبر"
"	سنبلہ	۲۰ اکتوبر"	۲۷ فروری ۶۸
۱۹۶۸ء	اسد	۲۸ فروری ۶۸	۱۵ جون"
"	سنبلہ	۱۶ جون"	۱۵ نومبر"

سن سال	برج	ابتدائے دخول	انتہائے خروج
۱۹۶۸ء	میزان	۱۶ نومبر"	۳۰ مارچ ۶۹
۱۹۶۹ء	سنبلہ	۳۱ مارچ ۶۹	۱۵ جولائی"
"	میزان	۱۶ جولائی"	۱۶ دسمبر"
"	عقرب	۱۷ دسمبر"	۳۰ اپریل ۷۰
۱۹۷۰ء	میزان	یکم مئی ۷۰	۱۵ اگست"
"	عقرب	۱۶ اگست"	۱۴ جنوری ۷۱

یورانس

سن سال	برج	ابتدائے دخول	انتہائے خروج
۱۹۳۹ء	سرطان	۱۲ جون ۳۹ء	۱۵ اگست ۱۹۵۵ء
۱۹۵۵ء	اسد	۱۶ اگست ۵۵	۳ فروری ۵۶ء
۱۹۵۶ء	سرطان	۴ فروری ۵۶	۳۱ مئی"
"	اسد	یکم جون"	۳۱ اکتوبر ۶۱ء
۱۹۶۱ء	سنبلہ	یکم نومبر	۱۵ جنوری ۶۲ء
۱۹۶۲ء	اسد	۱۶ جنوری ۶۲	۳۱ جولائی"
"	سنبلہ	یکم اگست"	۲۸ ستمبر ۱۹۶۸ء
۱۹۶۸ء	میزان	۲۹ ستمبر ۶۸	۲۲ مئی ۶۹ء
۱۹۶۹ء	سنبلہ	۲۳ مئی ۶۹	۲۴ جون"
"	میزان	۲۵ جون"	۲۱ نومبر ۷۴ء

نیپچون

سن سال	برج	ابتدائے دخول	انتہائے خروج
۱۹۴۳ء	میزان	۱۴ اگست ۴۳ء	۲۱ دسمبر ۱۹۵۵ء

سن سال	برج	ابتدائے دخول	انتہائے خروج
۱۹۵۶ء	عقرب	یکم جنوری ۵۶	۳۰ اپریل ۵۶
"	میزان	یکم مئی"	۱۵ اکتوبر"
"	عقرب	۱۶ اکتوبر"	۴ جنوری ۱۹۷۰ء

زحل

سن سال	برج	ابتدائے دخول	انتہائے خروج
۱۹۵۰ء	سنبلہ	۳۱ مئی ۱۹۵۰ء	۲۱ نومبر ۱۹۵۰ء
"	میزان	۲۲ نومبر ۵۰	۷ مارچ ۵۱ء
۱۹۵۱ء	سنبلہ	۸ مارچ ۵۱	۱۳ اگست "
"	میزان	۱۴ اگست"	۲۰ اکتوبر ۵۳ء
۱۹۵۳ء	عقرب	۲۱ اکتوبر ۵۳	۱۰ جنوری ۵۶ء
۱۹۵۶ء	قوس	۱۱ جنوری ۵۶"	۲۰ مئی ۵۷
۱۹۵۷ء	عقرب	۲۱ مئی ۵۷	۱۰ اکتوبر ۵۸
۱۹۵۸ء	قوس	۱۱ اکتوبر ۵۸	۱۰ اکتوبر ۵۹
۱۹۵۹ء	جدی	۱۱ اکتوبر ۵۹	۳۰ اپریل ۶۱
۱۹۶۱ء	دلو	یکم مئی ۶۱	۳۱ مئی ۶۱
۱۹۶۱ء	جدی	یکم جون"	۳۱ دسمبر "
۱۹۶۲ء	دلو	یکم جنوری ۶۲	۲۴ مارچ ۶۴
۱۹۶۴ء	حوت	۲۵ مارچ ۶۴	۱۵ ستمبر"
"	دلو	۱۶ ستمبر"	۵ دسمبر"

تعویذات وعملیات پر چند بہترین کتب

کتاب	مصنف	قیمت
شمع شبستان رضا (اردو) اصل ساتوں حصے یکجا	اقبال احمد نوری	225/-
شمع شبستان رضا (عام)	اقبال احمد نوری	120/-
شمعِ رضا	مولوی اوّل	300/-
دعوت موکلات	سید محبوب علی شاہ	60/-
معدن عملیات وسادات	سید محبوب علی شاہ	75/-
سلوک معرفت	سید محبوب علی شاہ	75/-
تسخیرِ جنات	سید محبوب علی شاہ	75/-
لوح سلیمانی	سید محبوب علی شاہ	90/-
تعویذ عالم	مولانا حافظ محمد ممتاز الرحمٰن	90/-
اعجاز سلیمانی	ابن اسلام	90/-
شرح شمس المعارف	شیخ احمد عباس علی بونی	300/-
دل پسند عملیات وتعویذات (سن سولانی)	محمد یٰسین دلپسند	90/-
نمری عادتیں	حکیم محمد مختار ملک	90/-
عملیات تاج خوش خیال		60/-
کلید اسرار		90/-
صراط المستقیم حکمت اعلم	صوفی ابرار اللہ شاہ	120/-
عملیات غفرانی		60/-
عملیات اعجاز یوسفی		60/-
تاریخ ولادت کے مولود پر اثرات	اوّل شاہ	75/-
گنجینہ اسرار عملیات		90/-
استخارہ شیخ محی الدین العربی		60/-
حقیت الفقراء	حضرت سادھو لال حسین	75/-
احسن الاعمال		90/-
کلید جفر	زاہد حسین عابد	90/-
[illegible]	قاضی زاہد حسین عامل	90/-
آفتاب دل	سید [illegible]	90/-
رہنمائے علم الاعداد	[illegible]	120/-